Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ عوام کی بے ساختہ للکار ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ایڈیٹرانچیف: محمد فیصل ندیم

جلد 13 بدھ14دسمبر،2022ء18جمادی الاول 1444ھ، قیمت 20روپے شمارہ 216

ون مین شوکی بجائے پوری ٹیم کوساتھ لے کر چلتاہوں' وزیراعلیٰ پنجاب کی صوبائی وزیر لطیف نذر سے گفتگو

عمران خان کا ساتھ دیا، دے رہے ہیں اور دیتے رہیں گے

وزیراعلیٰ پنجاب

تفصیلات کے مطابق وزیراعلیٰ چودھری پرویز الٰہی سے صوبائی وزیر محمد لطیف نذر کی ملاقات ہوئی جس میں باہمی دلچسپی کے امور،سیاسی صورتحال اور فیصل آباد میں ترقیاتی کاموں پر پیشرفت پر بات چیت کی گئی

(ن) لیگ کے طرح انتقامی سیاست کبھی نہیں کی،عمران خان پاکستان کے مقبول ترین لیڈر ہیں،عمران خان کا ساتھ دیا،دے رہے ہیں اور دیتے رہیں گے،ون مین شوکی بجائے پوری ٹیم کوساتھ لے کر چلتاہوں

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب چودھری پرویز الٰہی نے کہاہے کہ عمران خان کا ساتھ دیا، دے رہے ہیں اور دیتے رہیں گے، ون مین شوکی بجائے پوری ٹیم کوساتھ لے کر چلتا ہوں ۔تفصیلات کے مطابق وزیراعلیٰ چودھری پرویزالٰہی سے صوبائی وزیر محمد لطیف نذر کی ملاقات ہوئی جس میں باہمی دلچسپی کے امور،سیاسی صورتحال اور فیصل آباد میں ترقیاتی کاموں پر پیشرفت پر بات چیت کی گئی،صوبائی وزیر نے وزیراعلیٰ چودھری پرویزالٰہی کو محکمہ معدنیات کی کارکردگی سے آگاہ کیا۔دوران ملاقات وزیراعلیٰ پنجاب نے کہاکہ (ن) لیگ کے طرح انتقامی سیاست کبھی نہیں کی،عمران خان پاکستان کے مقبول ترین لیڈر ہیں،عمران خان کا ساتھ دیا، دے رہے ہیں اور دیتے رہیں گے، ون مین شوکی بجائے پوری ٹیم کوساتھ لے کر چلتا ہوں۔اس موقع پر صوبائی وزیر کا کہنا تھا کہ آپ کا سابقہ دور پنجاب کی تاریخ کا ریکارڈ ڈویلپمنٹ کا دور تھا۔صوبائی وزیر نے وزیراعلیٰ چودھری پرویزالٰہی کو محکمہ معدنیات کی کارکردگی سے آگاہ کیا۔دوران ملاقات وزیراعلیٰ پنجاب نے کہاکہ (ن) لیگ کے طرح انتقامی سیاست کبھی نہیں کی،عمران خان پاکستان کے مقبول ترین لیڈر ہیں،عمران خان کا ساتھ دیا، دے رہے ہیں اور دیتے رہیں گے۔

اب حالات مختلف ہیں، عمران خان کے ساتھ کوئی نہیں، خواجہ سعد رفیق

اس وقت الیکشن کی کوئی ضرورت نہیں، اسمبلیاں بنانا اور توڑنا کھیل ہے کیا؟ انتخابات کرانے کیلئے پیسے چاہئیں

لاہور(این این آئی)وفاقی وزیر ریلوے خواجہ سعد رفیق نے کہاہے کہ میرے خیال میں یہ لوگ فی الحال اسمبلیاں نہیں توڑیں گے،اب حالات مختلف ہیں،عمران خان کے ساتھ کوئی نہیں،اس وقت الیکشن کی کوئی ضرورت نہیں،(بقیہ نمبر 3)

پنجاب اور کے پی اسمبلیاں دسمبر میں ہی توڑیں گے، اسد عمر

8ماہ برباد کرنے کے بعد امپورٹڈ حکومت حیدرآباد سکھر موٹروے پر کام شروع کر رہی ہے

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے مرکزی رہنماوسابق وفاقی وزیراسدعمر نے کہاہے کہ 8ماہ برباد کرنے کے بعد امپورٹڈ حکومت حیدرآباد سکھر موٹروے پر کام شروع کر رہی ہے۔حیدر آباد سکھر (بقیہ نمبر 2)

عمران خان نے 4 سال ملک کیساتھ کھیلا، اب حساب دینا ہوگا، سلیمان شہباز

(ن)لیگ کی ساری قیادت جیل میں قیدرہی،ابھی تک سیاست ہمارے ساتھ ہوئی ہےاب ہم کریں گے

اسلام آباد(این این آئی)وزیراعظم شہباز شریف کے صاحبزادے سلیمان شہباز نے کہاہے کہ عمران خان نے 4 سال ملک کیساتھ کھیلا، حساب دینا ہوگا۔منی لانڈرنگ کیس میں پیشی کے بعد عدالت کے با(بقیہ نمبر 1)

موٹروے کے معیار پر سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا،امید ہے موٹروے اسی معیار کا ہوگا جس طرح پاکستان کے دیگر حصوں میں موٹروے بنے ہیں

وزیراعظم نے ایم 6 حیدرآباد سکھر موٹروے کا سنگ بنیاد رکھ دیا

یہ موٹروے سکھر اور حیدرآباد پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے تحت مکمل کیا جارہا ہے، جو307ارب روپے کی لاگت سے مکمل ہوگا،بلوچستان سے سڑکوں کوملانے پر تیزی سے کام کرنا چاہیے،وزیراعظم کا خطاب

سکھر(این این آئی)وزیراعظم شہبازشریف نے ایم6 حیدرآباد-سکھر موٹروے کا سنگ بنیادرکھ دیااور کہاہے کہ موٹروے کے معیار پر سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا،امید ہے موٹروے اسی معیار کا ہوگا جس طرح پاکستان کے دیگر حصوں میں موٹروے بنے ہیں، یہ موٹروے سکھراور حیدرآباد پبلک پرائیویٹ پارٹنر شپ کے تحت مکمل کیا جارہا ہے، جو 307ارب روپے کی لاگت سے مکمل ہوگا،یہ موٹر وے سکھر اور حیدرآباد پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے تحت مکمل کیا جارہاہے، جو307ارب روپے کی لاگت سے مکمل ہوگا،بلوچستان سے سڑکوں کو ملانے پر تیزی (بقیہ نمبر 7)

سکھروزیراعظم شہبازشریف نے ایم6 حیدرآباد-سکھر موٹروے کا سنگ بنیادرکھ دیا

سابق پرنسپل سیکرٹری فوادحسن فواد نے بریت کی درخواست دائرکردی

لاہور(این این آئی) سابق پرنسپل سیکرٹری فواد حسن فواد نے بریت کی درخواست دائر کردی۔فواد حسن(بقیہ نمبر 6)

وزیراعظم نے سکھر حیدرآباد موٹروے کا سنگ بنیادرکھ دیا

مذکورہ منصوبہ پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے تحت 30ماہ کی قلیل مدت میں مکمل کرلیا جائے گا

سکھر(این این آئی) وزیراعظم میاں محمد شہبازشریف نے306 کلومیٹرطویل سکھر حیدر آبادموٹروےایم6 کاسنگ بنیادرکھ دیا،سکھرحیدر آباد موٹروے پشاو(بقیہ نمبر 5)

عمران خان نے اومنی گروپ کی جانب سے ہرجانے کے نوٹس پر جواب دیدیا

لاہور(این این آئی)چیئرمین تحریک انصاف عمران خان نے اومنی گروپ کی جانب سے ہرجانے کے نوٹس پر جواب دیدیا۔بیرسٹر حسان خان نیاز(بقیہ نمبر 26)

تمام الزامات غلط ثابت،شریف خاندان کرپشن سے پاک قرار،ڈاکٹرمحمداقبال مغل

عمران نیازی اسمبلیاں توڑنے پربھی یوٹرن لیں گے،سینئر رہنماء مسلم لیگ (ن) کی گفتگو

خالق نگر(این این آئی) پاکستان مسلم لیگ ن کے سینئر رہنماء کاہنہ ڈاکٹرمحمداقبال مغل نے کہاہے کہ ڈیلی میل کی طرف سے وزیراعظم شہبازشریف اور انکے خاندان کے خلاف غلط خبریں چلانے پر معافی مانگنا اس بات کا ثبوت ہے کہ شریف خاندان کرپشن سے پاک ہے، انہوں نے کہا کہ عمران نیازی ساڑھے تین سالوں کے دورا(بقیہ نمبر 27)

وزیرداخلہ رانا ثنااللہ کو منشیات مقدمہ کے بعد ایک اور انکوائری میں ریلیف مل گیا

نیب لاہور نے رانا ثنااللہ کیخلاف آمدن سے زائد اثاثوں کی انکوائری بند کردی،نیب ذرائع

جس پرڈی جی نیب لاہورنے رانا ثناءاللہ کے خلاف انکوائری بندکرنے کی حتمی منظوری کے لیے فائل چیئرمین نیب کوبھجوادی ہے

لاہور (این این آئی) وفاقی وزیرداخلہ رانا ثنااللہ کومنشیات مقدمہ کے بعدایک اور انکوائری میں ریلیف مل گیا،قومی احتساب بیورو(نیب) لاہورنے رانا ثنااللہ کے خلاف آمدن سے زائد اثاثوں کی انکوائری بند کردی۔نیب ذرائع کے مطابق رانا ثنااللہ کے خلاف نیب ترمیمی آرڈیننس کے بعد انکوائری جاری نہیں رہ سکتی جبکہ لاہور ہائیکورٹ بھی رانا ثنااللہ کی ضمانت کنفرم کر چکی ہے۔(بقیہ نمبر 8)

لاہور:صوبائی وزیرچوہدری علی افضل ساہی اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

چیئرمین سینیٹ سے قازقستان کی مجلس پارلیمان کے وفد کی ملاقات

پاکستان خطے کا اہم ملک ہے،دوطرفہ تعاون سے رابطوں میں مزید جدت آئیگی،صادق سنجرانی

نومنتخب صدرقازقستان کی رہنمائی میں قازقستان ترقی اور خوشحالی کی نئی بلندیوں کوچھوئے گااور پاک-قازقستان دوستی مزیدمضبوط ہوگی

اسلام آباد(این این آئی) چیئرمین سینیٹ محمد صادق سنجرانی سے قازقستان کی مجلس پارلیمان کے چیئرمین کوشانوف یرلان زاکانووچ اورانکے وفد نے ملاقات کی جس میں دوطرفہ تعلقات سمیت مختلف امور پرتبادلہ خیال کیا گیا۔پارلیمنٹ ہاؤس میں ہونے والی ملاقات میں گفتگو کرتے ہوئے چیئرمین سینٹ نے کہاکہ پاکستان قازقستان کے ساتھ اپنے تعلقات کو بہت(بقیہ نمبر 25)

دوست محمد مزاری سیاسی انتقام کی واضح مثال ہے،نورعالم خان

حکومت ریاستی اداروں کی کردارکشی کرنے والوں کے خلاف آرٹیکل 6 کیوں نہیں لگارہی؟

اسلام آباد(این این آئی)قومی اسمبلی میں اپوزیشن کے رہنما نورعالم خان نے کہاہے کہ حکومت ریاستی اداروں کی کردارکشی کرنے والوں کے خلاف آرٹیکل 6 کیوں نہیں لگارہی؟عمران خان اورٹی ٹی پی میں کیافرق ہے،عمران خان تو گھڑی چورہے جوشخص گھڑی چوری کرسکتا ہے وہ باقی پیسے کیسے چھوڑسکتا ہے،وفاقی حکومت عمران خان کیخلاف کارروائی کیوں نہیں کرتی اگراسکے خلاف رولنگ نہیں دی جاتی توہم اس اسمبلی میں نہیں بیٹھیں گے۔منگل کوقومی اسمبلی میں اظہار خیال کرتے ہوئےنورعالم خان نے کہاکہ بارش کے باعث سیلاب میرے علاقے میں بھی آیا تاہم ہمارے ساتھ صوبائی حکومتیں دشمنی کررہی ہیں۔انہوں نے کہاکہ پنجاب اور کے پی کے کی حکومتیں اپوزیشن کونظرانداز کیا ہے،وہ ہماری زمینوں پر قبضے کررہے ہیں،ہمارے خلاف جعلی مقدمات بنائے جارہے ہیں۔انہوں نے کہاکہ دوست محمد مزاری سیا(بقیہ نمبر 10)

ڈیلی میل کاوزیراعظم شہبازشریف سے مافی مانگناحق سچ کی فتح ہے،چودھری شاہدعلی خان

خالق نگر(این این آئی)پاکستان مسلم لیگ ن یوتھ ونگ لاہورڈویژن کے نائب صدرچودھری شاہدعلی خان نے کہاہے کہ شریف برادران ہرمحاذ پر سرخرو ہورہے ہیں، ڈیلی میل کا وزیراعظم شہبازشریف سے مافی مانگنا حق سچ کی فتح ہے،انہوں نے کہا کہ ہمارے قائدمیاں محمد نوازشریف جلد ہی واپس آئیں گے،ڈیلی میل اخبار کی طرف سے وزیراعظم شہبازشریف پر لگائے گئے الزامات پرمعافی مانگنے پراظہارتشکر کیا ہے اور شریف فیملی (بقیہ نمبر 9)

بڑھتی مہنگائی اورمہنگامٹیریل سرکار کے لیےبھی دردسربن گیا

نہ بڑھائی تو منصوبہ مزید 9ماہ کے لیے تاخیر کا شکارہو جائے گا

مکوآنہ (این این آئی)بڑھتی مہنگائی اور مہنگا مٹیریل سرکار کے لیےبھی دردسر بن گیا،ٹھیکیداروں نے مٹیریل مہنگا ہونے پر پنجاب سٹیز ڈویلپمنٹ پروگرام پر کام کرنے سے ہی انکار کردیا۔اے ڈی بی بینک پنجاب حکومت کوفیصل آباد سمیت بیشتر اضلاع کی ترقی،خوبصورتی اور واٹرسپلائی سمیت سیوریج کے نکاس کے منصوبوں کیلئےآسان شرائط پر قرض دے رہاہے۔

لاہورشہرسے آٹے بلیک کرنے والے کسی رعایت کے مستحق نہیں،مظہرحسین بلوچ

لاہور (این این آئی) سیکرٹری فوڈ محکمہ خوراک پنجاب نادرعلی چٹھہ، ڈائریکٹرفوڈ محکمہ خوراک پنجاب شوزب سعید کی ہدایات پر ڈسٹرکٹ فوڈ کنٹرولر لاہور(ٹو) مظہرحسین بلوچ نے بے ضابطگیوں میں ملوث فلور ملوں کے خلاف کامیاب کارروائیاں کرتے ہوئے تقریباً ستر کے قریب فلور ملوں کے سرکاری گندم کے کوٹے بند کرنے کیساتھ انہیں کروڑوں روپے جرمانے عائد کیے۔(بقیہ نمبر 23)

پچیس ہزارگیس کنکشن دینے کی پالیسی بنائی گئی تھی اس پربھی عمل نہیں کیا جارہاہے،حامدحمید

ہمارے پاس جووسائل ہیں اس کے مطابق گیس فراہم کی جارہی ہے

اسلام آباد(این این آئی) پارلیمانی سیکرٹری برائے پیٹرولیم حامدحمید نے کہاہے کہ پچیس ہزار گیس کنکشن دینے کی پالیسی بنائی گئی تھی اس پر بھی عمل نہیں کیا جارہاہے، ہمارے پاس جووسائل ہیں اس کے مطابق گیس فراہم کی جارہی ہے، عمران نیازی نے نئے کنکشن پر پابندی لگائی تھی، نئے کنکشن کیلئے نئی پالیسی وضع کی جائے گی ۔منگل کوقومی اسمبلی میں کراچی کے حلقہ این اے 249میں گیس کی کمی کے حوالے سے پیپلزپارٹی کے رکن قادرخان مندوخیل کے توجہ دلاؤ نوٹس کا جواب دیتے ہوئے حامدحمید نے کہاکہ پچھلے چار سال سے انفرااسٹرکچر پرکوئی کام نہیں ہو،اسعید آباد میں پائپ لائن پرکام شروع کردیا گیا،بیس کلومیٹرکی پائپ لائن پرکام جلدشروع ہوگا،امید ہےایک سال کےاندراس پائپ لائن پرکام مکمل کریں گے۔انہوں نے کہاکہ،ہمارے پاس جو وسائل ہیں اس کے مطابق گیس فراہم کی جارہی ہے، سابق وزیراعظم(بقیہ نمبر 24)

چین کاپاکستان کے ساتھ گرین پاور کے تجربہ کااشتراک

شنگھائی الیکٹرک کی جانب سے تھرمیں1,320میگاواٹ کامنصوبہ شروع کیا گیاتھا

اسلام آباد(این این آئی)وفاقی وزیرتوانائی خرم دستگیرخان نے کہاہے کہ پاکستان کاتوانائی کا درآمدی بل 27 بلین ڈالرکوچھوگیا، وزیراعظم شہبازشریف نے سستی بجلی پیداکرنے کے لیے مقامی وسائل بشمول ہائیڈل،سولر،ایئراورکوئلے سے فائدہ اٹھانے کی ضرورت پرزوردیا۔انہوں نے بتایاکہ شنگھائی الیکٹرک کی جانب سے تھرمیں 1,320 میگاواٹ کا (بقیہ نمبر 11)

لاہور:ڈی جی ایل ڈی اے عامراحمد خان ونڈو میلہ ورے کے موقع پرشہریوں کے مسائل سن رہے ہیں

حیرت ہے این آر او ٹو سے مستفید ہونے والا سلیمان شہباز بھی بھاشن دے رہا ہے، عمر سرفراز چیمہ

سلیمان شہباز کے والد نے کلین چٹ دلانے کیلئے ڈگی سمیت سب حربے استعمال کئے' مشیرداخلہ واطلاعات

قوم جاگ چکی ہے ،مافیا کے دن گنے جا چکے،عوامی طاقت سے امپورٹڈ ٹولے کو بھگا کر دم لیں گے

لاہور(این این آئی) پنجاب حکومت کے مشیر برائے داخلہ واطلاعات عمرسرفراز چیمہ نے کہاہے کہ حیرت ہے این آر اوٹو سے مستفید ہونے والا سلیمان شہباز بھی بھاشن دے رہا ہے،سلیمان شہباز کے والد نے کلین چٹ دلانے کیلئے ڈگی سمیت سب حربے استعمال کیے،اربوں روپے لوٹنے والے کوجیل میں ہونا چاہیے تھامگر کرپٹ ٹولہ لٹیروں کو پروٹوکول دے رہا ہے۔اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ سرٹیفائیڈ لٹیرے ملک پر قابض ہوگئے ہیں ،شریف فیملی نے معاشرے میں کرپشن اورمنی لانڈرنگ کازہرگھولا،شریف خاندان کی کرپشن کی غضب کہانیاں زبان زدعام ہیں،اسحاق ڈار نے برملا اعتراف کیا کہ وہ شریف خاندان کیلئے منی لانڈرنگ کرتاتھا،شریف خاندان ایون فیلڈ، مےفیئرز کے اربوں روپے کے اثاثوں کے ثبوت آج تک جمع نہیں کرواسکا۔انہوں نے کہاکہ شریف خاندان 1(بقیہ نمبر 12)

پی ڈی ایم اتحاد معاشی بدحالی کی بجائے اسمبلی بچانے کیلئے محنت کررہا ہے، مسرت چیمہ

افسوس ان کی نکمی معاشی ٹیم کے بیرونی دورے کسی کام نہیں آرہے' ترجمان وزیراعلیٰ وپنجاب حکومت

گزشتہ ہفتے میں ہونے والی ریلیوں نے ثابت کیا ہے کہ عوام اس حکومت سے مکمل طورپر ناخوش ہے

لاہور(این این آئی)ترجمان وزیراعلیٰ و پنجاب حکومت مسرت جمشید چیمہ نے کہاہے کہ پی ڈی ایم اتحاد معاشی بدحالی کی بجائے اسمبلی بچانے کیلئے دن رات محنت کررہاہے،افسوس ان کی نکمی معاشی ٹیم کے بیرونی دورے کسی کام نہیں آرہے۔ٹوئٹرپرجاری اپنے بیان میں انہوں نے کہاکہ وزیراعظم اور وزراء کی لائن عوام کوگھڑی گھڑی کی بجائے اپنی کارکردگی کا ثبوت دکھاتے تو اچھاتھا،ہماراواضح مطالبہ ہے کہ فوری الیکشن کا اعلان ہوورنہ ہم پنجاب اور پختونخواہ میں الیکشن کروادیں گے۔انشااللہ پی ڈی ایم جماعتوں سے مستقل طورپر پنجاب اور پختونخواہ کونجات مل جائے گی۔انہوں نے کہاکہ الیکشن کراؤملک بچاؤمہم کے سلسلہ زوروشور سے جاری ہے جس میں عوام اپنی بھرپور شرکت کو یقینی بنارہے ہیں ۔مسرت جمشید چیمہ نے کہاکہ گزشتہ ہفتے میں ہونے والی ریلیوں نے ثابت کیاہے کہ عوام اس حکومت سے مکمل (بقیہ نمبر 22)

تاجکستان کے صدرامام علی رحمان (آج) دوروزہ سرکاری دروہ پرپاکستان پہنچیں گے

اسلام آباد (این این آئی)وزیراعظم محمد شہبازشریف کی دعوت پرتاجکستان کے صدرامام علی رحمان (آج)14دسمبر کوپاکستان کا دوروزہ سرکاری دورہ کریں گے۔ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق دورے کے دوران دونوں فریقین مختلف شعبوں میں دوطرفہ تعاون کومزید مضبوط بنانے پر تبادلہ خیال کریں گے۔ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق کئی دو طرفہ معاہدوں اور مفاہمت کی یادداشتوں پر دستخط(بقیہ نمبر 13)

لاہور:صوبائی وزیرصحت ڈاکٹریاسمین راشداجلاس کی صدارت کررہی ہیں

معاشی ماہرین کے مطابق ہم ٹیکنیکل طورپرڈیفالٹ کرچکے ہیں' حماداظہر

ملک نازک ترین موڑپرپہنچ چکا،الیکشن کے بغیرمعاشی اورسیاسی استحکام نہیں آئے گا

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے مرکزی رہنماوسابق وفاقی وزیرحماد اظہر نے کہاہے کہ معاشی ماہرین کے مطابق ہم ٹیکنیکل طورپرڈیفالٹ کرچکے ہیں۔انہوں نے اپنے ایک بیان میں کہاکہ ملک کومزید معاشی عدم استحکام کی طرف نہ لے جایا جائے،معاشی طورپر ملک نازک ترین موڑپرپہنچ چکاہے، پہلے ایک وزیر خزانہ آیا وہ اپنی(بقیہ نمبر 28)

ملک میں دواں کے بحران کاخدشہ،وزارت صحت نے وزارت خزانہ کوخط لکھ دیا

ادویات کے خام مال کیلئے ایل سیزنہ کھولی گئیں توادویات کے بحران کاخدشہ ہے

اسلام آباد(این این آئی) وفاقی وزارت صحت نے ملک میں دواں کے بحران کے خدشے کے پیش نظر وزارت خزانہ کوخط لکھ دیا۔وزارت صحت کے حکام کے مطابق ادویات کے خام مال کیلئے ایل سیزنہ کھولی گئیں توادویات کے بحران کا خدشہ ہے،ادویہ ساز کمپنیوں کے پاس صرف چند ہفتوں کا خام مال بچاہے۔حکام کی جانب سے بتایا گیا کہ ڈرگ(بقیہ نمبر 14)

لاہور:سینئر صوبائی وزیرمیاں اسلم اقبال90شاہراہ قائداعظم پرمیڈیاکےنمائندوں سے گفتگوکررہے ہیں

گریڈ19اور20 کے پانچ افسران کے تقرروتبادلوں کے احکامات جاری

ڈی آئی جی انویسٹی گیشن مانیٹرنگ،انویسٹی گیشن برانچ پنجاب تعینات کردیا گیا

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت نے گریڈ19اور20 کے پانچ افسران کے تقررو تبادلوں کے احکامات جاری کردیے۔نوٹیفکیشن کے مطابق گریڈ20 کے افسرکمانڈنٹ پولیس ٹریننگ کالج لاہوراحمد جمال الرحمان کوتبدیل کر کے ڈی آ(بقیہ نمبر 17)

پاکستان کے معاشی حالات کوبہتر کرنے کی کوشش کررہے ہیں،مصدق ملک

عمران خان نے ملکی خزانے کو250ملین کاٹیکالگایا،گھڑی کے ہیرے بیچ دیئے گئے

اسلام آباد(این این آئی)مسلم لیگ نواز کے رہنمااوروزیرمملکت پٹرولیم مصدق ملک نے کہاہے کہ پاکستان کے معاشی حالات کوبہتر کرنے کی کوشش کررہے ہیں۔نجی ٹی وی سے گفتگوکرتے ہوئے وزیرمملکت مصدق ملک نے کہاکہ عمران خان کے قول وفعل میں ہمیشہ تضاد رہا، چیئرمین پی ٹی آئی نے ملکی خزانے کو 250ملین کا ٹیکا لگایا (بقیہ نمبر 29)

جواں سالہ ذہنی معذور نوجوان کی خودسوزی کی کوشش

لاہور (این این آئی) گڑھی شاہوریلوے فلیٹس میں جواں سالہ ذہنی معذورنوجوان نے خود سوزی کی کوشش کی ۔ پولیس کے مطابق ذہنی معذور کی شناخت(بقیہ نمبر 15)

توہین الیکشن کمیشن، عمران،اسدعمر،فواد چوہدری کوآئندہ سماعت پرپیش ہونے کی ہدایت

کمیشن آکربھی کہہ دیں کہ یہ نہیں کہنا چاہتے تھے۔وکیل فیصل چوہدری نے جواب دیاکہ آپ کا پیغام پہنچادوں گا

مناسب ہوگاکہ سپریم کورٹ کا فیصلہ آنے دیا جائے، سپریم کورٹ نے ہمارے اعتراضات برقراررکھے ہیں

اسلام آباد (این این آئی)الیکشن کمیشن پاکستان نےتوہین الیکشن کمیشن کیس میں پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین عمران خان،اسدعمر اورفواد چوہدری کوآئندہ سماعت پرپیش ہونے کی ہدایت کردی۔الیکشن کمیشن میں ممبرسندھ نثار درانی کی سربراہی میں 4رکنی بینچ نے عمران خان، اسدعمراورفواد چوہدری کیخلاف توہین الیکشن کمیشن کیس کی سماعت کی۔ممبر سندھ نثار درانی کی سربراہی میں 4رکنی بینچ نے کیس کی سماعت کی، دوران سماعت پی ٹی آئی رہنماؤں کے وکیل فیصل چوہدری نے کہاکہ عمران خان ابھی تک سفر کے قابل نہیں ہوئے،ممبربلوچستان نے کہاکہ عمران خان کامیڈیکل سرٹیفکیٹ کہاں ہے؟ وکیل فیصل چوہدری نے کہاکہ میڈیکل سرٹیفکیٹ بھی پیش کردیں گے،سپریم کورٹ میں الیکشن کمیشن کی اپیل پرتحریری فیصلہ نہیں آیا۔وکیل فیصل چوہدری نے کہاکہ مناسب ہوگا کہ سپریم کورٹ کا فیصلہ آنے دیا جائے، (بقیہ نمبر 16)

لاہور: صوبائی وزیرخرم شہزادورک پولیس افسران وملازمین کے شہداپیکج سے متعلق کمیٹی اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

کابینہ نے وزیراعلیٰ پنجاب کیلئے کرائے پرجہازلینے کی منظوری دیدی

لاہور(این این آئی)محکمہ قانون کی جانب سے گرین سگنل ملنے کے بعد کابینہ نے وزیراعلیٰ پنجاب کیلئے کرائے پرجہازلینے کی منظوری دیدی ۔محکمہ قانون نے وزیراعلیٰ کیلئے طیارے کی خریداری میں تاخیر کے باعث وقتی طورپرکرائے پر جہازلینے کے اجازت دیدی ہے۔نجی ٹی وی کے مطابق محکمہ خزانہ نے کرائے پر جہازلینے کی سمری پر اعتراض عائد کیا تھا۔پنجاب کابینہ نے محکمہ خزانہ کے اعتراض کو دور کرتے ہوئے کرائے پر جہاز (بقیہ نمبر 21)

نوبل انعام یافتہ ملالہ یوسف زئی لاہورپہنچ گئیں

لاہور(این این آئی)نوبل انعام یافتہ ملالہ یوسف زئی 4روزہ دورے پر لاہورپہنچ گئیں ۔ذرائع کے مطابق ملالہ یوسف زئی اپنے والد کے ہمراہ لاہور آ(بقیہ نمبر 20)

موجودہ گھمبیر ملکی صورتحال کا واحدحل میثاق پاکستان ہے،حافظ طاہراشرفی

ارشدشریف شہید کے خون کوذاتی مقاصدکیلئے استعمال کیا جارہاہے،جوزیادتی ہے

اسلام آباد(این این آئی) چیئرمین پاکستان علماءکونسل حافظ طاہرمحموداشرفی نے کہاکہ موجودہ گھمبیرملکی صورتحال کاواحدحل میثاق پاکستان ہے ،ارشدشریف شہید کے خون کوذاتی مقاصدکیلئے استعمال کیا جارہاہے جوزیادتی ہے ،آوآئی سی سیکرٹری جنرل کا(بقیہ نمبر 19)

نیب قانون کے غلط استعمال سے کتنے لوگوں کے کاروبار تباہ ہو چکے ہیں، چیف جسٹس

نیب ترامیم سے فائدہ صرف ترمیم کرنے والوں کوہی ہواہے،نیب ترامیم کوبغیر بحث جلد بازی میں منظور کیا گیا

نیب قانون کے غلط استعمال سے کتنے لوگوں کے کاروبارتباہ ہوچکے ہیں، کرپشن پرکسی صورت معافی نہیں ہونی چاہیے

اسلام آباد (این این آئی) چیف جسٹس پاکستان جسٹس عمرعطابندیال نے کہاہے کہ نیب قانون کے غلط استعمال سے کتنے لوگوں کے کاروبارتباہ ہوچکے ،خ نیب ترامیم سے فائدہ صرف ترمیم کرنے والوں کو ہی ہواہے۔سپریم کورٹ میں نیب ترامیم کے خلاف عمران خان کی درخواست پرسماعت ہوئی جس میں چیئرمین پی ٹی آئی کے وکیل خواجہ حارث نے دلائل دیتے ہوئے کہاکہ اگرایگزیکٹواپنا کام نہ کرے تو لوگ عدالتوں کے پاس ہی آتے ہیں۔دوران سماعت جسٹس عمرعطابندیال نے کہاکہ نیب ترامیم اس اسمبلی نے کیں جومکمل ہی نہیں،اس نکتے پرکوئی قانون نہیں ملاکہ نامکمل اسمبلی قانون سازی کرسکتی ہے یانہیں، سیاسی حکمت عملی کے باعث آدھی سے زیادہ اسمبلی نے بائیکاٹ کررکھا ہے۔جسٹس اعجازالاحسن نے ریمارکس دیئے کہ نیب ترامیم سے فائدہ صرف ترمیم کرنے والوں کو ہی ہوا ہے، چند افر(بقیہ نمبر 18)

روزنامہ عوامی للکار Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوام کی بے ساختہ للکار

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

بھارت کی درندگی اور عالمی بے حسی

بھارت میں گزشتہ کئی عشروں سے سیاسی رہنماو?ں کا مائنڈ سیٹ انسانیت سے حیوانیت کی طرف تیزی سے مائل ہوتا جارہا ہے، خاص طور پر حکمراں سیاسی جماعت بی جے پی کی سوچ متشدد ہورہی ہے جس کے لیڈر نے آر ایس ایس جیسی شدت پسند تنظیم میں لڑکپن میں ہی شمولیت اختیار کی۔ یہ سمجھنا بھی دلچسپی سے خالی نہ ہوگا کہ نریندر مودی کس ذہنیت کے ساتھ پروان چڑھے اور پوری دنیا اس پر وقتاً فوقتاً گفتگو کرتی آئی ہے کہ لوگوں کو کس مائنڈ سیٹ کے تحت راغب کیا جاتا ہے اور بربریت برپا کرنے کیلئے استعمال کیا جاتا ہے۔ اقلیتوں کے علاوہ بھارت میں دلت برادری جسے وہاں نچلی ذات سمجھا جاتا ہے اور ان کے ساتھ جو سلوک روا رکھا جاتا ہے وہ بین الاقوامی قوانین اور مذہبی آزادی کے امریکی قانون کے بھی خلاف ہے۔ امریکی مذہبی آزادی کی ایک رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ جو کوئی بھی مذہبی آزادی کے حق کو پامال کرے گا، امریکا اس ملک پر پابندیاں عائد کرنے کا حق رکھتا ہے۔ مذہبی آزادی بین الاقوامی قوانین میں شامل ہے اور عدم برداشت، تعصب، امتیاز اور دیگر ناپسندیدہ رویئے بھی انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزی ہیں۔ اس ضمن میں تقریباً 4 سے زائد بین الاقوامی معاہدے موجود ہیں اور بھارت تمام تر بین الاقوامی قوانین کی دھجیاں اڑا رہا ہے۔ تکلیف دہ حقیقت یہ بھی ہے کہ بھارت کی جانب سے انسانی حقوق کی خلاف ورزیاں کرنے پر عالمی برادری نے آنکھیں موند رکھی ہیں، بھارت میں مسلمانوں اور دلت ہندوو?ں کے علاوہ دیگر اقلیتوں پر بھی تشدد کا بازار گرم ہے۔ مقبوضہ جموں و کشمیر پر بھارت نے غاصبانہ قبضہ کر رکھا ہے۔ ایک طرف تو بھارت یہ دعویٰ کرتا ہے کہ ہم دنیا کی سب سے بڑی جمہوریت اور جدید عالمی قوانین پر عمل کرنے والا ملک ہیں اور دوسری جانب ہزاروں سال قدیم نسلی امتیاز، تعصب اور تشدد کا رویہ جاری وساری رکھا ہے۔ ہندو برادری میں صدیوں پرانا نسلی تعصب اور ذات پات کا تعصب آج کی جدید دنیا میں بھی برتا جاتا ہے اور بی جے پی حکومت اسے فروغ دے رہی ہے اور یہ تشدد پسند رویہ بھارت میں امن وامان کے مسائل کو بڑھاوا دیتا جارہا ہے۔ بھارت میں انسانی وقار اور عزت واحترام کو بھی پامال کیا جارہا ہے۔ امریکی قانون کے مطابق اگر کسی ملک پر انفرادی پابندی عائد کرنے سے بنیادی انسانی حقوق کا مسئلہ حل نہ ہو تو اقوام متحدہ میں بھی یہ معاملہ اٹھایا جاسکتا ہے تاہم بین الاقوامی سیاسی حکمت عملی کے تحت اور سیاسی فائدے کے لیے یہ معاملہ زیادہ شدت سے اجاگر نہیں کیا گیا۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ جنوبی ایشیا کے خطے میں امریکا کے اپنے مفادات ہیں جس کی وجہ سے اسے بھارت میں انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں پر منہ موڑنا پڑتا ہے۔ امریکیوں کا فرمانا ہے کہ وہ انسانی حقوق کی خلاف ورزیاں، ذات پات کا نظام اور تشدد برداشت نہیں کریں گے لیکن وہ اپنے مفادات کے تحفظ کے تحت ایسا کرتے جارہے ہیں انسانی حقوق کمیشن نے بھی اپنی رپورٹس میں بھارت اور مقبوضہ کشمیر میں جاری مظالم سے پردہ اٹھایا تاہم امریکیوں کو خطے میں اپنے مفادات زیادہ مقدم ہیں اور انسانی حقوق یا قوانین کی خلاف ورزیوں کی اہمیت مدہم پڑ جاتی ہے۔ جب تک بھارت پر مختلف ممالک کی جانب سے دباو? نہیں ڈالا جاتا، تب تک افسوسناک طور پر کہنا پڑتا ہے کہ مقبوضہ کشمیر اور خود بھارت میں متشدد رویہ اور انسانی حقوق کی خلاف ورزیاں جاری وساری رہتی نظر آرہی ہیں۔ بھارتی فوج مقبوضہ جموں وکشمیر میں جنسی استحصال اور زیادتی کو ہتھیار کے طور پر استعمال کر رہی ہے اور انسانی حقوق کی ان سنگین خلاف ورزیوں کا ذکر بین الاقوامی اداروں کی رپورٹس میں مل جاتا ہے۔ بین الاقوامی قانون یہ کہتا ہے کہ بھارت کو اقوام متحدہ کے انسانی حقوق کمیشن کو مقبوضہ جموں وکشمیر جانے کی اجازت دینی چاہئے تاہم انہیں تاحال اس امر کی اجازت نہیں دی گئی۔ افغانستان میں انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں پر اقوام متحدہ کی سکیورٹی کونسل میں جو قرارداد منظور ہوئی، اس کے نکات بھی مدنظر رکھے جائیں اور ان کا اطلاق اگر بھارت پر کیا جائے تو تمام تر صورتحال واضح ہوجاتی ہے کہ کس طرح خطے میں مفادات کو انسانی حقوق کی فراہمی پر ترجیح دی جارہی ہے۔

انگلستان اور کشمیری تارکین وطن کمیونٹی

محمود خان

جزیرہ برطانیہ، اپنے شمالی سمندر اور انگلش چینلز کے توسط سے یورپ سے منسلک ہے. انگلینڈ، ویلز، سکاٹ لینڈ اور شمالی آئرلینڈ متحدہ مملکت برطانیہ کا حصہ ہیں. جبکہ گریٹ بریطانیہ میں آئرلینڈ اسکا حصہ نہیں ہے. لوگ یو کے اور گریٹ بریٹن کے فرق کو نہیں سمجھتے . لہذا اسے سمجھنا ضروری ہے. سلطنت برطانیہ یکم مئی 1707 کو انگلینڈ اور سکاٹ لینڈ کے اشتراک سے معرض وجود میں آئی. گوکہ آئرلینڈ بارھویں صدی سے انگلینڈ کی کالونی تھی. لیکن یہ بھی 1801 میں قانونی طور پر عظیم مملکت برطانیہ کا حصہ بن گئی. بعد میں ماسوائے اسکی چھ کاؤنٹیز کے سارے آئرلینڈ نے 1921 میں اس اشتراک سے علیحدگی اختیار کرلی. اور ریپبلک آف آئرلینڈ کہلائے جانے لگی. اپنے عروج کے دور میں برطانوی ایسٹ انڈیا کمپنی تجارتی مقصد کے لئے 24 اگست 1608 سورت کے مقام پر لنگر انداز ہوئی. یہی تجارتی کمپنی بعد میں اپنے آنے والے وقتوں میں انڈیا کیلئے ایک عظیم چیلنج بن گئی جس سے چھٹکارا حاصل کرنا اہل انڈیا کیلئے بہت مشکل امر بن گیا. اس وقت یہ خطہ دنیا کا ایک عظیم سرخیز حصہ تھا. برطانیہ اس خطے میں 1757 سے لیکر 1947 تک قابض رہا. لیکن دوسری جنگ عظیم کے بعد اپنے عروج کو قائم نہ رکھ سکا اور اپنی اکثر کالونیوں کو آزادی دینے پر مجبور ہوگیا جس میں انڈیا بھی شامل تھا. 14 اگست 1947 کو پاکستان معرض وجود میں آیا . دوسری جنگ عظیم کی تباہ کاریاں اور مزدوروں کی کمی برطانیہ کو درپیش مسائل تھے جنکی وجہ سے یہ سلطنت اپنی دگرگوں حال معیشت کو سہارا دینے کیلئے مزدور اس کمی کو پورا کرنے کے لئے کشمیری بالخصوص میرپور کے لوگ ٹیکسٹائل اور کاروں کی صنعتوں لنکاشائر، یارکشائر، مڈلینڈ اور مانچسٹر کے علاقوں میں برطانیہ کے مددگار ثابت ہوئے۔ گوکہ خطہ کشمیر کے لوگ اس سے قبل ہی 1900 میں ہی جہازوں پر کام کرتے ہوئے برطانیہ میں وارد ہوچکے تھے. ان دنوں کسی جگہ بھی کام آسانی سے دستیاب ہوجاتا تھا. تارکین وطن کی آمدورفت میں تیزی اس وقت دیکھنے میں آئی جب 1966 میں منگلا ڈیم کی تعمیر مکمل ہوئی اور تمام علاقے زیرآب آگئے. بعد میں تارکین وطن اپنے خاندان اور بچوں کو بھی اپنے پاس برطانیہ لے آئے اور اسی کے ساتھ انکے خاندانی نظام معاشرت کا آغاز ہوگیا. پہلے تارکین وطن صرف محدود علاقوں جوکہ انکے کام کاج والی صنعتوں کے پاس تھے، میں آباد ہوئے کیونکہ معاش اور پاکستان میں اپنے خاندانوں کی کفالت انکا بنیادی عنصر تھا . لیکن اپنے اہل وعیال کے آجانے، اور روزگار کے سمٹتے مواقع نے انہیں پھر انگلستان کے دوسرے شہروں کا رخ اختیار کرنے پر مجبور کردیا. اب کشمیری تارکین وطن کمیونٹی کی مجودگی برطانیہ کبھر شہروگاؤں میں نظرآتی ہے. جن میں قابل ذکر علاقے لندن اور اسکے مضافات، لیوٹن، برمنگھم، بریڈفورڈ، لیڈز، ناٹنگھم، بلیک برن، ڈیوزبری، برنلے، ویکفیلڈ، مانچسٹر، راچڈیل، ہالیفیکس، اولڈھم، اور دوسرے کئی چھوٹے بڑے شہر شامل ہیں۔

ساتواں جشنِ ریختہ دلی

ساتویں جشن ریختہ کی سہ روزہ تقریبات -- دسمبر کو میجر دھیان چند نیشنل اسٹیڈیم، دلی میں منعقد کی گئیں۔ جشن کا افتتاح دسمبر کو معروف اور مقبول نغمہ نگار جناب جاوید اختر نے کیا۔ افتتاح کے بعد جشن کی تقریبات کا آغاز معروف صوفی موسیقی کار اور غزل گائک ہری ہرن صاحب کی پیشکش سے ہوا۔ جشن میں ہر بار کی طرح اس بار بھی ادب، فلم، تھیٹر اور آرٹ کی دنیا سے اہم ترین شخصیات نے شرکت کی، جن میں خاص طور پر معروف فکشن نویس عبدالصمد، خالد جاوید، صحافی ظفر آغا، قاضی جمال حسین، احمد محفوظ، ہربنس کھیا، معین الدین جینا بڑے، جاوید اختر، شبانہ اعظمی، ڈاکٹر اعظم، انیس اشفاق، شافع قدوائی، کمار وشواس، اسلم صابری، نصرالدین شاہ، رتنا پاٹھک، رچا شرما، قابل ذکر ہیں۔ خواتین فن کاروں کی بھرپور نمائندگی کے لیے خواتین کا مشاعرہ جشن ریختہ کی تقریبات کا اہم حصہ رہا اردو تہذیب کے مختلف رنگوں اور ذائقوں کو نمایاں کرنے کے لیے اردو بازار بھی جشن کی ایک خاص پیشکش میں شامل رہی۔ ایوان ذائقہ کھان پان کے شوقین لوگوں کے لئے ایک مخصوص مقام کا اہتمام کیا گیا، جس میں کشمیری، حیدرآبادی، لکھنوی اور پرانی دلی کے پکوانوں کی بہار رہی۔ جشن ریختہ میں داخلہ مفت رہا جس کے لیے صرف رجسٹریشن لازمی تھی۔ جو جشن ریختہ ویب سائٹ یا تقریب کے مقام پر رجسٹریشن فارم سے شامل کی گئی۔ کرونا جیسی مہلک وبا کی وجہ سے تقریبا سال بعد یہ جشن دوبارہ بڑے اور دلکش انداز میں منعقد کیا گیا۔ ساتویں جشن ریختہ کی سہ روزہ تقریبات کا آغاز دسمبر سے دلی کے میجر دھیان چند نیشنل اسٹیڈیم سے ہوا۔ جشن ریختہ اپنی گزشتہ چھ تقریبات کی غیر معمولی کامیابی کے سبب دنیا بھر میں اردو زبان و تہذیب کے سب سے بڑے جشن کے طور پر جانا جاتا ہے۔ اس بار پھر سال کے اختتام پر یہ جشن دلی اور باہر کے لوگوں کے لیے اردو زبان، ادب اور تہذیب کو قریب سے جاننے اور اس کے مختلف ذائقوں کو محسوس کرنے کا ذریعہ بنا۔ دسمبر شام چھ بجے معروف نغمہ نگار و سکرین رائٹر جناب جاوید اختر نے جشن کا افتتاح کیا۔ اس کے بعد مقبول غزل گائک جناب ہری ہرن صاحب نے اپنی غزلوں سے محفل کو رونق بخشی۔ اور دسمبر کو ادبی مذاکرے، داستان گوئی، مشاعرہ، داستان امام ہند، قوالی، غزل سرائی، نوجوان شاعروں کی محفل، خواتین کا مشاعرہ اور بہت سی دلچسپ تقریبات کے ذریعے اردو زبان اور اس کے تہذیبی رنگوں کو پیش کرنے کی کوشش کی گئی۔ جشن میں ہر بار کی طرح اس بار بھی ادب، فلم، تھیٹر اور آرٹ کی دنیا سے اہم ترین شخصیات شامل رہیں، جن میں خاص طور پر معروف فکشن عبدالصمد، خالد جاوید، صحافی ظفر آغا، قاضی جمال حسین، احمد محفوظ، ہربنس کھیا، معین الدین جینا بڑے، جاوید اختر، شبانہ اعظمی، ڈاکٹر اعظم، انیس اشفاق، شافع قدوائی، کمار وشواس، صوفی قوال اسلم صابری، نصرالدین شاہ، رتنا پاٹھک، رچا شرما، قابل ذکر ہیں۔ جشن میں ہر سال کی طرح اس سال بھی چار اسٹیج تھے اور چاروں پر ایک ساتھ الگ الگ رنگ اور ذائقے بھرے پروگراموں کا اہتمام کیا گیا۔ تاریخ کو بزم خیال یعنی آڈیٹوریم میں اردو سے محبت کرنے والوں کے لیے ممتاز فکشن نویس عبدالصمد اور ذکیہ مشہدی کو سننا ایک یادگار تجربہ تھا۔ اس کے بعد قاضی جمال حسین و فرحت احساس صاحب داغ دہلوی کی زندگی اور ان کے عشق پر بات کی گئی۔ ہر شخص غالب کو اپنے طریقے سے دیکھتا، سمجھتا اور اس کا مرید ہوتا ہو چھتے ہیں وہ کہ غالب کون ہے کے عنوان سے غالب کی شاعری اور ان سے جڑے قصوں پر مشہور نغمہ نگار جاوید اختر پرویز عالم کے ساتھ گفتگو کی گئی۔ اسی دن صوفی قوال اسلم صابری اپنی گائکی سے شمع باندھی۔ فلمی گیتوں کی طلسم کاری سیشن میں سکھر روی جانی اور سلپا راجیسے فن کاروں نے فلمی موسیقی میں اردو زبان اور ڈکسن پر گفتگو کی۔ جشن کا اختتام رس برسے کے تحت رچا شرما کیدل کش صوفی کلام سے ہوا۔ اردو تہذیب اور کلچر کی نمائندگی کے لیے اردو بازار کا بھی اہتمام کیا گیا، جس میں اردو تہذیب کی یادگاروں کو نمائش اور خرید وفروخت کے لیے پیش کیا گیا۔ کھان پان کے شوقین لوگوں کے لیے ایک فوڈ کورٹ بھی لگایا گیا جس میں کشمیری، حیدرآبادی، لکھنوی اور پرانی دلی کے پکوانوں کی بہار رہی۔ جشن ریختہ کے موقعے پر ریختہ فاؤنڈیشن کے بانی سنجیو صراف کا کہنا ہے کہ ہماری کوشش ہر ممکن ذریعے سے اردو زبان و تہذیب کو فروغ دینا ہے۔ ریختہ ویب سائٹ کے ساتھ جشن ریختہ کی تقریبات بھی ہماری انہیں کوششوں کا حصہ ہیں۔ گزشتہ چھ برسوں میں جشن ریختہ کو ملی بے پناہ کامیابی اور ہر طبقے و عمر کے لوگوں میں اس کی مقبولیت نے ہمارے ارادوں کو مضبوط کیا ہے۔ اس سال بھی ہم نے پوری توانائی کے ساتھ اس جشن کا انعقاد کیا ہے۔ ہمیں یقین ہے کہ ہر سال کی طرح اس سال بھی یہ جشن اردو کی مٹھاس اور اس کی تہذیب میں پوشیدہ یگانگت کے پیغام کو دور تک لے کر جائے گا۔ جشن ریختہ کے موقع پر امریکہ، کینیڈا، یورپ اور پاکستان سمیت ادبی وسماجی تنظیموں کے رہنماں نے خصوصی مبارکباد پیش کی جن میں امریکن پروفیسر ڈاکٹر ٹونی جاوید، کینیڈا سے ڈاکٹر شاہینہ کشور، یورپ سے ڈاکٹر نورین اکرم راٹھور، اور ایشیا سے ڈاکٹر شہباز مزمل، پروفیسر فرخندہ شمیم، سید قمر عباس ہمدانی، رشید احمد نعیم، نمرہ ملک، ڈاکٹر صائمہ جبین مہک، ڈاکٹر مدیحہ بتول، ڈاکٹر نثار رشید، ڈاکٹر اسکندر مرتضی اور ڈاکٹر کرن اشرف کے نام قابل ذکر ہیں۔ یاد رہے کہ ریختہ کی ویب سائیٹ اردو ادب کا ایک مستند خزانہ ہے جہاں پر ادب کی مثالی تاریخ اپنی جاودانی ساخت کے ساتھ موجود ہے۔ تاریخ میں جب بھی برصغیر میں اردو ادب کا تذکرہ ملتا ہے تو پاک وہند جسم وروح کی طرح آپس میں جڑے ہوئے ملتے ہیں جہاں کی سرزمین پر جنم لینے والی ادبی شخصیات نے اپنے جگر کا خون دے کر اردو زبان وتہذیب کی آبیاری کی اور اسے ادب کی تاریخ میں دنیا کی بڑی زبانوں میں اہم مقام کا درجہ دیا۔


کھلی بات
پروفیسر ڈاکٹر صائمہ جبین مہک
jdrsaaima@gmail.com

تجربہ کاروں کی پنجاب میں نئی سیاسی چال

روداد خیال
صفدر علی خاں
safdarkhan92@hotmail.com

پاکستان میں معاشی ابتری پر قابو پانے کی سرتوڑ کوششوں کے باوجود تاحال عوام کے حقیقی ریلیف کی کوئی بہترین صورت سامنے نہیں آرہی، ہوشربا مہنگائی پر کنٹرول کرنے کے بیشتر دعوے پانی کے بلبلے کی سی حیثیت رکھتے ہیں کیونکہ وسائل کی کمی اور معاشی نظم ونسق کے بگاڑ سے کہیں کوئی اچھا کام ہوتا بھی ہے تو اس سے کہیں زیادہ مسائل اس کام کا کریڈٹ غارت کردیتے ہیں، سیلاب کی تباہ کاریوں کے مابعد اثرات نے بھی سردیوں کے بڑھنے پر اپنا اصل رنگ دکھانا شروع کردیا ہے، اس وقت قوم کو یکجا ہوکر قومی مفاد کے لیے ایک صفحے پر آنے کی اشد ضرورت ہے، ماضی میں ملک اس نہج پر کبھی نہیں پہنچا، آج مسائل کو مزید گھمبیر بنانے کی نئی روایت بھی سیاست دانوں کے طرز سیاست نے پیدا کردی ہے، حکومت کے لئے بیک وقت اندرونی و بیرونی دشمنوں سے نبردآزما ہونے کے سبب بہت زیادہ مشکلات کا سامنا ہے، سیاست میں مقدم کیا ہے اس کے بارے میں حالات کھل کرعوام کے سامنے آچکے ہیں، اب قومی مفاد کی جگہ اقتدار کے حصول نے لے لی ہے، قومی سطح کے سیاستدانوں کی سوچ کا محوراقتدار کا حصول ہے، اس کے لئے ہرحربہ استعمال کیا جانے لگا ہے، قومی املاک اور قومی دولت کو نقصان پہنچانے سے بھی گریز نہیں کیا جاتا، سابق وزیراعظم عمران خان نے اپنے چارسالہ اقتدار کے جوبن پر اپنی ناتجربہ کاری کا اعلان کرتے ہوئے ملکی مسائل حل کرنے کی بجائے الٹا بگاڑ کی صورت پیدا کرلی تو آگے چل کر مقتدر قوتوں کو بھی اس کا شدت سے احساس ہوا، حالات بہتر بنانے کی خاطر سیاستدانوں کو ایک صفحے پر آنا چاہئے تھا مگر اس کی اقتدار پرستوں نے ضرورت محسوس نہ کی اور خرابی بڑھتی چلی گئی، ہوشربا مہنگائی سے عوام کی اعلانیہ چیخیں نکلوانے کا سلسلہ جاری رکھا گیا تو حالات نے کروٹ لی، پی ٹی آئی کے طاقتور حامی بھیتو ٹرلہو گئے، پارلیمنٹ کے تجربہ کار سیاستدانوں نے بساط پلٹ کررکھدی اور اس صدمے سے تاحال کپتان باہرنہیں آسکے، خود بہت بڑے کھلاڑی ہونے کے باوجود اپنی شکست فاش کو کسی غیبی طاقت کی کارستانی قرار دینے پر بضد رہے، چند ووٹوں کی لولی لنگڑی حکومت کے ختم ہونے پر واویلا شروع کردیا، کئی بیانیوں پر ڈٹ کر یوٹرن لینے کا سلسلہ شروع کیا گیا، اپنی حکومت کے خاتمے کو غیرملکی سازش کا شاخسانہ قرار دینے کے طویل بیانیہ سے بھی اب تو تائب ہوکر یوٹرن لے چکے، عام انتخابات اگرچہ سر پر آچکے ہیں پھر بھی قبل ازوقت الیکشن کا مطالبہ سمجھ سے بالاتر ہے جس کے لئے ایک نئی چال چلنے کا اعلان ہوا کہ خیبرپختونخوا اور پنجاب کی اسمبلیوں کو تحلیل کرکے سیاسی بحران کے نتیجے میں فوری الیکشن کی راہ ہموار کریں گے، اسمبلیاں توڑنے کے اعلان کے بعد سے اب تک آبادی کے لحاظ سے پاکستان کے سب سے بڑے صوبے پنجاب میں چودھری پرویزالٰہی شائد انکی راہ میں سب سے بڑی رکاوٹ بن چکے ہیں، زبانی کلامی تو انہوں نے عمران خان کی ہاں میں ہاں ملائی تھی مگر اب خود چیئرمین تحریک انصاف اس بات کا برملا اعتراف کررہے ہیں کہ چودھری پرویزالٰہی پنجاب حکومت چلانا چاہتے ہیں، ق لیگ کے ساتھ پی ڈی ایم کی مخلوط وفاقی حکومت بھی اب رابطے تیز کرچکی، پرویز الٰہی نے نہایت مہارت کیساتھ پی ٹی آئی کے ارکان پنجاب اسمبلی کو ہم خیال بنالیا ہے، صوبے میں تعمیروترقی کا تیزرفتار جال بچھانے سے ترقیاتی فنڈز ایم پی ایز کو تفویض کرچکے ہیں، صوبے کے ترقیاتی کاموں کیلئے 726 ارب روپے کے فنڈز میں سے 196 ارب روپے کے ریکارڈ فنڈ کا استعمال حکومت پنجاب کا اعزاز قرار دیا جارہا ہے۔ جنوبی پنجاب کے عوام کی ترقی کیلئے 255 ارب روپے مختص ہوئے اور اب 600 ارب روپے سے زیادہ فنڈز کے استعمال کا واضح امکان نظر آرہا ہے تو پھر پی ٹی آئی کے ایم پی ایز کیوں اسمبلی توڑنے والے بیانیہ کا ساتھ دیں گے؟ عمران خان نے پنجاب میں وزارت اعلیٰ کا منصب مجبوری میں پرویزالٰہی کے حوالے کیا اور مستقبل کے حوالے سے بھی وہ یہ واضح طور پر کہہ رہے ہیں کہ آئندہ انتخابات کے بعد پرویزالٰہی کو وزیراعلیٰ بنانے کی کوئی بات نہیں ہوئی، دوسرا ذرائع یہ بھی بتاتے ہیں کہ عمران خان اب پرویز الٰہی کو وزیراعلیٰ پنجاب بنوا کر پچھتا رہے ہیں اور تلملا رہے ہیں کیونکہ چودھری پرویزالٰہی نے انتہائی سمجھ داری، دوراندیشی اور معاملہ فہمی کا بھرپور مظاہرہ کرتے ہوئے زبان سے حکومت ختم کرنے کے حوالے سے انکار نہیں کیا اور ہاتھ سے پنجاب حکومت کے نکلنے کا امکان ہی نہیں چھوڑا، چودھریوں کی خاندانی روایات میں اقتدار کی دراڑ بھی شائد وقتی ثابت ہوئی کیونکہ چودھری شجاعت اور پرویز الٰہی کے رابطے بحال ہونے کی خبریں قومی اخبارات کی شہہ سرخیوں میں دیکھی جارہی ہیں، دوسری طرف ن لیگ کے مشروط طور پر پرویزالٰہی کو وزیراعلیٰ پنجاب قبول کرنے کی اطلاعات بھی ہیں۔ اس حوالے سے سیاست کے ایک سینئر کھلاڑی آصف علی زرداری پنجاب میں نئی بساط بچھا چکے ہیں، اس کے باوجود عمران خان پنجاب اور خیبرپختونخوا اسمبلیاں رواں ماہ ہی توڑنے پر بضد نظر آتے ہیں، اسی تناظر میں خیبرپختونخوا اسمبلی کے ارکان اپنی اسمبلی کی تحلیل کو پہلے پنجاب اسمبلی تحلیل کرنے سے مشروط قرار دے رہے ہیں، ان حالات میں قومی مفاد کا تقاضہ تو یہی ہے کہ تمام سیاستدان ملکی معیشت کو استحکام دینے کے لیے تمام اختلافات کو بھلا کر ایک صفحے پر آکر سوچیں، ورنہ ملکی معیشت کے مزید بگاڑ سے سیاستدانوں کی خواہشوں کے جنازے ہی نکلیں گے۔

سیاست میں مقدم کیا ہے اس کے بارے میں حالات کھل کرعوام کے سامنے آچکے ہیں، اب قومی مفاد کی جگہ اقتدار کے حصول نے لے لی ہے، قومی سطح کے سیاستدانوں کی سوچ کا محوراقتدار کا حصول ہے، اس کے لئے ہرحربہ استعمال کیا جانے لگا ہے، قومی املاک اور قومی دولت کو نقصان پہنچانے سے بھی گریز نہیں کیا جاتا، سابق وزیراعظم عمران خان نے اپنے چارسالہ اقتدار کے جوبن پر اپنی ناتجربہ کاری کا اعلان کرتے ہوئے ملکی مسائل حل کرنے کی بجائے الٹا بگاڑ کی صورت پیدا کرلی تو آگے چل کر مقتدر قوتوں کو بھی اس کا شدت سے احساس ہوا، حالات بہتر بنانے کی خاطر سیاستدانوں کو ایک صفحے پر آنا چاہئے تھا مگر اس کی اقتدار پرستوں نے ضرورت محسوس نہ کی اور خرابی بڑھتی چلی گئی، ہوشربا مہنگائی سے عوام کی اعلانیہ چیخیں نکلوانے کا سلسلہ جاری رکھا گیا تو حالات نے کروٹ لی، پی ٹی آئی کے طاقتور حامی بھیتو ٹرلہو گئے، پارلیمنٹ کے تجربہ کار سیاستدانوں نے بساط پلٹ کررکھدی اور اس صدمے سے تاحال کپتان باہرنہیں آسکے، خود بہت بڑے کھلاڑی ہونے کے باوجود اپنی شکست فاش کو کسی غیبی طاقت کی کارستانی قرار دینے پر بضد رہے، چند ووٹوں کی لولی لنگڑی حکومت کے ختم ہونے پر واویلا شروع کردیا، کئی بیانیوں پر ڈٹ کر یوٹرن لینے کا سلسلہ شروع کیا گیا، اپنی حکومت کے خاتمے کو غیرملکی سازش کا شاخسانہ قرار دینے کے طویل بیانیہ سے بھی اب تو تائب ہوکر یوٹرن لے چکے، عام انتخابات اگرچہ سر پر آچکے ہیں پھر بھی قبل ازوقت الیکشن کا مطالبہ سمجھ سے بالاتر ہے جس کے لئے ایک نئی چال چلنے کا اعلان ہوا کہ خیبرپختونخوا اور پنجاب کی اسمبلیوں کو تحلیل کرکے سیاسی بحران کے نتیجے میں فوری الیکشن کی راہ ہموار کریں گے، اسمبلیاں توڑنے کے اعلان کے بعد سے اب تک آبادی کے لحاظ سے پاکستان کے سب سے بڑے صوبے پنجاب میں چودھری پرویزالٰہی شائد انکی راہ میں سب سے بڑی رکاوٹ بن چکے ہیں، زبانی کلامی تو انہوں نے عمران خان کی ہاں میں ہاں ملائی تھی مگر اب خود چیئرمین تحریک انصاف اس بات کا برملا اعتراف کررہے ہیں کہ چودھری پرویزالٰہی پنجاب حکومت چلانا چاہتے ہیں، ق لیگ کے ساتھ پی ڈی ایم کی مخلوط وفاقی حکومت بھی اب رابطے تیز کرچکی، پرویزالٰہی نے نہایت مہارت کیساتھ پی ٹی آئی کے ارکان پنجاب اسمبلی کو ہم خیال بنالیا ہے، صوبے میں تعمیروترقی کا تیز رفتار جال بچھانے سے ترقیاتی فنڈز ایم پی ایز کو تفویض کرچکے ہیں۔

Show Biz
شوبز کارنر

فرح خان اور کومل خان کی "فرینڈ تھیٹر" ساہیوال میں دھماکے دار انٹری

سٹیج ڈرامہ "چوہدری ڈا کھڑاک" میں فنکاروں کی عمدہ پرفارمنس نے شائقین کے دل جیت لیئے

لاہور (یواین پی) فرح خان اور کومل خان کی "فرینڈ تھیٹر" ساہیوال میں دھماکے دار انٹری۔ تفصیلات کے مطابق معروف ماڈل و اداکاراں فرح خان اور کومل خان فرینڈ تھیٹر ساہیوال میں جاری سٹیج ڈرامہ "چوہدری ڈا کھڑاک" ایک ساتھ پرفارم کررہی ہیں اور ان کی عمدہ پرفارمنس کے ساہیوال میں بہت چرچے ہورہے ہیں، ڈرامہ کی کاسٹ میں فرح خان، کومل خان کے علاوہ ماہ نور چوہدری، صبا گل، نور بلوچ، ثمرین ملک، سونیا ناز، ماجد مون، ظفر باوا، شبیر گنگوا، نوید فنافٹ، علی مرزا، منا و دیگر فنکار شامل ہیں۔

سلمان خان اداکارہ پوجا ہیگڈے کو ڈیٹ کرنے لگے

اداکارہ کو بالی ووڈ سٹار کے پروڈکشن ہاؤس کی دو فلموں کیلئے بھی سائن کرلیا گیا

ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ سٹار سلمان خان جو ماضی میں اپنی گرل فرینڈز کی وجہ سے ہمیشہ سرخیوں میں رہے اب ایک بار پھر ان کا نام ساتھی اداکارہ کے ساتھ جوڑا جا رہا ہے۔ بھارتی میڈیا کا دعویٰ ہے کہ سپر اسٹار سلمان خان اپنی آنے والی فلم کسی کا بھائی کسی کی جان میں کام کرنے والی اداکارہ پوجا ہیگڈے کو ڈیٹ کر رہے ہیں۔ اس بات کا انکشاف بالی وڈ انڈسٹری پر گہری نظر رکھنے والے ٹوئٹر صارف عمیر سندھو نے اپنی ٹوئٹ میں کیا۔ انہوں نے ٹوئٹ میں لکھا کہ تازہ خبر، بالی وڈ میں ایک نئی جوڑی کا اضافہ، سلمان خان پوجا ہیگڈے کو ڈیٹ کررہے ہیں، سلمان کے پروڈکشن ہاؤس نے اداکارہ کو 2 فلموں میں بھی سائن کرلیا ہے۔

ٹائٹینک کی گلوکارہ پراسرار بیماری کا شکار ہوگئیں

طویل عرصے سے طبی مسائل کا مقابلہ کررہی تھی، سلین ڈیون

ٹورنٹو (این این آئی) کینیڈین گلوکارہ سلین ڈیون نے انکشاف کیا ہے کہ وہ ایک غیرمعمولی اعصابی بیماری کی شکار ہوگئی ہیں۔ انسٹاگرام پر ایک ویڈیو پیغام میں گلوکارہ نے انکشاف کیا کہ ڈاکٹروں نے stiff person syndrome نامی عارضے کی تشخیص کی ہے جس کا سامنا بہت کم افراد کو ہوتا ہے، اس بیماری میں مریض کو مسلز اکڑ جانے اور تکلیف دہ تشنج کا سامنا ہوتا ہے۔ گلوکارہ نے بتایا کہ میں پہلے یہ کہنے کیلئے تیار نہیں تھی مگر اب تیار ہوں، میں طویل عرصے سے طبی مسائل کا مقابلہ کررہی تھی اور اب میرے لیےان مسائل کا سامنا کرنا بہت مشکل ہوگیا ہے۔

معروف اداکار فردوس جمال کو کینسر کا مرض لاحق' بیٹے نے دعاؤں کی اپیل کردی

والد کا شوکت خانم ہسپتال میں کینسر کا علاج چل رہا ہے' انہیں خصوصی طور پر اپنی دعاؤں میں یاد رکھیے گا

لاہور (یواین پی) ملک کے سینئر اور معروف اداکار فردوس جمال کو کینسر کا مرض لاحق ہونے پر بیٹے نے دعاؤں کی اپیل کردی۔ تفصیلات کے مطابق پاکستان کے سینئر اداکار فردوس جمال میں کینسر کے مرض کی تشخیص ہوئی ہے جس کی تصدیق ان کے بیٹے اداکار حمزہ فردوس کی جانب سے کی گئی، اس حوالے سے انہوں نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم انسٹاگرام پر والد کے ہمراہ تصویر شیئر کرتے ہوئے لکھا کہ میرے والد کا شوکت خانم ہسپتال میں کینسر کا علاج چل رہا ہے، مجھے معلوم ہے یہ زندگی ہے، جس میں پریشانی والی کوئی بات نہیں ہے کیوں کہ میرے والد کے ساتھ ان کے گھر والے اور آپ سب، ان کے پیارے دوست، مداح اور شوبز کے ساتھی ہیں۔

انسان دوسروں کی غلطیوں سے بھی اپنی اصلاح کرسکتا ہے، صبا پرویز

لاہور (یواین پی) سینئر اداکارہ صبا پرویز نے کہا ہے کہ انسان ساری زندگی غلطیوں سے سبق حاصل کرتا رہتا ہے، ضروری نہیں کہ آپ خود غلطی کر کے اس سے سیکھیں بلکہ آپ دوسروں کی غلطیوں سے بھی اپنی اصلاح کر سکتے ہیں۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے صبا پرویز نے کہا کہ مجھے ٹی وی پر کام کرتے ہوئے طویل عرصہ گزر چکا ہے اور میں نے زیادہ تر سنجیدہ کردار ادا کئے ہیں لیکن مجھے طنز ومزاح کے کردار ادا کرنے میں زیادہ مزہ آتا ہے۔ میری پہچان پی ٹی وی لاہور سینٹر ہے۔

زندگی کے کچھ معاملات کو خود تک ہی محدود رکھنا چاہتی ہوں، نرگس فخری

انٹرنیٹ نے تو رازداری کا مطلب ہی بدل کر رکھ دیا، ہمیں ان کی رازداری کا احترام کرنا

کراچی (یواین پی) بالی ووڈ کی خوبصورت اداکارہ نرگس فخری نے کہا ہے کہ وہ اپنی زندگی کے کچھ معاملات کو خود تک ہی محدود رکھنا چاہتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ انٹرنیٹ نے تو راز داری کا مطلب ہی بدل کر رکھ دیا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ فوٹوگرافرز اور سوشل میڈیا کی وجہ سے اداکاراوں کی نجی اور پیشہ ورانہ زندگی کے متعلق بہت سی باتوں تک ہر ایک کو رسائی حاصل ہے۔ نرگس نے کہا کہ مجھے ڈیٹنگ کے متعلق لوگوں کے سوالات عجیب لگتے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ مجھے اپنی ذات کے متعلق بتانے میں کوئی شرم نہیں ہے۔

راشد جٹ "سردارنی" میں ولن کا کردار نبھائینگے

امید ہے "سردارنی" پاکستان فلم انڈسٹری کی بحالی میں اہم کردار ادا کریگی، اداکار

لاہور (این این آئی) معروف اداکار و پروڈیوسر راشد جٹ ہدایتکار سکندر خان کی نئی پنجابی فلم "سردارنی" میں ولن بن گئے۔ تفصیلات کے مطابق ان دنوں اس فلم کی شوٹنگ لاہور کے مضافات میں کی جارہی ہے جس میں فلم کی ہیروئین کائنات خان و دیگر فنکار حصہ لے رہے ہیں۔ اداکار راشد جٹ کو اس فلم میں بطور ولن کاسٹ کیا گیا ہے جس میں ان کا گیٹ اپ ایک سکھ سردار کا ہے۔ ایک ملاقات کے دوران راشد جٹ نے بتایا کہ اس فلم کی کہانی کائنات خان کی لکھی ہوئی ہے جو اس فلم کا مرکزی کردار نبھارہی ہیں اس فلم کے پروڈیوسرز میں نسرین گل، منظور گل اور اسحاق شامل ہیں۔ راشد جٹ نے کہا کہ اس کی کہانی بہت جاندار ہے انہیں امید ہے۔

SPORTS
کھیل کھلاڑی

گولڈ کبڈی کپ (آج) فیصل آباد میں کھیلا جائے گا

فیصل آباد (این این آئی) گولڈ کبڈی کپ (آج) اتوار کو اقبال سپورٹس کمپلیکس فیصل آباد میں کھیلا جائے گا۔ ٹورنامنٹ کا افتتاح صدر ڈسٹرکٹ بار فیصل آباد بلال اشرف بسرا کریں گے۔ گزشتہ روز ڈسٹرکٹ کبڈی ایسوسی ایشن فیصل آباد کے جنرل سیکرٹری چوہدری فضل الحق گوجر نے بتایا کہ ٹورنامنٹ کی تیاریاں زور وشور سے جاری ہیں اور ٹورنامنٹ میں فیصل آباد کے آٹھ کلب حصہ لیں گے۔ پہلے سیمی فائنل کے مہمانان خصوصی کبڈی ایسوسی ایشن فیصل آباد کے صدر ورکن صوبائی اسمبلی ملک عمر فاروق اور رکن صوبائی اسمبلی عادل پرویز گجر جبکہ دوسرے سیمی فائنل کے مہمانان خصوصی رکن صوبائی اسمبلی لطیف نذر گجر اور رکن صوبائی اسمبلی میاں وارث عزیز ہونگے۔ پہلے کوارٹر فائنل میچ کے مہمان خصوصی ڈاکٹر کاشف محمود کمبوہ ڈائریکٹر ہیلتھ فیصل آباد، دوسرے کوارٹر فائنل میچ کے مہمان خصوصی ڈائریکٹر جنرل ایوب ریسرچ پنجاب نواز خان میکن ہونگے جبکہ تیسرے کوارٹر فائنل میچ کے مہمان خصوصی محمد منور پرنسپل گورنمنٹ کالج آف ٹیکنالوجی فیصل آباد اور چوتھے کوارٹر فائنل کے مہمان خصوصی تحریک انصاف کے رہنما بلال گجر ہونگے۔ گزشتہ روز ڈسٹرکٹ کبڈی ایسوسی ایشن فیصل آباد کے جنرل سیکرٹری چوہدری فضل الحق گوجر نے بتایا کہ ٹورنامنٹ کی تیاریاں زور وشور سے جاری ہیں۔

عمران خان کی مراکش کی ٹیم کو مبارکباد پیش

پہلی بار کوئی عرب، افریقی اور مسلم ٹیم فیفا ورلڈکپ کے سیمی فائنل میں پہنچی ہے، عمران خان

لاہور (این این آئی) فیفا ورلڈ کپ کے کوارٹر فائنل میں مراکش کی پرتگال کے خلاف 0-1 سے فتح حاصل کرنے کے بعد پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین عمران خان نے مراکش کی ٹیم کو مبارکباد پیش کی ہے۔ ٹوئٹر پر جاری بیان میں عمران خان نے لکھا کہ مراکش کو فٹبال ورلڈ کپ میں پرتگال کو شکست دے کر سیمی فائنل میں پہنچنے پر مبارکباد۔ پی ٹی آئی چیئرمین نے کہا کہ پہلی بار کوئی عرب، افریقی اور مسلم ٹیم فیفا ورلڈ کپ کے سیمی فائنل میں پہنچی ہے۔ دوسری جانب سابق فاسٹ بولر شعیب اختر نے پرتگال کی شکست کے بعد اسٹار فٹبالر کرسٹیانو رونالڈو کی وائرل ہونے والی تصویر شیئر کی جس میں وہ آبدیدہ ہیں۔ انہوں نے اپنے جذبات کا اظہار کیا اور لکھا کہ رونالڈو کیلئے دل ٹوٹ گیا۔ خیال رہے کہ قطر کے اشمامہ اسٹیڈیم میں کھیلے گئے۔

بے نظیر بھٹو شہید نیشنل ٹینس
چیمپئن شپ (کل) سے
اسلام آباد میں شروع ہوگی

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ٹینس کمپلیکس کے زیر اہتمام اور سندھ سپورٹس بورڈ کے تعاون سے بینظیر بھٹو شہید نیشنل ٹینس چیمپئن شپ (کل) پیر سے اسلام آباد ٹینس کمپلیکس اسلام آباد میں شروع ہو گی۔ چیف آرگنائزر سابق کوچ ڈیوس کپ فضل سبحان نے بتایا کہ چیمپئن شپ کی تیاریاں زور وشور سے جاری ہیں اور چیمپئن شپ میں ملک بھر سے تین سو سے زائد مرد اور خواتین کھلاڑی حصہ لے رہے ہیں۔ چیمپئن شپ میں تیرہ کیٹگریز کے مقابلے رکھے گئے ہیں جن میں مینز سنگلز اینڈ ڈبلز، لیڈیز سنگلز، بوائز انڈر 18، گرلز انڈر 18، بوائز انڈر 14، گرلز انڈر 14، گرلز بوائز انڈر 12، گرلز بوائز انڈر 10، سپیشل چیلڈ، سینئر ڈبلز 45 پلس، سینئر ڈبلز 60 پلس اور اوپن میڈیا کیٹگریز کے مقابلے رکھے گئے ہیں۔ چیمپئن شپ کے ڈراز کا اعلان 11 دسمبر کو کیا جائے گا۔ ایونٹ کے پری کوالیفائنگ مقابلے 12 دسمبر کو اور مین راؤنڈ 13 دسمبر سے شروع ہو نگے۔ کوارٹر فائنل 16 دسمبر کو، سیمی فائنل مقابلے 17 دسمبر کو جبکہ فائنل مقابلے 18 دسمبر کو کھیلے جائیں گے۔ ٹورنامنٹ کی اختتامی تقریب 18 دسمبر کو شام تین تین بجے ہوگی۔ جس میں کامیابی حاصل کرنے والے کھلاڑیوں میں ٹرافیاں، اسناد، کیش ایوارڈ کے علاوہ دیگر انعامات تقسیم کئے جائیں گے۔

نامناسب لباس پر سابق مس کروشیا کو اسٹیڈیم سے نکال دیا گیا

بہت سے لوگوں کیساتھ تصاویر بنوائی ہیں، ہر کوئی مجھے دیکھ کر خوش دکھائی دیتا ہے' ایوانا نول

دوحہ (این این آئی) قطر میں جاری فیفا ورلڈ کپ کے دوران سابق مس کروشیا کو سکیورٹی گارڈز نے نامناسب لباس پہننے پر میدان سے نکال دیا۔ ایجوکیشن سٹی اسٹیڈیم میں کھیلے گئے میگا ایونٹ کے پہلے کوارٹر فائنل میں کروشیا نے برازیل کو پینلٹیز پر 2 کے مقابلے میں 4 گول سے شکست دے کر ایونٹ سے باہر کردیا ہے تاہم میچ کے دوران سابق مس کروشیا ایوانا نول نے نامناسب لباس زیب تن کیا جس پر سکیورٹ اہلکاروں نے انہیں میدان سے باہر نکال دیا۔

ساتویں پی ٹی بی ایف ٹیبل ٹینس بالنگ رینکنگ
چیمپئن شپ 25 دسمبر سے شروع ہوگی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان ٹین پن بالنگ فیڈریشن کے زیر اہتمام اور سندھ ٹین پن باؤلنگ ایسوسی ایشن کے تعاون سے ساتویں پی ٹی بی ایف ٹین پن بالنگ رینکنگ چیمپئن شپ 25 دسمبر سے کراچی سے شروع ہو گی۔ گزشتہ روز پاکستان ٹین پن باؤلنگ فیڈریشن کے صدر اعجاز الرحمٰن نے بتایا کہ چیمپئن شپ کی تیاریاں ابھی سے شروع کردی گئی ہیں اور چیمپئن شپ میں ملک بھر سے مرد اور خواتین کھلاڑی حصہ لیں گے۔ چیمپئن شپ میں 8 کیٹگریز کے مقابلے رکھے گئے ہیں۔

ابرار احمد کا پہلے میچ مین اعتماد کیساتھ کھیلنا بڑی بات ہے' نسیم شاہ

اس دباؤ کو نظر انداز کر کے اعتماد کے ساتھ باؤلنگ کرنا آسان



صلاحیتوں کی تعریف کی ہے۔ 19 سالہ نسیم شاہ نے پاک بمقابلہ انگلینڈ میچ کے دوران 24 سالہ نئے [illegible] کی ہے۔ نسیم شاہ نے کہا کہ کسی بھی کھلاڑی کے لیے پہلا میچ کھیلنا اور اتنے اعتماد سے کھیلنا بہت بڑی بات ہوتی ہے، پہلے ہی اوور میں ایسی پرفارمنس بہت بڑی بات ہے۔ انہوں نے کہا کہ ٹیسٹ میچ کا ایک اپنا ہی دباؤ ہوتا ہے، اس دباؤ کو نظر انداز کر کے اعتماد کے ساتھ باؤلنگ کرنا آسان نہیں، جس طرح سے ابرار نے بالنگ کی، جس لائن اور لینتھ میں رہتے ہوئے باؤلنگ کی، یہ قابلِ تعریف ہے۔ یاد رہے کہ قومی ٹیم کے فاسٹ بالر حارث رؤف کے بعد نسیم شاہ بھی کندھے کی انجری کا شکار ہوگئے ہیں۔ واضح رہے کہ پاکستان کو اسپن کا نیا جادوگر ل

"ٹاؤن میں نیا فاسٹ بولر آگیا"

لاہور (این این آئی) قومی کرکٹ ٹیم کے سابق کھلاڑی محمد یوسف کو سب نے بیٹنگ کرتے ہوئے دیکھا ہے لیکن پاکستان کرکٹ بورڈ نے ان کی بولنگ کرتے ہوئے ویڈیو شیئر کر دی۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹوئٹر پر پاکستان کرکٹ بورڈ نے اپنے آفیشل اکاؤنٹ پر قومی ٹیم کے بیٹنگ کوچ محمد یوسف کی بولنگ کراتے ویڈیو شیئر کی ہے۔ پی سی بی کی جانب سے شیئر کی گئی ویڈیو میں دیکھا جاسکتا ہے کہ پریکٹس سیشن میں محمد یوسف فاسٹ بولنگ کر رہے ہیں۔ پاکستان کرکٹ بورڈ نے اپنے پیغام میں لکھا ہے کہ ٹاؤن میں نیا فاسٹ بولر آگیا۔

بے نظیر بھٹو شہید نیشنل ٹینس چیمپئن شپ
کے ڈراز کا اعلان (آج) کیا جائیگا

اسلام آباد (این این آئی) بینظیر بھٹو شہید نیشنل ٹینس چیمپئن شپ کے ڈراز کا اعلان (آج) اتوار کو کیا جائے گا۔ یہ چیمپئن شپ اسلام آباد ٹینس کمپلیکس کے زیر اہتمام اور سندھ سپورٹس بورڈ کے تعاون سے بے (کل) پیر سے اسلام آباد ٹینس کمپلیکس اسلام آباد میں شروع ہوگی۔ چیف آرگنائزر سابق کوچ ڈیوس کپ فضل سبحان نے بتایا کہ چیمپئن شپ کی ڈراز کمیٹی کا اجلاس اتوار کو کامران خلیل کی زیر صدارت منعقد ہوگا۔ اجلاس کے بعد ٹورنامنٹ کے ڈراز کا اعلان کیا جائے گا۔

انجری میں گھری پاکستان کرکٹ ٹیم کیلئے اچھی خبر سامنے آگئی

فاسٹ بولر نسیم شاہ نے انجری میں بہتری آنے کے بعد بولنگ پریکٹس شروع کردی

ملتان (این این آئی) انجری میں گھری پاکستان کرکٹ ٹیم کے لیے اچھی خبر سامنے آ گئی، فاسٹ بولر نسیم شاہ نے انجری میں بہتری آنے کے بعد ملتان میں بولنگ پریکٹس شروع کر دی۔ پاکستان اور انگلینڈ کے درمیان ملتان ٹیسٹ سے قبل نسیم شاہ کندھے کی انجری کا شکار ہو گئے تھے جس کے باعث انہیں ٹیم میں شامل نہیں کیا گیا تھا۔ تاہم اب انہوں نے ملتان میں بولنگ پریکٹس شروع کر دی ہے، امکان ظاہر کیا جا رہا ہے کہ نسیم شاہ سیریز کے تیسرے ٹیسٹ میچ سے قبل فٹ ہو جائیں گے جو کہ 17 دسمبر سے کراچی میں کھیلا جانا ہے۔ یاد رہے کہ فاسٹ بولر شاہین شاہ آفریدی اور حارث رؤف بھی انجری کے باعث ٹیم کو دستیاب نہیں ہیں۔ واضح رہے کہ 3 ٹیسٹ میچوں کی سیریز میں انگلینڈ کو ایک صفر کی برتری حاصل ہے۔

بقیہ 1

ہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے سلیمان شہباز نے کہا کہ (ن) لیگ کی ساری قیادت جیل میں قید رہی، ابھی تک سیاست ہمارے ساتھ ہوئی ہے اب ہم کریں گے، کے پی گورنمنٹ کرپشن کی داستان ہے، 2008 سے کے پی میں جو ہوتا رہا وہ سب کے سامنے ہے۔ انہوں نے کہا کہ کرپشن کی داستانیں سامنے آئیں گی، ان سب کا جواب دینا پڑیگا، عمران نیازی بلیک میلنگ کر کے بھی کچھ نہیں کرسکا، ان لوگوں کو عبرتناک سزائیں ملنی چاہئیں، پی ٹی آئی ایک فاشسٹ پارٹی ہے، اس نے پاکستان کی اخلاقیات تباہ کیں، آج کل شہزاد اکبر صاحب پاکستان سے باہر ایک محل میں برتن دھو رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہم واپس آئے ہیں ہم سمجھتے ہیں پاکستان میں اب فیئر انوائرمنٹ ہے، ہم اپنے کیسز کا مکمل دفاع کریں گے، عمران خان قوم سے جھوٹ بولتا رہا کہ میں نے قرضے لیے ہیں، اس نے اپنے 4 سالہ دور میں 25 ہزار ارب کا قرضہ لیا، وہ پیسہ کہاں گیا؟ یہ گھڑیاں چوری کرتا رہا وہ پاکستان کی امانت تھیں، میں اس کو چیلنج کرتا ہوں یہ گھڑی بیچنے، پیسے لانے کی رسید قوم کو پیش کرے، دکھائے وہ کرپشن کیسے ہوئی۔ سلیمان شہباز نے کہا کہ یہ گھٹیا چور ہے، گھڑی چوری کی ٹرانزیکشن کا حساب دے، ہم تو کہتے تھے کہ ویسٹ اور ایسٹ پاکستان کا دوست ہے، ہم تو سب کے ساتھ دوستی چاہتے ہیں، اس نے امریکن سازش کا ڈھونگ اور ڈرامہ کیا، اب کہتا ہے غلطی ہوگئی، غلطی نہیں ہوئی یہ ڈرامے باز شخص ہے، سائفر کے اوپر اس کی ڈرامے بازی ساری قوم کے سامنے عیاں ہوگئی۔ وزیراعظم کے صاحبزادے نے کہا کہ عمران نیازی توشہ خانہ میں جو کچھ کر کے گیا اس کے اب حساب کا وقت آگیا ہے، ہم اس کا پیچھا نہیں چھوڑیں گے، یہ عدالتوں میں آئے اور اپنے مقدمات کا سامنا کرے، قوم دیکھ رہی ہے کب اس کے خلاف کیسز کا نتیجہ نکلے گا، کب اس کو سزا ملے گی، جب تک اس کو سزا نہیں ملے گی ہم اس کا پیچھا نہیں چھوڑیں گے۔

بقیہ 2

موٹروے کے سنگ بنیاد پر اسد عمر نے اپنی ٹوئٹ میں کہا کہ سندھ کے عوام کو حیدرآباد سکھر موٹروے مبارک۔ یہ منصوبہ عمران خان حکومت میں حتمی طور پر منظور ہو چکا تھا۔ انہوں نے کہا کہ ایکنک نے 2021ء جبکہ پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ بورڈ 31 مارچ 2022ء کو اس کی منظوری دی تھی جبکہ اس سے پہلے ٹھیکیدار کا انتخاب بھی ہو چکا تھا، اب 8 ماہ برباد کرنے کے بعد امپورٹڈ حکومت کام شروع کر رہی ہے۔ خیال رہے کہ وزیراعظم شہباز شریف نے گزشتہ روز حیدرآباد سکھر موٹروے منصوبے کا سنگ بنیاد رکھا ہے۔ 6 رویہ ایم 6- موٹر وے 306 کلومیٹر طویل ہوگی اور اس پر 307 ارب روپے لاگت آئے گی۔ ایم 6- پر مجموعی طور پر 15 انٹرچینج اور 10 سروس ایریاز بنیں گے۔

بقیہ 3

اسمبلیاں بنانا اور توڑنا کھیل ہے کیا؟ انتخابات کرانے کے لیے پیسے چاہئیں، نیب ختم کر کے احتساب کا ایک نیا ادارہ بنانا چاہیے۔ احتساب عدالت میں پیشی کے موقع پر گفتگو کرتے ہوئے خواجہ سعد رفیق نے کہا کہ عمران خان سے کہتے ہیں جہاں آپ کی حکومتیں ہیں وہاں عوامی فلاح کے منصوبوں پر کام کریں، مینڈیٹ کی توہین نہ کریں۔ انہوں نے کہا کہ جنہوں نے انہیں زمین سے اٹھا کر چھوٹا مہاتما بنایا ان کے ساتھ انہوں نے احسان فراموشی کی، ہر وقت فوج کو گھسیٹ کر سیاست میں لے آنا اچھی بات نہیں۔ خواجہ سعد رفیق نے کہا کہ ہماری 2013 اور 2018 کی کارکردگی کا ان کے 4 سال سے موازنہ کریں، اللہ تعالیٰ کا شکر ہے کہ ملک ڈیفالٹ ہونے سے بچ گیا۔ پونے چار سال میں ادارے تباہ کر دیئے گئے، حکومت کے پاس کوئی پیسہ نہیں، ان 8 ماہ میں تو ہم آگ بجھانے کی کوشش کر رہے ہیں۔ وفاقی وزیر سعد رفیق نے کہا کہ میرے خیال میں نیب ختم کر کے احتساب کا ایک نیا ادارہ بنانا چاہیے، موجودہ چیئرمین نیب ایماندار آدمی ہیں۔ انہوں نے ایک سوال کے جواب میں کہا کہ مونس الٰہی میرا اسجیکٹ نہیں، اب وہ ساتھ دینے والے نہیں رہے۔ انہوں نے مزید کہا ہے کہ ابھی تو عمران خان کے ساتھ کچھ ہوا بھی نہیں کہ وہ چیخیں مار رہے ہیں، ان کا لانگ مارچ نالہ لئی میں لینڈ کر گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے خلاف بہت ہی بھونڈے انداز میں مقدمات بنائے گئے تھے، صاف ظاہر تھا کہ سیاسی مخالفت کے باعث یہ مقدمات بنائے گئے۔

بقیہ 4

اہمیت دیتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ قاسم جومارت توکائیو کی قیادت پر اعتماد کرنے اور انہیں صدر منتخب کرنے پر قازق عوام اور پارلیمان کو مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ صادق سنجرانی نے کہا کہ نو منتخب صدر قازقستان کی رہنمائی میں قازقستان ترقی اور خوشحالی کی نئی بلندیوں کو چھوئے گا اور پاک-قازقستان دوستی مزید مضبوط ہوگی۔ چیئرمین سینیٹ نے وفد کو قازقستان کے یوم آزادی پر پیشگی مبارکباد پیش کی۔ چیئرمین سینیٹ نے دونوں ممالک کے درمیان اس سال فروری میں سفارتی تعلقات کے قیام کے 30 سال مکمل ہونے پر مبارکباد پیش کی۔ چیئرمین سینٹ نے کہا کہ پاکستان کے سیلاب سے متاثرہ لوگوں کے لیے فراخدلانہ امداد کے لیے قازقستان کی حکومت کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔ چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ وژن سنٹرل ایشیا پالیسی کے ذریعے وسطی ایشیائی ممالک کے ساتھ پائیدار اور نتیجہ خیز روابط قائم کرنے کے خواہاں ہیں۔ صادق سنجرانی نے کہا کہ کراچی اور گوادر بندرگاہوں کے ذریعے وسطی ایشیائی ریاستوں کو رسائی کی فراہمی اس وژن کا ایک اہم عنصر ہے۔ چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ قازقستان کی پارلیمنٹ کے وفد کا استقبال کرتے ہوئے خوشی محسوس کر رہا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ امید ہے کہ یہ دورہ برادر ممالک کے درمیان مفاہمت اور تعاون کو مضبوط بنائے گا۔ انہوں نے کہا کہ پارلیمان عوامی رائے کا مظہر ہے اور اراکین پارلیمنٹ کے درمیان باہمی تبادلے لوگوں کو قریب لانے کا بہترین ذریعہ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ادارہ برائے پارلیمانی خدمات، پارلیمنٹیرینز کے تحقیق اور استعداد کار بڑھانے کا اپنی نوعیت کا منفرد ادارہ ہے۔ چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ انسٹیٹیوٹ پارلیمانی تجربات اور علم کو بانٹنے کے لیے ایک بہترین فورم فراہم کرسکتا ہے۔ چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ دونوں ممالک کی صلاحیت کو دیکھتے ہوئے، دوطرفہ تجارت کو فروغ دینے کے لیے نئی راہیں تلاش کرنے کی اشد ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں اپنی تجارت میں تنوع لانے کی ضرورت ہے۔

بقیہ 5

رکراچی موٹروے پی کے ایم کا آخری حصہ ہے جس کے بعد پاکستان کے تمام بڑے اور اہم شہر موٹرویز سے منسلک ہوجائیں گے۔ مذکورہ منصوبہ پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے تحت 30 ماہ کی قلیل مدت میں مکمل کرلیا جائے گا۔ ترجمان این ایچ اے کے مطابق منصوبے پر 307 ارب روپے سے زائد لاگت آئے گی جس پر 15 انٹرچینج، دریائے سندھ پر ایک بڑا پل، 19 انڈر پاس اور 6 فلائی اوورز تعمیر کیے جائیں گے۔ موٹروے کے دونوں اطراف 50 کلومیٹر کے فاصلے پر 10 سروس ایریاز تعمیر ہوں گے، یہ موٹروے جام شورو، حیدرآباد، مٹیاری، بے نظیر آباد، نوشہرو فیروز، خیر پور اور سکھر کے اضلاع سے گزرے گی۔

بقیہ 6

فواد نے آمدن سے زائد اثاثہ جات کیس میں بریت کی درخواست دائر کی۔ فواد حسن فواد نے بریت کی درخواست میں چیئرمین نیب اور ڈی جی نیب سمیت دیگر کو فریق بنایا ہے۔ درخواست میں موقف اختیار کیا گیا ہے کہ آمدن سے زائد اثاثہ جات کی انکوائری خلاف قانون کی گئی۔ استدعا ہے اسے کالعدم کر کے بریت کا حکم دیا جائے۔

بقیہ 7

سے کام کرنا چاہیے۔ منگل کو وزیراعظم شہباز شریف سندھ کے شہر سکھر پہنچے، جہاں وزیراعلیٰ سندھ مراد علی شاہ نے وزیراعظم اور وفد کا استقبال کیا جس کے بعد وزیراعظم نے 3 کھرب 7 ارب روپے کے منصوبے کا سنگ بنیاد رکھنے کی تقریب میں شرکت کی۔ اس موقع پر وزیراعظم کے ہمراہ وزیراعلیٰ سندھ مراد علی شاہ، وفاقی وزیر آئی ٹی امین الحق سمیت وفاقی وزیر برائے کمیونیکیشن اینڈ پوسٹل سروس اسد محمود موجود تھے۔ وزیراعظم شہباز شریف نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ایم 6 موٹر وے کو غیر ضروری طور پر التوا میں رکھا گیا، 30 ماہ میں یہ منصوبہ مکمل ہوجائے گا، ٹرانسپورٹ اور مسافروں کو اس منصوبے سے بے پناہ فائدہ ہوگا۔ وزیراعظم نے کہا کہ موٹروے کے معیار پر سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا، امید ہے موٹروے اسی معیار کا ہوگا جس طرح پاکستان کے دیگر حصوں میں موٹروے بنے ہیں، انہوں نے کہا کہ میں اچانک وزیراعلیٰ سندھ مراد علی شاہ کے ساتھ موٹروے کے معیار کا جائزہ لینے پہنچ جاؤں گا۔ انہوں نے کہا کہ یہ موٹر وے سکھر اور حیدرآباد پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے تحت مکمل کیا جا رہا ہے، جو 307 ارب روپے کی لاگت سے مکمل ہوگا۔ وزیراعظم نے کہا کہ وفاق پاکستان کے دیگر صوبوں میں پبلک پرائیوٹ پرائنرشپ کو فروغ دیگا کیونکہ یہی وہ طریقہ ہے جس سے ترقی اور خوشحالی کے منصوبوں کو آگے بڑھا سکتے ہیں۔ شہباز شریف نے کہا کہ سکھر روہڑی پل کا نواز شریف نے اعلان کیا تھا امیں اس کی تکمیل کا اعلان کرتا ہوں، اس میں کوئی دورائے نہیں کہ پاکستان میں موٹرویز کی بنیاد نواز شریف نے رکھی تھی۔ انہوں نے بلوچستان کی ترقی کے حوالے سے کہا کہ بلوچستان سے سڑکوں کو ملانے پر تیزی سے کام کرنا چاہیے کیونکہ یہ ہمارا بہت اہم صوبہ ہے، بلوچستان کی ترقی کے بغیر پاکستان کی ترقی نامکمل ہے انہوں نے کہا کہ گوادر بندرگاہ کو جلد از جلد بحال کرنا چاہیے۔ وزیراعظم نے کہا کہ پاکستان کے تمام صوبوں کو اگر ترقی کے دور میں شامل نہیں کیا گیا تو پاکستان کبھی ترقی نہیں کریگا۔ شہباز شریف نے سیلاب زدگان کے حوالے سے کہا کہ سیلاب متاثرین کو بے پناہ فنڈز دیے لیکن آج بھی کئی متاثرہ افراد کھلے آسمان تلے زندگی گزار رہے ہیں، سیلاب سے متاثرہ بھائیوں اور بہنوں کو اکیلا نہیں چھوڑیں گے، وسائل کی آخری امداد تک سیلاب متاثرین کی مدد کرتے رہیں گے۔ انہوں نے کہا کہ وہ اگلے ہفتے سیلاب متاثرہ علاقوں کا دورہ بھی کریں گے۔ اس سے قبل یہ افتتاحی تقریب 9 دسمبر کو ہونی تھی جو وزیراعظم کی دیگر مصروفیات کے باعث ملتوی کر دی گئی تھی۔ سکھر حیدرآباد موٹروے پشاور کراچی موٹروے کا آخری حصہ ہے، اس منصوبے کے بعد پاکستان کے تمام بڑے شہر موٹرویز سے منسلک ہوجائیں گے۔ قبل ازیں وزیراعلیٰ سندھ مراد علی شاہ نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ساڑھے تین سال سے اس منصوبے کو التوا میں رکھا گیا، اس منصوبے کا سنگ بنیاد رکھنا تاریخی اہمیت کا حامل ہے، سکھر حیدرآباد موٹروے منصوبے پر دونوں طرف سے کام ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ منصوبے پر کام کرنے کے لیے 25 ہزار نوکریاں مقامی لوگوں کو ملنی چاہیے۔ مراد علی شاہ نے کہا کہ سیلاب کے بعد سکھر حیدرآباد نیشنل ہائی وے کی بہت بُری صورتحال ہے، انہوں نے وزیراعظم سے مطالبہ کیا کہ اس کی بحالی کیلئے فنڈ مختص کیے جائیں، انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی حکومت سے کوئی امید نہیں تھی اس لیے مطالبہ بھی نہیں کیا، ہم اتحادی حکومت کا حصہ ہیں اسی لیے وزرا سے ہی بات کریں گے۔ انہوں نے سندھ میں سیلاب زدگان کے حوالے سے بات کرتے ہوئے کہا کہ آج بھی کئی علاقوں میں پانی موجود ہے، آج بھی کئی افراد کو امداد دی جا رہی ہے۔ وزیراعلیٰ سندھ نے کہا کہ حکومت سندھ اور وفاق نے مل کر سیلاب متاثرین کیلئے گھر بنانے کا منصوبہ بنایا ہے، اس پروجیکٹ کے لیے ہمیں 300 ارب روپے کی ضرورت ہے، اس کا ایک تہائی حصہ عالمی بینک سے مل جائے گا جبکہ بقیہ 33 فیصد حکومت سندھ اور وفاقی مل کر حصہ ڈالے۔ انہوں نے کہا کہ صوبائی کابینہ نے 50 ارب روپے اس پروجیکٹ کے لیے مختص کیے ہیں، ہمیں یقین ہے کہ وفاق اس میں ہمارا ساتھ دے گی۔

بقیہ 8

جس پر ڈی جی نیب لاہور نے رانا ثناء اللہ کے خلاف انکوائری بند کرنے کی حتمی منظوری کے لیے فائل چیئرمین نیب کو بھجوادی ہے۔ جبکہ نیب نے لاہور ہائیکورٹ کا فیصلہ بھی سپریم کورٹ میں چیلنج نہ کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ نیب لاہور کے مطابق رانا ثناء اللہ کے خلاف 3 مختلف شکایات نیب کو موصول ہوئی تھیں، 24 اپریل 27 اپریل اور 16 اگست 2019ء کو شکایات موصول ہوئیں، 3 دسمبر 2019ء کو رانا ثناء اللہ کے خلاف شکایات کی ویریفکیشن مکمل ہوئی، ڈی جی نیب لاہور نے رانا ثناء اللہ کے خلاف انکوائری کی منظوری 20 دسمبر 2019ء کو دی، نیب نے رانا ثناء اللہ کے گرفتاری کے وارنٹ 9 نومبر 2020ء کو جاری کیے۔

بقیہ 9

کے خلاف ہونے والے سیاسی انتقام کا ایک اور باب بند ہونے پر اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرتے ہوئے شریف فیملی کو مبارکباد پیش کرتے ہیں، چوہدری شاہد علی خان نے کہا کہ عمران خان نے ملک کی معیشت تباہ کر دی نوجوانوں کو گمراہ کیا اتحادی جماعتوں نے اقتدار میں آ کر ملک کو دیوالیہ ہونے سے بچایا ہے عمران خان نے اپنے دور میں ملک کو تباہ کر دیا معیشت کا بیڑہ غرق کیا اتحادی جماعتوں نے مشکل حالات میں اقتدار سنبھالا پاکستانی عوام باشعور ہے۔ انہوں نے کہا کہ مسلم لیگ ن جمہوری جماعت ہے جس نے کبھی مذاکرات کا دروازہ بند نہیں کیا اور آئندہ بھی نہیں کرے گی، جمہوری قوتیں ہمیشہ مذاکرات کی میز پر مسائل حل کرتی ہیں، شاید عمران نیازی کو "خوار "ہونے کے بعد اس بات کا شدت سے احساس ہوا ہے لیکن ان کا ماضی گواہ ہے انہوں نے ہمیشہ غیر سنجیدگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے ہر قدم پر یوٹرن لیا اور آئندہ بھی لے سکتے ہیں۔

بقیہ 10

سی انتقام کی واضح مثال ہے، انہوں نے ملک کے سپہ سالار کو نہیں بخشا، جس نے انکو زیرو سے ہیرو بنایا اگر اس کو نہیں بخشا تو ہم کیا چیز ہیں؟۔ انہوں نے کہا کہ جو شخص ججوں، افواج کے ذمہ داروں کو نہیں چھوڑتا تو ہم تو عام شہری ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت ریاستی اداروں کی کردار کشی کرنے والوں کے خلاف آرٹیکل 6 کیوں نہیں لگا رہی۔ نور عالم خان نے کہا کہ عمران خان اور ٹی ٹی پی میں کیا فرق ہے، عمران خان تو گھڑی چور ہے جو شخص گھڑی چوری کرسکتا ہے وہ باقی پیسے کیسے چھوڑ سکتا ہے۔ نور عالم خان نے کہا کہ وفاقی حکومت عمران خان کے خلاف کارروائی کیوں نہیں کرتی، اگر اسکے خلاف رولنگ نہیں دی جاتی تو ہم اس اسمبلی میں نہیں بیٹھیں گے۔

بقیہ 11

منصوبہ شروع کیا گیا تھا جس کا مقصد بجلی کی پیداوار کے لیے دیسی کوئلہ استعمال کرنا ہے، پلانٹس کو نیشنل گرڈ سے منسلک کر دیا گیا ہے اور یہ سی پیک اقدام کا ثمر ہے۔ گوادر پرو کے مطابق پاکستان گرین ہاؤس ایفیکٹ کے اثرات کا شکار ہے، اس لیے گرین پاور جنریشن کا رجحان ہے۔ وزیر اعظم نے یہ بھی انکشاف کیا کہ موجودہ حکومت نے شمسی توانائی کے ذریعے 10,000 میگاواٹ بجلی پیدا کرنے کا منصوبہ بنایا ہے۔ گوادر پرو کے مطابق شنگھائی الیکٹرک سے تعلق رکھنے والے وانگ ہاوئی جو ژانگ جیا کاؤ گرین پاور پروجیکٹ کے بزنس مینیجر ہیں نے کہا ہم جانتے ہیں کہ پاکستان شمسی اور ہوا کے وسائل سے مالا مال ہے، شنگھائی الیکٹرک گروپ کی نئی توانائی اور موثر صاف توانائی کی صنعتوں میں عالمی سطح پر موجودگی ہے۔ اس کا ژانگ جیا کاؤ گرین پاور پروجیکٹ کثیر توانائی کے انضمام اور اصلاح کے مظاہرے کے منصوبے کا ایک حصہ ہے۔ یہ بیجنگ سرمائی اولمپکس کے تمام مقامات کے لیے حاصل شدہ 100 فی صد گرین پاور سپلائی کا احاطہ کرتا ہے۔ گوادر پرو کے مطابق منصوبے کی نصب صلاحیت 150 میگاواٹ ونڈ پاور، 30 میگاواٹ فوٹو وولٹک پاور اور 10 میگاواٹ توانائی ذخیرہ کرنے کی ہے۔ وانگ ہوئی نے ہمیں بتایا کہ اس منصوبے کی خصوصیت توانائی کے مختلف نئے نظاموں کی تکمیل ہے۔ ونڈ پاور جنریشن سسٹم کی خصوصیت یہ ہے کہ رات کے وقت ان کی پیداوار دن کے وقت سے زیادہ ہوتی ہے، جب کہ فوٹو وولٹک پاور جنریشن سسٹم میں صرف دن کے وقت آؤٹ پٹ ہوتا ہے۔ توانائی ذخیرہ کرنے کا نظام دیگر دو نظاموں کے بجلی پیدا کرنے کے عمل میں اتار چڑھاؤ کو ایڈجسٹ کرسکتا ہے۔ گوادر پرو کے مطابق انہوں نے کہا روایتی تھرمل پاور جنریشن کے مقابلے میں یہ منصوبہ 1.48 ملین ٹن معیاری کوئلہ بچا سکتا ہے اور کاربن ڈائی آکسائیڈ کے اخراج کو 3.69 ملین ٹن سالانہ کم کرسکتا ہے۔ گوادر پرو کے مطابق شنگھائی الیکٹرک پاور جنریشن سسٹم کی تعمیر میں بیلٹ اینڈ روڈ کے دیگر ممالک کے ساتھ بھی فعال تعاون کر رہا ہے، اپنی جدید ٹیکنالوجی اور آلات کو مزید ممالک تک پہنچا رہا ہے۔ دبئی میں دبئی 700 سی ایس پی اور 250 میگاواٹ پی وی پروجیکٹ ایک اچھی مثال ہو سکتی ہے۔ گوادر پرو کے مطابق دبئی 700 سی ایس پی اور 250 میگاواٹ پی وی پروجیکٹ کے پروجیکٹ مینیجر ژاؤ ہوئی نے کہا یہ دنیا کا سب سے بڑا سنگل سائٹ سنٹرڈ سولر پاور پلانٹ ہے، سی ایس پی کا حصہ کل 700 میگاواٹ ہے، جو 100 میگاواٹ سی ٹی یونٹ اور تین 200 میگاواٹ پی ٹی یونٹس پر مشتمل ہے۔ فوٹو وولٹک 250 میگاواٹ، جو سائٹ کی ایپلیکیشن کو زیادہ سے زیادہ کرتا ہے۔ گوادر پرو کے مطابق ژاؤ ہوئی نے مزید کہا شمسی توانائی کو اکھٹا کرنے اور بھاپ فراہم کرنے کے لیے آئینے اور ہیٹ ایکسچینجرز کا استعمال کرتے ہوئے اور پھر روایتی ٹربو جنریٹرز کے ساتھ بھاپ سے بجلی پیدا کرنے کے لیے مرکوز شمسی توانائی کی پیداوار کام کرتی ہے۔ یہ بجلی پیدا کرنے کا طریقہ نہ صرف فوٹو وولٹک پاور جنریشن کی طرح صاف اور قابل تجدید ہوسکتا ہے، بلکہ اس میں تھرمل پاور جنریشن کی حفاظت اور استحکام بھی ہے۔

بقیہ 12

6 ارب کی ٹی ٹیز کے واضح ثبوتوں کے باوجود این آر او ٹو سے بچ نکلا، ٹی ٹیز کی تحقیقات کرنے والے ڈاکٹر رضوان سمیت دیگر متعلقہ کرداروں کو ہمیشہ کیلئے خاموش کروادیا گیا، شریف خاندان سسلین مافیا کا پیروکار ہے جو ملک کیلئے زہر قاتل ہے، عمران خان مافیا کو اس لیے کھٹکتا ہے کہ وہ اشرافیہ کی کرپشن کے خلاف واحد دیوار ہے۔ انہوں نے کہا کہ قوم جاگ چکی ہے، مافیا کے دن گنے جا چکے، عوامی طاقت سے امپورٹڈ ٹولے کو بھگا کر دم لیں گے۔

بقیہ 13

متوقع ہیں۔ ترجمان نے کہا کہ پاکستان اور تاجکستان دیرینہ تاریخی، ثقافتی اور مذہبی رشتوں کے ذریعے جڑے ہوئے برادر ممالک ہیں۔ ترجمان دفتر خارجہ نے کہا کہ یہ مختلف علاقائی اور بین الاقوامی مسائل پر دونوں ممالک کے خیالات یکساں ہیں۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق تاجک صدر کے دورہ پاکستان سے دونوں ممالک کے درمیان مختلف شعبوں میں تعاون کو مزید گہرا کرنے اور بڑھتی ہوئی جیوا کنامک پارٹنرشپ کو مزید تقویت ملے گی۔

بقیہ 14

ریگولیٹری اتھارٹی آف پاکستان کی سفارش پر وزارت خزانہ کو خط لکھا ہے۔ دوسری جانب پاکستان فارماسوٹیکل مینوفیکچررز ایسوسی ایشن نے کہا کہ بھارتی خام مال ساز کمپنیوں نے پاکستان کو ڈیفالٹ قرار دیدیا ہے، بھارتی اور چینی کمپنیاں اب پاکستانیوں کو ادھار پر خام مال نہیں دے رہیں، ایل سیز کھولنے کا مسئلہ حل نہ کیا گیا تو ملک میں ادویات اور میڈیکل ڈیوائسز کا سنگین بحران ہوگا۔ علاوہ ازیں ترجمان اسٹیٹ بینک نے کہا کہ پیٹرولیم اور فارما سوٹیکل مصنوعات کی درآمد پر کوئی پابندی نہیں، گورنر اسٹیٹ بینک کی واضح ہدایات ہیں کہ پیٹرولیم اور فارما سیوٹیکل کیلئے ایل سیز بند نہ کی جائیں۔ ترجمان نے کہا کہ جو بینک فارماسوٹیکل امپورٹ کے لیے ایل سی نہیں کھول رہے، ان کی نشاندہی کریں۔

بقیہ 15

26 سالہ طیب کے نام سے ہوئی۔ اہل خانہ اور ریسکیو اہلکاروں نے نوجوان کو کمرے سے بحفاظت باہر نکال لیا۔ ریسکیو اہلکاروں نے نوجوان کو مینٹل ہسپتال منتقل کر دیا۔

☆☆☆☆

بقیہ 16

سپریم کورٹ نے ہمارے اعتراضات برقرار رکھے ہیں، ممبر خیبرپختونخوا نے کہا کہ عمران خان بیمار ہیں تو باقی لوگ کیوں پیش نہیں ہوئے؟ اس پر پی ٹی آئی رہنماؤں کے وکیل انور منصور نے کہا کہ مناسب ہوگا سب کا کیس ایک ساتھ ہی چلایا جائے، لاہور ہائی کورٹ نے عمران خان اور فواد چوہدری کے شوکاز معطل کر رکھے ہیں۔ وکیل فیصل چوہدری نے کہا کہ سپریم کورٹ کی گائیڈ لائنز آنے دی جائیں، ممبر خیبر پختونخوا نے کہا کہ شوکاز نوٹس کمیشن کے بینچ نے جاری کیا تھا سیکرٹری نے نہیں، وکیل انور منصور نے کہا کہ کمیشن کا آرڈر قانون کے مطابق نہیں ہے، ممبر خیبر پختونخوا نے کہا کہ اگر کمیشن غلطی کرتا ہے تو ہائی کورٹ سے آپ کو ریلیف مل جائے گا۔ ممبر سندھ نے کہا کہ سپریم کورٹ کے فیصلے کا انتظار تو ٹھیک ہے لیکن فریقین پیش کیوں نہیں ہو رہے، پی ٹی آئی وکیل نے کہا کہ فواد چوہدری کی جانب سے حاضری سے استثنیٰ کی درخواست دے رہا ہوں، فواد چوہدری کو بخار اور فلو ہے، پیش نہیں ہوسکتے، ممبر سندھ نے کہا کہ توہین کسی کی ذات کی نہیں، کمیشن کی بطور ادارہ ہوئی ہے۔ پی ٹی آئی کے وکیل نے کہا کہ تمام سیاسی جماعتیں اور تمام افراد، اداروں کے احترام کے پابند ہیں، جو بھی ہونا ہے قانون کے مطابق ہونا ہے، پورا یقین ہے کہ کمیشن انصاف کرے گا۔ ممبر خیبر پختونخوا نے کہا کہ ہم پر کوئی شک نہ کریں، ہمارا کسی سے عناد نہیں، ممبر پنجاب نے کہا کہ اسد عمر نے عدالت میں معافی مانگی تو یہاں کیوں نہیں آتے؟ کمیشن آکر بھی کہہ دیں کہ یہ نہیں کہنا چاہتے تھے۔ وکیل فیصل چوہدری نے جواب دیا کہ آپ کا پیغام پہنچادوں گا، ممبر خیبر پختونخوا نے کہا کہ ممبر پنجاب کی معذرت والی بات پر غور کریں، ممبر پنجاب نے کہا کہ اصل چیز ملک ہے وہ ہے تو ہم سب ہیں۔ اس کے ساتھ ہی الیکشن کمیشن نے آئندہ سماعت پر عمران خان، اسد عمر اور فواد چوہدری کو پیش ہونے کی ہدایت کرتے ہوئے کیس کی سماعت 3 جنوری تک ملتوی کر دی۔

بقیہ 17

ئی جی لیگل سینٹرل پولیس آفس تعینات، گریڈ 20 کے افسر ڈپٹی کمانڈنٹ پولیس کانسٹیبلری فاروق آباد محمد ادریس کو کمانڈنٹ پولیس ٹریننگ کالج لاہور تعینات، گریڈ 19 کے افسر سٹی پولیس آفیسر ملتان خرم شہزاد حیدر کو ڈپٹی کمانڈنٹ پنجاب کانسٹیلبری فاروق آباد تعینات، گریڈ 19 کے افسر ایس ایس پی انٹیلی جنس سی ٹی ڈی پنجاب شاکر حسین داوڑ کو سٹی پولیس آفیسر ملتان تعینات اور تقرری کے منتظر گریڈ 19 کے افسر محمد عاطف اکرام کو ڈی آئی جی انویسٹی گیشن مانیٹرنگ، انویسٹی گیشن برانچ پنجاب تعینات کر دیا گیا۔

بقیہ 18

ادکی دی گئی لائن پر پوری سیاسی پارٹی چل رہی ہوتی ہے، لائن فالو کرنے سے فائدہ صرف چند افراد کی ذات کو پہنچتا ہے، نیب ترمیم کی ہدایت کرنے والوں کو اصل میں فائدہ پہنچا، کیا ایسی صورتحال میں عدلیہ ہاتھ پیر باندھ کر تماشا دیکھے؟ نیب ترامیم کو بغیر بحث جلد بازی میں منظور کیا گیا، ترامیم کی نیت ہی ٹھیک نہ ہو تو آگے کچھ اور جاننے کی ضرورت ہی نہیں۔ چیف جسٹس پاکستان نے کہا کہ عدالتی فیصلوں کے باوجود کرپشن ختم نہیں ہوسکی، مسئلہ صرف کرپشن کا نہیں سسٹم میں موجود خامیوں کا بھی ہے، سسٹم میں موجود خامیاں کبھی دور کرنے کی کوشش نہیں کی گئی جبکہ پارلیمان کا کام ہے سسٹم میں بہتری کیلئے قانون بنائے اور عمل بھی کرائے۔ چیف جسٹس عمر عطا بندیال نے مزید کہا کہ صوبے میں 5 ماہ بعد آئی جی اور 3 ماہ میں ایس ایچ او بدل جاتا ہے، ایگزیکٹو فیصلے کرتے وقت قانون پر عمل نہیں کیا جاتا۔ چیف جسٹس نے کہا کہ ماضی میں ریکوڈک اور اسٹیل مل کے فیصلے عدالت نے اچھی نیت سے کیے، حکومت سسٹم کی کمزوری کے باعث منصوبوں میں کرپشن پکڑ نہیں سکی۔ انہوں نے کہا کہ نیب قانون کے غلط استعمال سے کتنے لوگوں کے کاروبار تباہ ہو چکے ہیں، کرپشن پر کسی صورت معافی نہیں ہونی چاہیے۔

بقیہ 19

دورہ پاکستان و کشمیر ہماری سفارتی کامیابی ہے، کشمیر و فلسطین پر ہمارا موقف دوٹوک ہے نہ کبھی تبدیل ہوا نہ ہو گا۔ منگل کو اپنے دفتر میں پریس کانفرنس سے خطاب میں انہوں نے کہا کہ او آئی سی کے سیکرٹری جنرل نے تین روزہ پاکستان اور کشمیر کا دورہ کیا یہ دورہ مضبوط سفارتکاری اور مضبوط تعلقات کا عکاس تھا۔ انہوں نے وزیراعظم شہباز شریف صدر و وزیراعظم آزاد کشمیر سے ملاقاتیں کیں اور عام کشمیریوں سے ملے۔ انہوں نے اس دورے میں کشمیر موقف کی حمایت کا عزم دوہرایا۔ علامہ طاہر اشرفی نے کہا کہ یہ پاکستان کا موقف کشمیر کے حوالے سے بڑا واضح ہے، گزشتہ روز وزیراعظم نے ملاقات میں پاکستانی موقف دہرایا کہ کشمیر و فلسطین کا مسئلہ ہر صورت حل ہونا چاہیے انہوں نے کہا کہ ہم خادم حرمین شریفین اور سیکرٹری جنرل او آئی سی کا شکریہ ادا کرتے ہیں او آئی سی نے کبھی کشمیر کے مسئلے پر اپنا موقف تبدیل نہیں کیا۔ انہوں نے کہا کہ اس وقت ملکی صورتحال میں ایک فضا بنانے کی ضرورت ہے جس میں تمام سیاسی قوتیں بیٹھیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان تب مضبوط ہوگا جب ہم میثاق پاکستان کرینگے، معیشت اور اقتصادی صورتحال اسی وقت بہتر ہوگی جب ہم بیٹھیں گے۔ انہوں نے کہا کہ ہم اپنی قیادت سے یقین رکھتے ہیں کہ وہ ذاتی اناؤں کو چھوڑ کر بیٹھے گی۔ انہوں نے کہا کہ مسیحی برادری کے ساتھ کرسمس کے حوالے سے جو تعاون ممکن ہوا کرینگے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان ہر پاکستانی کا ہے، ہمارا آئین ہمارا دستور قرآن پاک کے تابع ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایک بیرونی مہم پاکستانی سلامتی کے اداروں کے خلاف ہے اس کے خلاف صف آراء ہونا ہر پاکستانی کا فرض ہے۔ انہوں نے کہا کہ ارشد شریف شہید کیس میں ہمارے دشمنوں نے پوری کوشش کی کہ ملک میں تقسیم پیدا ہو اور اداروں کے خلاف مہم چلائی گئی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان دشمن قوتیں جو چاہتی تھیں وہ بیانیہ بعض قوتوں نے چلانے کی کوشش کی مگر قوم نے اسے اہمیت نہیں دی۔ اس کھیل کا مقصد پاکستان کے اندر غیر یقینی صورتحال پیدا کرنا تھی۔ انہوں نے کہا کہ سوشل میڈیا پر مہم وہ چلا رہے ہیں جو بیرون ملک بیٹھ کے زہر اگل رہے ہیں۔ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ کشمیر و فلسطین پر ہمارا دوٹوک موقف ہے پاکستان کی پالیسی وہی ہے جو طے شدہ ہے انہوں نے کہا کہ اس کی کیا ضمانت ہے کہ آج الیکشن ہو جائیں تو عمران خان اسے قبول کرینگے، جب فوج سیاست سے الگ ہوگئے ہیں تو سیاستدان بیٹھ کے حل کریں۔ انہوں نے کہا کہ ملکی سلامتی کے اداروں کے خلاف مہم کے کرداروں کے خلاف کارروائی ہونی چاہیے، ارشد شریف کے قاتلوں کو سب مل کے تلاش کریں یہ اس کے خون کیساتھ زیادتی ہے جن کا نام خان صاحب لیتے رہے ہیں وہ اب ارشد شریف کی درخواست میں بھی وہی نام لکھے گئے ہیں یہ اداروں کے خلاف سازش نہیں تو اور کیا ہے۔

بقیہ 20

ئی ہیں، یہاں وہ مختلف سیمینارز میں شرکت کریں گی۔ اس موقع پر لمز یونیورسٹی میں ملالہ یوسف زئی کے اعزاز میں تقریب کا اہتمام کیا گیا ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ ملالہ یوسف زئی 16 دسمبر کو واپس جائیں گی۔

بقیہ 21

لینے کی منظوری دے دی ہے۔ ذرائع کے مطابق پاکستان میں ہی کسی کمپنی سے جہاز کرائے پر لینے کیلئے جلد کوٹیشنز طلب کی جائیں گی، جس کے بعد مناسب کرایہ لینے والی کمپنی سے طیارے لے لیا جائے گا۔

بقیہ 22

طور پر ناخوش ہے اور ان کی نااہلی کی سزا برداشت کرنے کو تیار نہیں۔

بقیہ 23

ڈی ایف سی لاہور ٹو مظہر حسین بلوچ نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ بے ضابطگیاں کرنے والی فلور ملز کو تقریباً چار کروڑ روپے تک جرمانہ کیے جا چکے ہیں، سزا کے طور پر فلور ملز کے سرکاری گندم کے کوٹے معطل کیے گئے جبکہ مزید کارروائیاں تیزی سے جاری ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جن علاقوں میں آٹے کی قلت کا سامنا تھا وہاں پر آٹا آبادی کے لحاظ سے دوگنا فراہم کیا جا رہا ہے، اب کہیں بھی لاہور میں آٹا کی قلت کی خبر نہیں ہے فوڈ انسپکٹرز کو ہدایت جاری کی گئی ہے کہ آٹے کو دیگر شہروں میں بلیک کرنے والی آٹا مافیا کی مجھے فوری رپورٹ پیش کریں میں انکے خلاف سخت ایکشن لوں گا انکے لائسنس معطل کرنے کیساتھ ساتھ مقدمات درج بھی کروائے جائیں گے، اب تک کی دوکانداروں کیخلاف کارروائی میں لاہور سمیت پنجاب میں آٹا ڈیلروں کے چھ سو کے قریب لائسنس معطل کیے جا چکے ہیں، یہ ان لوگوں کے لائسنس معطل کیے گئے جو آٹے کی بلیک میں فروخت کرتے تھے، میڈیا اور ہمارا چولی دامن کا ساتھ ہے میڈیا نمائندگان آٹا بلیک کرنے والوں کی نشاندہی کریں آٹا مافیا کیخلاف بلاامتیاز کارروائیاں جاری رکھوں گا۔

بقیہ 24

عمران نیازی نے نئے کنکشن پر پابندی لگائی تھی۔ قادر مندوخیل نے کہا کہ میرے حلقہ میں گیس کے کنکشن نہیں دیئے جا رہے ہیں اس پر حامد حمید نے کہا کہ نئے کنکشن کیلئے نئی پالیسی وضع کی جائے گی، پچیس ہزار میں گیس کنکشن دینے کی پالیسی بنائی گئی تھی اس پر بھی عمل نہیں کیا جا رہا۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم نے پورے ملک میں گیس کا شیڈول دیا ہے، ملک میں گیس کی مانگ اس کی موجودہ مقدار سے زیادہ ہے، گیس حاصل کرنے کیلئے متعدد نئے کنوئیں کھودے جا رہے ہیں کچھ حاصل شدہ گیس نیشنل گریڈ میں آ گئی ہے۔

بقیہ 25

اہمیت دیتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ قاسم جومارت توکائیو کی قیادت پر اعتماد کرنے اور انہیں صدر منتخب کرنے پر قازق عوام اور پارلیمان کو مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ صادق سنجرانی نے کہا کہ نو منتخب صدر قازقستان کی رہنمائی میں قازقستان ترقی اور خوشحالی کی نئی بلندیوں کو چھوئے گا اور پاک-قازقستان دوستی مزید مضبوط ہوگی۔ چیئرمین سینیٹ نے وفد کو قازقستان کے یوم آزادی پر پیشگی مبارکباد پیش کی۔ چیئرمین سینیٹ نے دونوں ممالک کے درمیان اس سال فروری میں سفارتی تعلقات کے قیام کے 30 سال مکمل ہونے پر مبارکباد پیش کی۔ چیئرمین سینٹ نے کہا کہ پاکستان کے سیلاب سے متاثرہ لوگوں کے لیے فراخدلانہ امداد کے لیے قازقستان کی حکومت کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔ چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ وژن سنٹرل ایشیا پالیسی کے ذریعے وسطی ایشیائی ممالک کے ساتھ پائیدار اور نتیجہ خیز روابط قائم کرنے کے خواہاں ہیں۔ صادق سنجرانی نے کہا کہ کراچی اور گوادر بندرگاہوں کے ذریعے وسطی ایشیائی ریاستوں کو رسائی کی فراہمی اس وژن کا ایک اہم عنصر ہے۔ چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ قازقستان کی پارلیمنٹ کے وفد کا استقبال کرتے ہوئے خوشی محسوس کر رہا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ امید ہے کہ یہ دورہ برادر ممالک کے درمیان مفاہمت اور تعاون کو مضبوط بنائے گا۔ انہوں نے کہا کہ پارلیمان عوامی رائے کا مظہر ہے اور اراکین پارلیمنٹ کے درمیان باہمی تبادلے لوگوں کو قریب لانے کا بہترین ذریعہ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ادارہ برائے پارلیمانی خدمات، پارلیمنٹیرینز کے تحقیق اور استعداد کار بڑھانے کا اپنی نوعیت کا منفرد ادارہ ہے۔ چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ انسٹیٹیوٹ پارلیمانی تجربات اور علم کو بانٹنے کے لیے ایک بہترین فورم فراہم کرسکتا ہے۔ چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ دونوں ممالک کی صلاحیت کو دیکھتے ہوئے، دوطرفہ تجارت کو فروغ دینے کے لیے نئی راہیں تلاش کرنے کی اشد ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں اپنی تجارت میں تنوع لانے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ توانائی، زراعت، آئی ٹی، ٹیکسٹائل، توانائی اور لاجسٹکس اور ہاؤسنگ اور تعمیرات کے شعبوں میں مشترکہ منصوبے شروع کیے جا سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سرمایہ کاری کے لئے پاکستان میں وسیع مواقع موجود ہیں۔ انہوں نے کہا کہ قازقستان کے سرمایہ کار پاکستان آئیں، سرمایہ کاری کریں اور منصوبوں میں اشتراک کریں، ہم خوش آمدید کہیں گے۔

بقیہ 26

ی اور بیرسٹر میاں ولید اشرف کی وساطت سے بھجوائے گئے اپنے جواب میں نے اومنی گروپ کی جانب سے نیب سے کی گئی پلی بارگین کی تفصیلات بھی فراہم کردیں۔ تحریک انصاف کے میڈیا سیل کی جانب سے جاری کئے گئے اعلامیے کے مطابق اومنی گروپ نے 22 نومبر 2022 کو عمران خان کو ہرجانے کا نوٹس بھجوایا تھا۔ عمران خان کے وکلاء نے اپنے جواب میں کہا ہے کہ یہ نوٹس قانونی اعتبار سے سراسر ناقص ہے، نوٹس ہتک عزت آرڈیننس 2002 کے قواعد وضوابط پر پورا نہیں اترتا، جولائی 2018 میں سپریم کورٹ کے حکم پر بنائی گئی جے آئی ٹی کی تحقیقاتی رپورٹ میں اومنی گروپ، زرداری گروپ اور بحریہ ٹاؤن کے مابین قریبی تعلقات کا انکشاف ہوا، نیب کی جانب سے جعلی اکاؤنٹس اور بدعنوانی کے چھ کیسز پر تحقیقات کا آغاز کیا گیا، نیب ریفرنسز کے مطابق ان کیسز میں زرداری گروپ اور بحریہ ٹاؤن کے ساتھ اومنی گروپ کو بھی نامزد کیا گیا، احتساب عدالتوں کی منظوری سے 9 ارب کے پلی بارگین کی اجازت دی گئی، ریاست بنام حسین لوائی کے ریفرنس میں 2129.789 ملین، ریاست بنام منظور قادر کاکا کے ریفرنس میں 200 ملین، ریاست بنام خواجہ انور مجید کے ریفرنس میں 1563.019 ملین کے پلی بارگین کی منظوری دی گئی۔ عمران خان کے جواب میں مزید کہا گیا ہے کہ مشتاق احمد اور زین ملک کے مشترکہ اکاؤنٹ کے ذریعے بحریہ ٹاؤن سے 8.3 ارب روپے کی جعلی اکاؤنٹس میں کی جانے والی ٹرانزیکشن میں سے 31.794 ملین کے پلی بارگین منظوری دی گئی، زرداری گروپ کی جانب سے جے وی اوپل-225 میں 1.22 ارب کے کک بیکس کے معاملے میں 170 ملین کی پلی بارگین کی اجازت دی گئی، بحریہ ٹاؤن پرائیویٹ لمیٹڈ اور زین ملک اور مشتاق احمد کے مشترکہ اکاؤنٹ سے جعلی اکاؤنٹ میں کی جانے والی ٹرانزیکشن میں سے 4955.95 ملین روپے کی پلی بارگین کی منظوری دی گئی۔ عمران خان کی جانب سے کہا گیا کہ ان حقائق کی وجہ سے اومنی گروپ کی جانب سے بھیجا گیا نوٹس بے بنیاد، غیر قانونی، جعلی اور یکسر غلط ہے، اومنی گروپ فوری طور پر اپنا نوٹس واپس لے اور معافی مانگے۔

بقیہ 27

ن شریف خاندان پر کرپشن کے الزامات لگاتے رہے، خود حکومت میں رہنے کے باوجود شریف خاندان پر کوئی کرپشن ثابت نہ کرسکے، عمران نیازی نے اپنے دور اقتدار میں مخالفین کو انتقام کا نشانہ بنایا، ڈاکٹر محمد اقبال مغل نے کہا کہ آئیندہ دور مسلم لیگ ن کا ہے، قائد نواز شریف کا پاکستان آمد پر تاریخ ساز استقبال کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ عمران نیازی نے پہلے نیا پاکستان بنانے کا دعویٰ کیا ان کے نئے پاکستان نے پرانے پاکستان کا بھی ستیاناس کردیا، ناکام حکومتی پالیسیوں کا غبار حکومتی اتحاد بھگت رہا ہے، تمام ترکوششوں کے باوجود عمران نیازی کا پھیلایا ہوا گند صاف نہیں ہو رہا، نئے پاکستان بنانے کے بعد اب انہوں نے آزادی مارچ بھی شروع کیا جس میں وہ مکمل طور پر ناکام ہوئے، اب اسمبلیاں توڑنے کا وعدہ کر رہے ہیں لیکن پھر وہ یوٹرن لیں گے۔

بقیہ 28

منطق پر چلتا رہا۔ انہوں نے کہا کہ دوسرا وزیر خزانہ کہتا تھا کہ ڈالر 200 روپے سے نیچے لے آؤں گا لیکن حالت یہ ہے کہ ایل سیز کھولنے کے لیے ڈالر دستیاب نہیں۔ حماد اظہر نے کہا کہ معاشی ماہرین کے مطابق ہم ٹیکنیکل طور پر ڈیفالٹ کر چکے ہیں جبکہ الیکشن کے بغیر معاشی اور سیاسی استحکام نہیں آئے گا۔

بقیہ 29

ہے، گھڑی کے ہیرے بیچ دیئے گئے، کیا یہ کرپشن نہیں۔ ن لیگی رہنما نے کہا کہ عمران خان اسمبلی میں آجائیں، انہیں اپنے کرپشن کیسز کا جواب دینا ہوگا، الیکشن میں عوام کی مرضی ہے جسے چاہے منتخب کریں۔ انہوں نے مزید کہا کہ دسمبر میں صارفین کو گیس دینے کی پوری کوشش کر رہے ہیں۔

بقیہ 30

بشیر احمد بری طرح زخمی ہوگیا اسے فوری طور پر ریسکیو کے عملہ نے مرید کے ٹی ایچ کیو ہسپتال منتقل کیا مگر وہ زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے جاں بحق ہوگیا۔ جبکہ بیٹا ہیلمٹ استعمال کرنے کی وجہ سے معمولی زخمی ہوا جسے مرہم پٹی کے بعد فارغ کر دیا گیا۔

بقیہ 31

زیادہ دیر نہیں چلے گی جلد خاتمہ ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ فاشٹ حکمران ٹولے کے حواری جھوٹ بول کر قوم کو گمراہ نہیں کر سکتے، 13 کرپٹ جماعتیں مل کر بھی ملک کو بحرانوں سے نکالنے میں بری طرح ناکام ہو چکی ہیں ملک دن بدن بحرانوں میں دھنستا جا رہا ہے، اب اس کا ایک ہی حل باقی بچا ہے کہ ملک میں فوری نئے انتخابات کروائے جائیں۔

بقیہ 32

کیلئے آسان شرائط پر قرض دے رہا ہے، لیکن ملک بھر میں مہنگائی کے طوفان کے سبب اب کنٹریکٹرز پراجیکٹ پر کام کرنے سے انکار کر رہے ہیں۔ کنٹریکٹرز نے پراجیکٹ پر تعمیراتی کام جاری رکھنے کے لیے منصوبے کی لاگت میں اضافہ کرنے کا مطالبہ کر دیا ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ ایشین ڈویلپمنٹ کے تعاون سے فیصل آباد سمیت پنجاب بھر میں شہری ترقی کا پروگرام جاری ہے، کنٹریکٹرز نے پی سی ون میں مٹیریل کے موجودہ نرخوں کے مطابق ترامیم کی شرط رکھ دی ہے۔ ذرائع کے مطابق محکمہ بلدیات نے پنجاب سٹیز پروگرام پر کنٹریکٹرز کے مسائل پہ حکومت کو آگاہ کر دیا ہے۔ دوسری جانب حکام کا کہنا ہے کہ پراجیکٹ کی لاگت میں ترامیم سے خزانے پر 15 ارب روپے کا اضافہ بوجھ پڑے گا، پراجیکٹ کی لاگت نئے تعمیراتی میٹریل کے مطابق نہ بڑھائی تو منصوبہ مزید 9 ماہ کے لیے تاخیر کا شکار ہو جائے گا۔

بقیہ 33

نے رقاصہ علینا کے ساتھ ڈانس کیا جس کی ویڈیو وائرل ہونے پر ڈی پی او محمد طارق عزیز نے نجی محفل میں پولیس اہلکار کے رقاصہ کے ساتھ ڈانس کے معاملہ کا فوری نوٹس لیتے ہوئے پولیس اہلکار عمران کو معطل کر دیا اور اے ایس پی صدر کو انکوائری آفیسر مقرر کر کے تین یوم میں رپورٹ طلب کر لی۔ ڈی پی او محمد طارق عزیز کا کہنا ہے کہ پولیس کا کام ایسی سرگرمیوں کی حوصلہ شکنی کرنا ہے اس لئے ایسی سرگرمیوں میں ملوث ہونے کا مطلب ان کی حوصلہ افزائی ہے۔ ڈی پی او نے کہا کہ کسی پولیس اہلکار کو ایسا فعل کرنے کی ہرگز اجازت نہیں اس لئے انکوائری رپورٹ موصول ہونے پر سخت محکمانہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

بقیہ 34

ریجن کے علاقہ تری خیل اڈے کے قریب موٹر سائیکل اور بجری سے لوڈ ٹریکٹر ٹرالی کے تصادم میں موٹر سائیکل سوار شادی شدہ خاتون موقع پر جاں بحق ہوگئی اور موٹر سائیکل پر سوار اس کے بھانجے سمیت دو افراد شدید زخمی ہوگئے۔ جن کو ریسکیو کر کے ڈی ایچ کیو ہسپتال میانوالی منتقل کر دیا۔ پولیس نے متوفیہ کی نعش ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے سپرد کر کے ٹریکٹر ٹرالی کے ڈرائیور کو گرفتار کرتے ہوئے مصروف تفتیش ہے۔

بقیہ 35

خیالات کا اظہار انہوں نے فیروز پور بورڈ کے تاجروں کے وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ روس کے ساتھ درآمدی تیل معاہدہ سے حکومت کی توانائی کی بڑھتی ہوئی ضروریات کو پورا کرنے اور ملک کو تیل کے بڑھتے ہوئے درآمدی بل میں کمی لانے میں مددگار ثابت ہوگا۔ فاؤنڈر گروپ کے رہنما میاں محمد اشرف نے کہا کہ پاکستان دنیا میں خام تیل درآمد کرنے والا 35 واں بڑا ملک ہے 2021 میں پاکستان نے خام تیل کی درآمد پر 1.92 بلین ڈالر خرچ کیے۔ روس کا سستا تیل بلاشبہ پاکستان کے معاشی دباؤ کو کم کرے گا روس سے سستے تیل معاہدے سے عوام کو سستے نرخوں پر تیل کی فراہمی ممکن ہوسکے گی۔ اور عوام اور صنعتی شعبہ کی تیل کی بڑھتی قیمتوں میں کمی سے ریلیف ملے گا۔

بقیہ 36

رکیا گیا۔ ملزمان سے برآمد ہونے والے موبائل فونز اور گاڑی کو قبضے میں لے لیا گیا۔ ملزمان کیخلاف پیکا ایکٹ کے تحت مقدمات درج کر لئے گئے۔ گرفتار ملزمان سے مزید تفتیش جاری ہے

بقیہ 37

مقابلہ کرنے پر پولیس پارٹی کو شاباش دی۔

بقیہ 38

کے کسی بھی مقابلوں میں حصہ لیسکے لیں۔ پہلے مرحلے میں فرسٹ ایئر، انٹر اور بی اے کلاسوں کی چھ ٹیموں نے مقابلے میں حصہ لیا۔ مقابلوں میں آرٹس اور سائنس کلاسز کی آرگنائزنگ کمیٹی کی پروفیسر عصمت بانو، پروفیسر بشریٰ شیخ اور پروفیسر نصرت ابڑو نے ٹیموں سے 100/100 سوالات کیے۔ ڈائریکٹر فزیکل ایجوکیشن عائشہ ارم نے میڈیا کو تفصیلات سے آگاہ کیا۔ نتائج کے مطابق انٹر کی ٹیم ای نے 58 سوالات کے درست جوابات دیتے ہوئے پہلی پوزیشن حاصل کی۔ ٹیم ڈی نے 54 سوالات کے درست جوابات دیتے ہوئے دوسری پوزیشن جبکہ ٹیم سی نے 48 سوالات کے درست جوابات دیتے ہوئے تیسری پوزیشن حاصل کی جبکہ ٹیم بی اور ایف 40/40 اور ٹیم اے 36 سوالات کے درست جوابات دے سکیں۔ منعقدہ کوئیز مقابلوں کے دوران اساتذہ اور دیگر طلبات نے درست جوابات دینے والی طالبات کو خوب سراہا اور داد دی۔ آخر میں پرنسپل پروفیسر رخسانہ جونیجو نے پہلی دوسری اور تیسری پوزیشن حاصل کرنے والی ٹیموں کو انعامات دیئے۔

بقیہ 39

نبیلہ سے مراسم استوار کر لئے اور بیوی کو طلاق دیئے بغیر سالی سے پسند کی شادی کرتے ہوئے جھوٹا نکاح نامہ تیار کر لیا۔ نبیلہ سے ناجائز نکاح کا علم ہوا تو ملزم ارشد 5 لاکھ کے زیورات اور نقدی لیکر فرار ہوگیا۔ تھانہ غلام محمد آباد پولیس نے زیر دفعہ 949/380 ت پ کے تحت مقدمہ درج کر لیا ہے اور ملزم کی گرفتاری کیلئے چھاپے مار رہی ہے۔

بقیہ 40

2021 کو نادر خان نے بیوی سے جھگڑا کیا تو اس کا کہنا تھا کہ بیٹا دے یا بیٹی یہ اللہ تعالیٰ کی دین ہے میرا کوئی قصور نہیں جس پر باپ نے اپنی تین بیٹیوں 4 سالہ ارفہ فاطمہ، 3 سالہ علیشہ فاطمہ اور سوا سالہ عائشہ فاطمہ کو فائرنگ کر کے قتل کر دیا جس کا مقدمہ مقتولین بچیوں کے نانا صوبیدار (ر) عطاء اللہ خان کی مدعیت میں پولیس نے درج کر کے ملزم کو گرفتار کر لیا اور ملزم کو جیل بھجوا کر اپنی تفتیش مکمل کرتے ہوئے چالان عدالت پیش کر دیا۔ جس کا گزشتہ روز ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج میانوالی اورنگ زیب نے فیصلہ سناتے ہوئے تین بیٹیوں کے قاتل باپ کو تین بار سزائے موت اور 15 لاکھ روپے جرمانہ کی سزا کا حکم سنا دیا

بقیہ 41

مہنگا علاج کروانے پر مجبور ہیں۔ سروے میں معلوم ہوا ہے کہ صنعتی اداروں میں کام کرنے والے ملازمین کی صحت کیلئے حکومت پنجاب ایمپلائز سوشل سیکورٹی انسٹی ٹیوشن کا محکمہ سفید ہاتھی بن کر رہ گیا ہے جو صنعتی کارکنان کی جان اور صحت کے تحفظ کی بجائے بااثر فیکٹری مالکان کو تحفظ فراہم کر کے اپنا نمک حق ادا کر رہے ہیں۔ قانونی ضابطے کے مطابق ہر فیکٹری مالک 25 ہزار روپے ماہانہ تنخواہ حاصل کرنیوالے اپنے ملازم کی تنخواہ کا 6 فی صد کنٹری بیوشن (پیسی) پنجاب ایمپلائز سوشل سیکورٹی انسٹی ٹیوشن کو ادا کرنے کا پابند ہے لیکن وہ محض چند ملازمین کا کنٹری بیوشن ادا کر کے سرکاری خزانے کو نقصان پہنچا رہا ہے۔ سروے میں مزید معلوم ہوا ہے کہ جن فیکٹریوں میں ایک ہزار کے قریب ملازمین کام کرتے ہیں اس فیکٹری کی انتظامیہ پیسی افسران کی ملی بھگت سے چند سو افراد کا کنٹری بیوشن ادا کر رہے ہیں۔ سروے میں مزید انکشاف ہوا ہے کہ متعدد ایسے ادارے بھی قائم ہیں جہاں پیسی اور ای او بی آئی جیسے اداروں کی شناخت تک موجود نہیں، مزدور طبقہ کی زندگیوں اور صحت سے کھیلنے والے ایسے صنعتی اداروں کے خلاف آج تک کوئی کارروائی عمل میں نہیں لائی گئی۔ ذرائع کے مطابق فیکٹری مالک کنٹری بیوشن کیلئے بوگس لسٹیں الگ تیار کرواتے ہیں

بقیہ 42

خیبر کے عوام کو گھر کے دہلیز پر رجسٹریشن کی سہولت فراہم کی جا رہی ہے۔

بقیہ 43

پلیٹس سے چھیڑ چھاڑ کا مطلب شناخت کو چھپانا ہے۔ انہوں نے کہا کہ شہریوں کو وارننگ اور آگاہی کے بعد کریک ڈاؤن کیا جا رہا ہے، بوگس نمبر پلیٹس لگانے پر موٹروہیکل آرڈیننس 97 اے کے تحت مقدمے درج کروائے جائیں گے۔ ایسی تمام وہیکلز جن پر نمبر پلیٹس ایکسائز کے نمونے کے مطابق لگیں ہونگیں ان کا چالان نہیں کیا جائیگا، ایسے شہری جنہوں نے نمبر پلیٹس کیلئے اپلائی کیا ہوا ہے وہ ایکسائز سلیپ ساتھ رکھیں۔ ڈاکٹر اسد ملہی نے کہا کہ رواں سال کے دوران غیر نمونہ نمبر پلیٹس لگانے پر 01 لاکھ ہزار 52 ہزار چالان کئے گئے، بوگس نمبر پلیٹس لگانے پر 119 مقدمات درج کروائے گئے، اپلائیڈ فار، بلا نمبری گاڑی و موٹر سائیکل چلانے پر 02 لاکھ سے زائد چالان کئے گئے، کالے شیشے لگانے پر 01 لاکھ ہزار 10 ہزار گاڑیوں کو چالان ٹکٹ جاری کئے گئے۔

بقیہ 44

شامل ہیں۔ جو مختلف جگہوں سے گن پوائنٹ پر شہریوں سے قیمتی اشیاء، موٹر سائیکل اور نقدی وغیرہ اسلحہ کے زور پر چھین لیتے تھے، جن کے قبضہ سے 3 عدد موٹر سائیکل، 1 عدد لوڈر رکشہ مالیتی 3 لاکھ 30 ہزار اور 1 لاکھ 25 ہزار روپے نقدی اور وارداتوں میں استعمال ہونے والا اسلحہ 3 عدد پسٹل 30 بور برآمد کئے گئے۔ ملزمان کی مزید تفتیش جاری ہے۔

بقیہ 45

کی رقم مبلغ 27 لاکھ ریکور کر لی پولیس تھانہ گوجرخان کی اس کارروائی پر ایس پی صدر نے شاباش دی اور انکی کارکردگی کو سراہا اور کہا کہ شہریوں کی جان و مال کا تحفظ اولین ترجیح ہے جسے یقینی بنایا جا رہا ہے متاثرہ شخص محمد سلیمان ولد بوستان خان سکنہ اسلام آباد نے گوجرخان پولیس کو درخواست دی کہ میں نے اپنے بھتیجا احمد ولد اشتیاق احمد سکنہ بھلوٹ گوجرخان سے دوکان 27) لاکھ (میں مورخہ 1.12.22 کو خریدی اور دکان کا قبضہ میرے حوالے کیا گیا جس پر سائل نے دوکان خالی وصول پا کر دکان میں اپنا ضروری سامان رکھ کر تالا لگا دیا تھا مورخہ 22،2.12 کو دوبارہ مہتاب نے دوکان کا تالا توڑ کر ناجائز قبضہ کر لیا پولیس تھانہ گوجرخان نے متاثرہ شہری کی درخواست پر تھانہ گوجرخان میں مقدمہ نمبر 1358/22 ملزمان مہتاب وغیرہ کے خلاف 448/380/506ii ت پ کے تحت درج کر کے ملزمان کو گرفتار کر کے انکے قبضے سے 2700000 27) لاکھ (برآمد کر کے سائل کے حوالے کیے ایس ایچ او تھانہ گوجرخان نے کہا کہ ملزمان کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان عدالت کر کے سزایاب کروایا جائے گا

بقیہ 46

انتظامیہ کی اس عظیم کاوش پر ڈپٹی کمشنر محمد فاروق رشید کا شکریہ بھی ادا کیا۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ نمائش کا انعقاد خوش آئند ہے، انہوں نے پیر امتیاز حیدر شاہ کے جذبہ ایمانی کو بھی سراہا اور کہا کہ انہوں نے ہاتھ سے دنیا کے سب سے بڑے قرآن مجید تحریر کر کے عالمی ریکارڈ قائم کیا ہے۔ جن کی کاوشوں کو سلام پیش کرتے ہیں، بچے شوق سے اسے دیکھنے کیلئے آئے ہیں۔ ڈپٹی کمشنر نے مزید کہا کہ یہ اللہ تعالیٰ کی سچی اور مقدس کتاب ہے، یہ حکمت سے بھری ہوئی ہے اسے ہم اپنی زندگی میں لائیں گے تو نہ صرف دنیا بلکہ آخرت میں بھی کامیابی پائیں گے، میری اپنے تمام دوست احباب، طلباء وطالبات سے گزارش ہے کہ وہ قرآن پاک کو اپنی زندگیوں میں لائیں اور اسکے مفہوم کو سمجھیں اور اسکے مطابق اپنی زندگی گزاریں۔

بقیہ 47

جب بھی محسن کش لوگوں کی تاریخ لکھی جائے گی تو اس میں عمران خان کا نام سرفہرست لکھا جائے گا اس کی یہ عادت ہے کہ یہ اپنے محسنوں سے کام لینے کے بعد ان پر تنقید کرتا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ ایک بات تو ثابت ہوگئی ہے کہ پی ٹی آئی جو کہ خود کو ملک گیر جماعت کہتی تھی وہ سکڑ کر اب لاہور کے لبرٹی گول چکر تک ہی محدود ہوگئی ہے اور اس کے ارد گرد ہی گھومتی نظر آتی ہے اس دوغلی جماعت کے دن گنے جا چکے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ملک کو انتشار کی طرف دھکیلنے والی تحریک انصاف کا آئندہ عام انتخابات میں کوئی ٹکٹ لینے والا نہ ہوگا اور عمران خان سیاسی قصہ پارینہ بن کر رہ جائیں گے۔

بقیہ 48

کرتے ہوئے بتایا کہ 7 سٹار شوگر ملز کے دھواں اور چمنی سے نکلنے والی راکھ کی وجہ سے شہر اور اس کے گردونواح کی عوام سانس گلا اور دیگر بیماریوں میں مبتلا ہونے لگے شہریوں نے بتایا کہ سارا سارا دن اور رات مل سے آنے والی راکھ کپڑے کھانے پینے کی اشیاء اور دیگر خورد ونوش چیزوں پر جذب ہو جاتی ہے جس کے استعمال سے شہری پیٹ کی بیماریوں کا شکار ہو گئے ہیں اور فضا گرد آلود ہونے کے باعث عوام گھروں کے اندر بھی محفوظ نہیں شہری آنکھوں، گلا، سانس اور دیگر بیماریوں میں مبتلا ہیں جبکہ مقامی انتظامیہ اور محکمہ ماحولیات لمبی تان کر سو گیا ہے شہریوں نے اعلیٰ حکام سے فوری ایکشن لینے کا مطالبہ کیا ہے۔

بقیہ 49

خیرآباد پل آمد 16 ہزار 100 کیوسک اخراج 16 ہزار 100 کیوسک، جہلم میں منگلا کے مقام پر آمد 7 ہزار 900 کیوسک اور اخراج 20 ہزار کیوسک، چناب میں مرالہ کے مقام پر آمد 5 ہزار 700 کیوسک اور اخراج 2 ہزار کیوسک رہا۔ جناح بیراج آمد 53 ہزار 300 کیوسک اور اخراج

48 ہزار 300 کیوسک، چشمہ 50 ہزار 900 کیوسک اور اخراج 43 ہزار کیوسک، تونسہ آمد 45 ہزار 400 کیوسک اور اخراج 40 ہزار 700 کیوسک، گدو آمد 36 ہزار 400 کیوسک اور اخراج 30 ہزار 300 کیوسک، سکھر آمد 32 ہزار کیوسک اور اخراج 13 ہزار 800 کیوسک، کوٹری آمد 11 ہزار 400 کیوسک اور اخراج 500 کیوسک، تریموں آمد 6 ہزار 500 کیوسک اور اخراج صفر کیوسک، پنجند آمد 3 ہزار 900 کیوسک اور اخراج صفر کیوسک ریکارڈ کیا گیا۔ تربیلا کا کم از کم آپریٹنگ لیول 1398 فٹ، پانی کی موجودہ سطح 1496.60 فٹ، پانی ذخیرہ کرنے کی انتہائی سطح 1550 فٹ اور قابل استعمال پانی کا ذخیرہ 3.036 ملین ایکڑ فٹ، منگلا کا کم از کم آپریٹنگ لیول 1050 فٹ، پانی کی موجودہ سطح 1125.70 فٹ، پانی ذخیرہ کرنے کی انتہائی سطح 1242 فٹ اور قابل استعمال پانی کا ذخیرہ 0.946 ملین ایکڑ فٹ جبکہ چشمہ کا کم از کم آپریٹنگ لیول 638.15 فٹ، پانی کی موجودہ سطح 640.90 فٹ، پانی ذخیرہ کرنے کی انتہائی سطح 649 فٹ اور قابل استعمال پانی کا ذخیرہ 0.038 ملین ایکڑ فٹ رہا۔ تربیلا اور چشمہ کے مقامات پر دریائے سندھ، نوشہرہ کے مقام پر دریائے کابل اور منگلا کے مقام پر دریائے جہلم میں پانی کی آمد اور اخراج 24 گھنٹے کے اوسط بہاؤ کی صورت میں ہے۔

بقیہ 50

تک، اسلام آباد سرکل آرچرڈ سکیم، سی ڈی اے پمپ، میلوڈی، سعودی ایمبیسی، G/8-1، پنڈوریاں، شریف آباد، علی پور، لوہی بھیر، نیو F-9 پارک، G-10/1، I-8/3، I-10/4، G-13/2، MPCHS، ٹی اینڈ ٹی، کلڈنہ، گھڑیال، کوٹلی ستیاں، بلاورہ، شاہدرہ، کوٹلی، حاجی آباد، نڑھ، سٹی ٹو فیڈرز، ، راولپنڈی سٹی سرکل، نیشنل مارکیٹ، کری روڈ، کھنہ ٹو، مسلم ٹاؤن، خرم کالونی، سید پور روڈ، ٹی اینڈ ٹی، ل طہماسم آباد، لیاقت باغ، گلشن آباد، اقبال روڈ، مسلم آباد، عیدگاہ، کیانی روڈ، این آر سی، کمال آباد، زرکون ہائٹس، I-16/1، رتہ، کینٹ، نصرت روڈ، مسلم آباد، گلزار شہید، احسن آباد، پیرودہائی، باغ سرداراں، ڈھوک حسو، پی ایچ اے ٹو، کیرج فیکٹری فیڈرز، راولپنڈی کینٹ سرکل، بینک روڈ ٹو، آدم جی روڈ، رحمت آباد ون، نیشنل پولیس فاؤنڈیشن ون، ولائت کمپلیکس، ٹوبی پمپ، کے ایچ روڈ، شاہ پور، رنیال، قریشی آباد، کینٹ، سہالہ کالج، نیوروات، منصور شہید، آرسی سی آئی 1,2,3، کھوٹہ سٹی ون، کلر سیداں، ناڑا مٹور، حامد جھنگی، انڈسٹریل، سکھو، نشان حیدر، چک بیلی خان ٹو، شگین، اڈیالہ جیل، شاہ پور، خصالہ فیڈرز، اٹک سرکل، بوہی گھیر، ہرو، غازی کوہلی، ٹیکسلا، انڈسٹریل اسٹیٹ، باہتر، لالہ زار، خان آباد، لالہ رخ، شاہ اللہ دتہ، سرائے خربوزہ، نثار شہید، مارگلہ، میوزیم، کالا خان، براہما، انڈسٹریل، نڑھ ٹوپہ، کیپٹن اشتیاق، شکردرہ، موسیٰ، ویسا، مانسر، سوئی، کریا، جھاجی مار، جھنگ، میرا شیریف، مقصود شہید، کمڑیال، کھوڑ کنگن، بوہی گھیر، سالار گاہ، ہرو، گوری، مارگلہ فیڈرز، جہلم سرکل، عباسپور، F-13 گرمالا، لانگڑھ پور، منڈی بھلوال، سرائے عالمگیر، F-8 سول لائن، F-2 جیپ بورڈ، F-10 کالا بیس، بوریاں، انڈسٹریل، ہیملٹ، منگلا کینٹ، کیپٹن نثار شہید، بھگوال، نتھوالا، سنگھوئی، صفدر شہید، کرنل محمد اکرم، گوجرخان، سٹی سوہاوہ، چھپر شریف، ٹھاکرہ، گلیانہ، آرٹی ایم، اسلام پورہ، مٹواہ فیڈرز، چکوال سرکل کریالہ، آرا بازار، لائن پارک، مینگن، کلر کہار، سرپاک، دولتالہ، ڈوڈیال سٹی، خان پور، بھیکری، بشارت، ڈنڈوت، ڈفر، ٹوبہ، کچہری، عبداللہ پور جی ایس او سرکل، صبح 09:00 بجے تا شام 04:00 بجے تک، کلر، سہالہ کالج، نیوروات، بسالی، آرسی سی آئی 1,2,3، ریڈکو، ڈی ایچ اے ہومز، پنڈ جاتلہ، منصور شہید، ایچ پی ٹی 1، 2 فیڈرز، صبح 09:00 بجے تا دن 01:00 بجے تک، سٹی-1، اوپی ایف، اے ایس ایل، پی ایس ایل، سٹی انڈسٹریل، ایچ پی ٹی میرپور، سٹی تھری، سٹی ایکسپریس، جاتلاں ون، سٹی ٹو، اکال گڑھ، نیو انڈسٹریل، کرک، حتہ پانی، فتح پور، چڑھوئی فیڈرز، صبح 07:30 بجے تا شام 04:30 بجے تک، بیروٹ گالا، دربار مائی ٹھوٹھی، کھوئی رٹہ سٹی، چڑھوئی ایکسپریس، دانا بیال، چڑہوئی ڈھونگی، سری، سٹی، کڑیالہ، دندروٹ دبسی، ددوٹ، مجہان، سٹی ٹو فیڈرز اور گردونواح بند رہیں گے۔

بقیہ 51

خبر نہیں ہے فوڈ انسپکٹرز کو ہدایت جاری کی گئی ہے کہ آٹے کو دیگر شہروں میں بلیک کرنے والی آٹا مافیا کی مجھے فوری رپورٹ پیش کریں میں انکے خلاف سخت ایکشن لوں گا انکے لائسنس معطل کرنے کیساتھ ساتھ مقدمات درج بھی کروائے جائیں گے، اب تک کی دوکانداروں کیخلاف کارروائی میں لاہور سمیت پنجاب میں آٹا ڈیلروں کے چھ سو کے قریب لائسنس معطل کیے جا چکے ہیں، یہ ان لوگوں کے لائسنس معطل کیے گئے جو آٹے کی بلیک میں فروخت کرتے تھے، میڈیا اور ہمارا چولی دامن کا ساتھ ہے میڈیا نمائندگان آٹا بلیک کرنے والوں کی نشاندہی کریں آٹا مافیا کیخلاف بلاامتیاز کارروائیاں جاری رکھوں گا۔

بقیہ 52

آنے والی تیز رفتار کار نے بے قابو ہو کر ٹکر ماردی جسکے نتیجے میں وہ شدید زخمی ہو کر موقع پر دم توڑ گیا، نوجوان کی شناخت عابد حسین ولد نذر محمد سکنہ خالصہ کے نام سے ہوئی ہے، این این آئی کے مطابق واقعہ کی اطلاع ملنے پر ریسکیو 1122 موقع پر پہنچ گئی اور نوجوان کی لاش ہسپتال منتقل کر دی، پولیس نے قانونی کارروائی کا آغاز کر دیا ہے۔

بقیہ 53

زندہ برائلر مرغی کی قیمت 3 روپے اضافے سے 261 روپے فی کلو جبکہ فارمی انڈوں کی قیمت 282 روپے فی درجن پر مستحکم رہی۔

بقیہ 54

کی اس موقع پر اسکول کے ہیڈ ماسٹر محمد رضوان قریشی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ سندھ کی ثقافت ہزاروں سال پرانی ہے سندھ کا ثقافتی دن منانے کا ہمیں پورا سال بڑی بے صبری سے انتظار رہتا ہے یہ اس دن کو ہم عید کا دن سمجھ کر مناتے ہیں۔

بقیہ 55

اسلام کے آفاقی پیغام پر عمل پیرا ہو کر زندگیاں بسر کرنے کا عہد کریں، اسلام کے عادلانہ نظام کے نفاذ سے ہی ہم پاکستان کے دفاع اور نظریات کا تحفظ یقینی بنا سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اسلام بقائے باہمی کا دین ہے جو انسان تو دور کی بات سایہ دار درخت بھی بلاوجہ کاٹنے کی اجازت نہیں دیتا مگر یہود و ہنود اسلام کے اصل چہرے کو مسخ کرنے اور اس کی بڑھتی ہوئی مقبولیت سے خائف ہو کر اسے دہشتگردی سے جوڑنے کی جو مذموم کوششیں کر رہے ہیں ان کے خاتمہ کیلئے عالم اسلام کی قیادت کو مشترکہ کردار ادا کرنا ہوگا پاکستان اسلام کے نام پر حاصل کیا گیا اس کی سلامتی و آزادی اور خودمختاری کا تحفظ سیاسی و معاشی استحکام نظام نفاذ اسلام میں مضمر ہے۔

بقیہ 56

آفریدی نے مزید کہا کہ پاکستان نے ہمیشہ افغانستان کو ہر مشکل میں سپورٹ کیا ہے مجھے بہت خوشی ہوئی کہ دونوں ممالک کے درمیان تعلقات معمول پر آ گئے ہیں

بقیہ 57

ہونے والی طالبات میں سرٹیفکیٹس بھی تقسیم کئے۔ مہمان خصوصی نے پرسنلٹی ڈیولپمنٹ پروگرام کی کامیاب تکمیل پر طالبات کو مبارکباد پیش کی۔ انہوں نے ادارے میں تربیت کے اعلیٰ معیار کی تعریف کی اور معاشرے کی خواتین کی صلاحیتوں کو نکھارنے کے لئے فیکلٹی ارکان کی کاوشوں کو بھی سراہا۔ قبل ازیں فنشنگ اسکول کی ڈائریکٹر مس زیبا شوکت نے کورس کی تفصیلات سے آگاہ کرتے ہوئے اس کی نمایاں خصوصیات کو اجاگر کیا جن کا مقصد نوجوان بچیوں کو معاشرے کا مفید ممبر بنانا ہے۔ جولائی 1996 میں قائم کردہ پی اے ایف فنشنگ اسکول ایشیا میں اپنی طرز کا واحد ادارہ ہے جہاں خواتین کو مختلف کورسز بشمول کمیونیکیشن سکلز، لینگوئجز، مینجمنٹ، آرٹ آف سیلف پریزنٹیشن، ڈومیسٹک سائنسز، عمومی ثقافت، روایتی کھانے، آداب میزبانی، بچوں کی دیکھ بھال، نفسیات، اور روحانی افزودگی کے شعبہ جات میں عملی تربیت دی جاتی ہے۔ خواتین کی صلاحیتوں میں نکھار لانے اور ملک میں تعلیم کے فروغ کے لئے پفوا کا یہ ادارہ اپنی کوششوں میں سرگرم عمل ہے۔

بقیہ 58

مذکورہ ہاؤسنگ سوسائٹیوں میں بجلی، پانی، بیس، مسجد، پارک، قبرستان سمیت کوئی سہولت موجود نہیں دلکش اور سہانے خواب دکھا کر سادہ لوح افراد کو لوٹنے کا مذموم دھندہ عروج پر ہے، مذکورہ ہاؤسنگ سوسائٹی زرعی اراضی پر مشتمل ہے جس کا کوئی این او سی نہیں حاصل کیا گیا بلکہ مشتری حضرات کو زرعی اراضی کی رجسٹریاں کروانے کی اطلاعات عام ہیں، حکومت کی جانب سے گرین لینڈ کو ہاؤسنگ سوسائٹی بنانے پر سخت پابندی عائد ہونے کے باوجود راشی افسران کی سرپرستی میں متعدد غیر قانونی ہاؤسنگ سوسائٹی کی آڑ میں سینکڑوں افراد کروڑوں روپے لٹا چکے ہیں۔ کئی سالوں سے جاری اس مزموم دھندے میں محکمہ مال کے راشی افسران بھی ملوث ہیں جو غیر قانونی طور پر فردوں کا اجراء کر رہے ہیں۔ شہر اور قرب و جوار کی کسی بھی ہاؤسنگ سوسائٹی میں زندگی کی بنیادی سہولیات میسر نہیں ہیں لیکن اسکے باوجود سادہ لوح افراد کو پرکشش پیکج اور سہولیات کے سہانے خواب دکھا کر دونوں ہاتھوں سے لوٹا جا رہا ہے۔ جعلسازی اور دھوکہ دہی کے ذریعے رقوم بٹورنے والے عناصر کے خلاف کارروائی التواء کا شکار ہیں۔ ایل ڈی اے یا ٹی ایم اے سمیت کسی بھی ایجنسی سے منظوری کے بغیر عوام کو دھوکہ دے کر لوٹنے کا سلسلہ عروج پر ہے۔

بقیہ 59

روپے کے 2394 انعامات تقسیم کئے جائیں گے۔

بقیہ 60

چار لاکھ پاورلومز ہیں جن میں سے ڈھائی لاکھ صرف فیصل آباد میں ہیں۔ اب تک 30 سے 35 ہزار پاورلومز مکمل بند ہو چکی ہیں اور جو چل رہی ہیں وہ بھی نقصان میں چلا رہے ہیں کہ شاید حالات بہتر ہو جائیں۔ مزدور بے روزگار ہو رہے ہیں، بجلی کی قیمتوں اور ٹیکسوں میں غیر معمولی اضافے کے باعث پاورلومز انڈسٹری شدید متاثر ہو رہی ہے۔ پیداواری لاگت میں 40 اضافہ ہوا ہے جسے ہزاروں پاورلومز بند ہونے سے کاروبار ٹھپ جبکہ مزدور بے روزگار ہو رہے ہیں ابھی جزوی طور پر پاور لومز انڈسٹری بند ہو رہی ہے حالات ایسے ہی رہے تو مکمل بند ہو سکتی ہے۔ ایک طرف بجلی کی لوڈشیڈنگ سے مشینیں نہیں چل پا رہیں دوسری جانب بجلی کی قیمت فی یونٹ 44 روپے کردی گئی ہے۔ رواں سال 15 روپے فی یونٹ بجلی کی قیمت میں اضافہ ہوا ہے جس سے کپڑے کی پیداواری لاگت 49 فیصد تک بڑھ گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاور لومز کی جزوی بندش سے 40 فیصد پیداوار بھی کم ہوگئی ہے کیوں کہ ہم لاگت زیادہ ہونے کے باعث آرڈرز پورے نہیں کر پا رہے۔ ہمارے اخراجات اور لیبر کو مزدوری پوری نہیں مل رہی دوسری جانب بجلی کی لوڈشیڈنگ ہے جو آرڈر ملتے بھی ہیں وہ بروقت تیار نہیں ہو رہے۔ ٹیکس بھی بڑھا دیے گئے ہیں ان حالات میں اس انڈسٹری کو چلانا مشکل ہو چکا ہے۔

بقیہ 61

نے اس حوالے سے اپنے تاثرات میں کہا کہ الحمراء زبان و ادب اور تہذیب و تمدن کی ترویج کی ہر کاوش کی معاونت کو خدمت سمجھتا ہے۔ سیکرٹری باب پاکستان فاؤنڈیشن فرحت جبیں نے کہا کہ باب پاکستان فاؤنڈیشن ہر عمر کے افراد کے لئے فیملی کلچرل فیسٹیول میں سگمنٹ پیش کرے گا، فیسٹیول میں مہندی، چوڑیوں، کاٹن کینڈی، ساگ مکھن، جلیبی، گول گپے، فروٹ چاٹ، دہی بھلے کولڈ ڈرنگ، چائے و کافی دیگر روایتی اشیاء کے اسٹالز لگائے جائیں گے، بچوں کے لئے پلے لینڈ جبکہ گائیکی و شاعری کی نشستیں بھی ہونگی۔

بقیہ 62

ار 391 یونٹس تھی، جبکہ رواں مالی سال 2023-2022 کے پہلے پانچ ماہ میں گاڑیوں کی فروخت 66 ہزار 458 یونٹس تک محدود رہی جو گزشتہ سال کی اسی مدت میں ایک لاکھ 8 ہزار 635 یونٹس تھے۔ نومبر سے اکتوبر کے دوران سوزوکی کلٹس اور ویگن آر کی ایک ہزار سی سی سیگمنٹ کی فروخت میں اضافہ نہیں ہوا جبکہ ایک ہزار سی سی سے کم اور زیادہ سیگمنٹ والی گاڑیوں کی فروخت میں اضافہ دیکھا گیا۔ مالی سال 2023-2022 کے پہلے پانچ ماہ میں ہونڈا اٹلس لمیٹڈ (ہال) کی فروخت میں 7 ہزار 925 یونٹس کی آئی جو گزشتہ مالی سال 2022-2021 میں 13 ہزار 215 یونٹس تھے جبکہ دوسری جانب سوزوکی سوفٹ کی فروخت میں اضافہ ہوا جو 495 یونٹس سے 5 ہزار 712 یونٹس رہی۔ مالی سال 2021-2022 میں ٹویوٹا کرولا اور یارس کی فروخت 23 ہزار 975 یونٹس سے کم ہو کر 10 ہزار 186 یونٹس تک پہنچ گئی۔ مالی سال 2023-2022 میں سوزوکی کلٹس اور ویگن آر کی فروخت 2 ہزار 899 سے بڑھ کر 4 ہزار 88 یونٹس تک پہنچ گئی جو گزشتہ سال اسی مدت کے دوران 8 ہزار 768 سے 13 ہزار 105 یونٹس تھی۔

بقیہ 63

سیکرٹری جنرل رجسٹریشن برانچ ڈاکٹر بابر ڈوگر' پی ایس ٹو چیئرمین احسان احمد' ایس ٹی ایچ آفتاب احمد اور پی آر او ساجد حسین نقوی کے علاوہ دیگر متعلقہ افسران شریک ہوئے۔

بقیہ 64

مریض رپورٹ ہو چکے ہیں۔ گزشتہ چوبیس گھنٹوں کے دوران ڈینگی سے کوئی ہلاکت رپورٹ نہیں ہوئی۔ رواں سال اب تک پنجاب بھر میں ڈینگی بخار سے 49 ہلاکتیں رپورٹ ہوئی ہیں۔

بقیہ 65

ن خان کی جدوجہد کا محور ملک کو سیاسی قبضہ مافیا سے ہمیشہ کیلئے نجات دلانا ہے پوری قوم لوٹ مار مافیا کا اصل چہرہ پہچان اور قائد عمران خان کی قیادت میں متحد ہو چکی۔

ضروری تصحیح Corrigendum

میونسپل کمیٹی چکوال کا اشتہار بابت بھرتی آسامیاں مورخہ 13-11-2022 کو IPL # 11643 کے تحت روزنامہ ایکسپریس اسلام آباد میں شائع ہوا تھا جس کی اشاعت میں سیریل نمبر 7 پر درج آسامی سینٹری ورکر کی عمر کی حد ''18'' سے ''35 سال''، غلطی ہوگئی ہے۔ جبکہ درست عمر کی حد ''18 تا 25 سال'' ہے۔ جس کی تصحیح کی گئی ہے۔ شائع شدہ اشتہار کو درج بالا تصحیح کے ساتھ پڑھنا اور تصور کیا جائے۔ اشتہار کی دیگر تفصیلات وشرائط پہلے سے شائع شدہ اشتہار کے مطابق ہی رہیں گی۔

المشتہر: چوہدری تنویر عباس، چیف آفیسر (میونسپل کمیٹی چکوال) IPL 12674

الیکشن کراؤ ملک بچاؤ تحریک ہر پاکستانی کے دل کی آواز ہے، مبارک آفتاب گل

امپورٹڈ حکومت کی مایوس کن کارکردگی ، نا اہلی کی وجہ سے ملک تباہی کے دہانے پر کھڑا ہے

ملک پر قومی مجرموں کا ٹولہ مسلط ہے جو قوم کے وسائل کو بے دردی سے لوٹ کر بیرون ملک محلات خرید رہا ہے

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف اقلیتی ونگ کے سنیئر مرکزی رہنما مبارک آفتاب گل نے کہا ہے کہ الیکشن کراؤ ملک بچاؤ تحریک ہر پاکستانی کے دل کی آواز ہے، پاکستانی قوم کا ایک ہی مطالبہ ہے کہ ملک میں فوری صاف شفاف انتخابات کروائے جائیں، امپورٹڈ حکومت کی مایوس کن کارکردگی اور نا اہلی کی وجہ سے ملک تباہی کے دہانے پر کھڑا ہے۔ اپنے جاری بیان میں انہوں نے کہا کہ بلاول زرداری کو برون ملک دوروں اور عیاشیوں سے فرصت نہیں۔ ملک پر قومی مجرموں کا ٹولہ مسلط ہے جو قوم کے وسائل کو بے دردی سے لوٹ کر بیرون ملک محلات خرید رہا ہے عوام اپنے ووٹ کی طاقت سے انکا محاسبہ کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ فسطائی حکومت (بقیہ نمبر 31)

مرید کے، رکشے کی ٹکر سے موٹر سائیکل سوار شخص جاں بحق، بیٹا زخمی

حادثے میں باپ جاں بحق جبکہ بیٹا ہیلمٹ پہننے کی وجہ سے معمولی زخمی ہوا

مرید کے (این این آئی) جی ٹی روڈ پر موٹر سائیکل سوار باپ بیٹے کو رکشہ کو ٹکر مار دی، حادثے میں باپ جاں بحق جبکہ بیٹا ہیلمٹ پہننے کی وجہ سے معمولی زخمی ہوا۔ مرید کے جی ٹی روڈ پر کالا شاہ کاکو کے قریب پولیس چوکی کے بالمقابل ایک رکشہ نے کاموکے سے موٹر سائیکل پر وار برٹن جانیوالے باپ بیٹے کو ٹکر ماردی جس سے 60 سالہ شخص (بقیہ نمبر 30)

لاہور، لاری اڈہ کے قریب شہریوں کے گزرنے کیلئے بنائے گئے اوور ہیڈ برج پر دکانداروں نے قبضہ جمار کھا ہے

عوام امپورٹڈ حکومت سے نجات اور فوری انتخابات چاہتے ہیں، ڈاکٹر شاہد صدیق

الیکشن کراؤ ، ملک بچاؤ ریلیوں میں عوام کی بھرپور شرکت نے پی ڈی ایم پر عدم اعتماد کا اظہار کر دیا

چوروں کے ٹولے نے معیشت تباہ کر دی ہے، عمران خان پاکستان کیلئے لازم وملزوم ہیں، رہنما پی ٹی آئی

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے مرکزی رہنما ڈاکٹر شاہد صدیق خان نے کہا ہے کہ عوام امپورٹڈ حکومت سے نجات اور فوری انتخابات چاہتے ہیں، الیکشن کراؤ، ملک بچاؤ ریلیوں میں عوام کی بھرپور شرکت نے پی ڈی ایم پر عدم اعتماد کا اظہار کر دیا، چوروں کے ٹولے نے معیشت تباہ کر دی ہے، عمران خان پاکستان کیلئے لازم وملزوم ہیں۔ اپنے جاری بیان میں انہو ں نے کہا کہ عمرا(بقیہ نمبر 65)

بڑھتی مہنگائی اور مہنگا میٹریل سرکار کیلئے بھی دردسر بن گیا

بلدیات نے پنجاب سٹیز پروگرام پر کنٹریکٹرز کے مسائل پہ حکومت کو آگاہ کر دیا ہے

مکوآنہ (این این آئی) بڑھتی مہنگائی اور مہنگا میٹریل سرکار کے لیے بھی درد سر بن گیا، ٹھیکیداروں نے میٹریل مہنگا ہونے پر پنجاب سٹیز ڈویلپمنٹ پروگرام پر کام کرنے سے ہی انکار کر دیا۔ اے ڈی بی بینک پنجاب حکومت کو فیصل آباد سمیت بیشتر اضلاع کی ترقی، خوبصورتی اور واٹر سپلائی سمیت سیوریج کے نکاس کے منصوبوں (بقیہ نمبر 32)

لاہور، رنگ ساز کام نہ کرنے کی وجہ سے فٹ پاتھ پر پریشان بیٹھے ہی

سرگودھا، نجی محفل میں پولیس اہلکار کی رقاصہ کیساتھ ڈانس کی ویڈیو وائرل، اہلکار معطل

سرگودھا (این این آئی) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سرگودھا نے نجی محفل میں پولیس اہلکار کی رقاصہ کے ساتھ ڈانس ویڈیو وائرل ہونے کے معاملہ کا نوٹس لیتے ہوئے اہلکار کو معطل کر کے فوری تحقیقات کا حکم دے کر اے ایس پی سے تین روز میں رپورٹ طلب کر لی۔ زرائع کے مطابق سرگودھا کی نجی محفل میں سیکورٹی برانچ ڈی پی او آفس کا اہلکار عمران (بقیہ نمبر 33)

سستا روسی تیل پاکستان کے معاشی دباؤ کو کم کرنے میں مددگار ہوگا، فاؤنڈر گروپ

لاہور (این این آئی) فاؤنڈر گروپ کے سرگرم رکن و پاکستان سٹون ڈویلپمنٹ کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کے رکن خادم حسین نے روس سے تیل کی فراہمی کیلئے مذاکرات کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا ہے کہ سستا روسی تیل پاکستان کے معاشی دباؤ کو کم کرنے میں مددگار ثابت ہوگا۔ ان (بقیہ نمبر 35)

گرلز ڈگری کالج کوٹری میں اسٹوڈینٹس ویک کا پروفیسر رخسانہ جونیجو نے ربن کاٹ کر افتتاح کیا

کوٹری (عائشہ پرویز) گورنمنٹ گرلز ڈگری کالج کوٹری میں اسٹوڈینٹس ویک کا آغاز ہوگیا ہے۔ کالج کی پرنسپل پروفیسر رخسانہ جونیجو نے تمام ٹیچرز کے ہمراہ ربن کاٹ کر افتتاح کیا۔ انہیں آرگنائزنگ کمیٹی کی جانب سے پروفیسر عصمت بانو نے گلدستہ پیش کیا۔ اس موقع پر انہوں نے اپنے خطاب میں کہا کہ اس طرح کے مقابلوں سے طالبات کی معلومات اضافہ ہوگا جس سے انہیں مزید آگے بڑھنے میں مدد ملے گی اور وہ اس طرح (بقیہ نمبر 38)

ایف آئی اے سائبر کرائم سرکل فیصل آباد کی کارروائیاں

4 ملزمان گرفتار کر لئے، ملزمان متعدد شہریوں سے 2390000 روپے بٹور چکے تھے

مکوآنہ (این این آئی) سائبر کرائم سرکل فیصل آباد نے مختلف کارروائیوں میں 4 ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ تفصیلات کیمطابق ملزمان فیس بک پر بیرون ملک ملازمت کے جعلی اشتہار لگاتے تھے۔ ملزمان بیرون ملک ملازمت کا جھانسہ دے کر شہریوں سے لاکھوں روپے بٹورنے میں ملوث تھے۔ ملزمان متعدد شہریوں سے 2390000 روپے بٹور چکے تھے۔ گرفتار ملزمان علی اصغر، آصف بلال، شبیر اور محمد اقبال شامل ہیں۔ ملزمان کو چنیوٹ سے گرفتا(بقیہ نمبر 36)

فیصل آباد: ڈاکوؤں اور پولیس میں مقابلہ، بدنام زمانہ ڈکیت گرفتار

سید خالد محمود کی جرائم پیشہ عناصر کا دلیری سے مقابلہ کرنے پر پولیس پارٹی کو شاباش

مکوآنہ (این این آئی) فیصل آباد: تھانہ روڈالہ کے علاقہ میں ڈاکوؤں اور پولیس کے درمیان مقابلہ سمندر پھاٹک کے قریب بدنام زمانہ ڈکیت کراس فائرنگ کے بعد گرفتار ہوئے۔ پولیس کو اطلاع ملتے ہی پولیس نے ڈاکوؤں کا تعاقب کیا۔ پولیس کو دیکھ کر ملزمان نے فائرنگ کرتے ہوئے فرار ہونے کی کوشش کی۔ پولیس نے ڈاکوؤں کا بہادری سے مقابلہ کیا اور 02 خطرناک ڈاکوؤں گرفتار کر لیے۔ سٹی پولیس آفیسر سید خالد محمود ہمدانی نے فوری کارروائی اور جرائم پیشہ عناصر کا دلیری سے مقابلہ کرنے پر پولیس پارٹی کو شاباش دی۔ آفیسر سید خالد محمود ہمدانی نے فوری کارروائی اور جرائم پیشہ عناصر کا دلیری سے (بقیہ نمبر 37)

گورنمنٹ گرلز ڈگری کالج کوٹری میں اسٹوڈینٹس ویک کا پرنسپل پروفیسر رخسانہ جونیجو ربن کاٹ کر افتتاح کر رہی ہیں۔ پروفیسر زیب شاہ، شکیلہ میمن، آرگنائزنگ کمیٹی ممبر نصرت ابڑو ساتھ ہیں۔ دوسری جانب انہیں آرگنائزنگ کمیٹی کی جانب سے پروفیسر عصمت بانو گلدستہ پیش کر رہی ہیں۔ پروفیسر شکیلہ میمن، ڈائریکٹر فزیکل ایجوکیشن عائشہ ارم بھی موجود ہیں۔

غیر نمونہ نمبر پلیٹس کیخلاف کریک ڈاؤن، سٹی ٹریفک پولیس کی ٹیمیں تشکیل

نمبر پلیٹس پر ٹیمپرنگ، جعلی اور واضح نمبر نہ ہونے پر کوئی عذر قبول نہیں، مقدمات بھی درج ہونگے، سی ٹی او

ایسی تمام وہیکلز جن پر نمبر پلیٹس ایکسائز کے نمونے کے مطابق لگیں ہونگیں ان کا چالان نہیں کیا جائیگا

لاہور (این این آئی) چیف ٹریفک آفیسر لاہور ڈاکٹر اسد ملہی نے فینسی، اپلائیڈ فار، بوگس اور غیر نمونہ نمبر پلیٹس کے خلاف کریک ڈاؤن کا حکم دیتے ہوئے سٹی ٹریفک پولیس کی 17 مخصوص ٹیمیں تشکیل دے دیں۔ اس حوالے سے انہوں نے کہا کہ نمبر پلیٹس پر ٹیمپرنگ، جعلی اور واضح نمبر نہ ہونے پر کوئی عذر قبول نہیں، فینسی نمبر پلیٹس لگانے کی بھی ہرگز اجازت نہیں۔ گاڑی کی نمبر(بقیہ نمبر 43)

ایس ایچ او تھانہ گوجرخان اور انکی ٹیم کی اہم کاروائی متاثرہ شخص کو 27 لاکھ کی ریکوری کروادی

گوجرخان (قمر شہزاد) تفصیلات کے مطابق ایس ایچ او تھانہ گوجرخان ملک نذیر احمد گھیبہ اور انکی ٹیم نے ایک اہم کاروائی کرتے ہوئے سگے چچا کو دکان فروخت کر کے رقم وصول کرنے کے بعد دوبارہ اس دکان کے تالے توڑ کر رقم چوری کرنے اور دکان پر دوبارہ قبضہ کرنے والے ملزمان کو گرفتار کر کے ان سے دکان کی فروخت کی مد میں لی (بقیہ نمبر 45)

ہاتھ سے لکھے گئے دنیا کے سب سے بڑے مترجم رنگین قران پاک کی نمائش کا افتتاح

مکوآنہ (این این آئی) فیصل آباد کے معروف خطاط امتیاز حیدر شاہ نورانی کے ہاتھ سے لکھے گئے 40 فٹ لمبے، ساڑھے 8 فٹ چوڑے اور 31 صفحات پر مشتمل دنیا کے سب سے بڑے مترجم رنگین قران پاک کی نمائش کا افتتاح کیا اور قران پاک کی زیارت کی۔ اس موقع پر پیر امتیاز شاہ نورانی، پرنسپل ادارہ پروفیسر شمشاد خان، پروفیسر عمران بھی موجود تھے۔ نمائش میں عوام الناس، طلباء و طالبات نے کثیر تعداد میں شرکت کی اور ضلعی (بقیہ نمبر 46)

آیان
ووڈ ورکس اینڈ فرنیچر ہاؤس
عامر محمود 0311-5185882
فیاض احمد 0300-7817756
ہمارے ہاں، کھڑکیاں،، دروازے، اٹالین کچن المارياں، ریلنگ، پیلنگ، فرنیچر اور لکڑی کا ہر قسم کا کام انتہائی مناسب ریٹ پر کیا جاتا ہے
نیز کوٹھیوں، مکانوں اور آفس فینسی سے فینسی کام تسلی بخش کیا جاتا ہے
ایک بار وزٹ ضرور کروائیں

ناصر CNG اینڈ آٹو ورکشاپ
CNG اور آٹو پارٹس دستیاب ہیں
فری آئل چینج
مکینک: ناصر محمود 0332-5683901 0345-5259129
مکینک ظفر اقبال 0343-6818018

سرگودھا، موٹر سائیکل اور ٹریکٹر ٹرالی میں تصادم

موٹر سائیکل سوار شادی شدہ خاتون جاں بحق، ڈرائیور گرفتار

سرگودھا (این این آئی) موٹر سائیکل اور بجری سے لوڈ ٹریکٹر ٹرالی کے تصادم میں موٹر سائیکل سوار شادی شدہ خاتون جاں بحق اور اسکا بھانجے سمیت دو افراد شدید زخمی ہو گیا جن کو ہسپتال منتقل کر کے متوفیہ کی نعش ضروری کاروائی کے بعد ورثاء کے سپرد کر کے ڈرائیور کو گرفتار کرتے ہوئے پولیس مصروف تفتیش ہے۔ زرائع کے مطابق سرگودھا (بقیہ نمبر 34)

لاہور، شہری لنڈا بازار سے خریداری کر رہے ہیں

فیصل آباد، بیوی کو طلاق دیئے بغیر سالی سے جعلی نکاح کرنے والے اوباش نوجوان کے خلاف مقدمہ درج

مکوآنہ (این این آئی) فیصل آباد بیوی کو طلاق دیئے بغیر سالی سے جعلی نکاح کرنے والے اوباش نوجوان کے خلاف مقدمہ درج، پولیس نے ملزم ارشد کی تلاش شروع کر دی۔ تفصیلات کے مطابق غلام محمد آباد کے علاقہ محلہ عثمان غنی کی رہائشی نیلم بی بی نے پولیس رپورٹ میں بتایا کہ کچھ عرصہ قبل ملزم ارشد نے اس سے شادی کی تھی بعدازاں چھوٹی بہن (بقیہ نمبر 39)

سرگودھا، تین بیٹیوں کو قتل کرنے والے قاتل باپ کو تین بار سزائے موت اور 15 لاکھ جرمانے کی سزا

سرگودھا (این این آئی) بیٹا پیدا نہ ہونے پر اپنی تین بیٹیوں کو قتل کرنے کے مقدمہ کا فیصلہ سناتے ہوئے عدالت نے قاتل باپ کو تین بار سزائے موت اور پندرہ لاکھ روپے جرمانہ کی سزا کا حکم سنا دیا۔ ریجن کے علاقہ داؤدخیل میں بیٹا پیدا نہ ہونے پر ہر ڈلیوری پر بیوی سے جھگڑا میں گزشتہ سال 2 مئی (بقیہ نمبر 40)

محکمہ محنت کی سرپرستی میں مزدوروں کا معاشی استحصال جاری

درجنوں فیکٹریاں سرکاری مقرر کردہ تنخواہیں ادا کرنے سے قاصر

رائے ونڈ (این این آئی) محکمہ محنت کی سرپرستی میں مزدوروں کا معاشی استحصال جاری، درجنوں فیکٹریاں سرکاری مقرر کردہ تنخواہیں ادا کرنے سے قاصر، مزدور طبقہ مہنگائی کی چکی میں پس گیا، پنجاب ایمپلائز سوشل سکیورٹ انسٹی ٹیوشن کے افسران کی ملی بھگت سے کروڑوں روپے ماہانہ کنٹری بیوشن چوری ہونے لگا۔ تفصیلات کے مطابق ضلع لاہور میں قائم سینکڑوں صنعتی اداروں میں کام کرنے والے لاکھوں مزدوران دنوں سرکاری سطح پر علاج معالجہ کی سہولت سے یکسر محروم ہیں جسکی وجہ سے وہ نجی ہسپتالوں اور کلینک سے (بقیہ نمبر 41)

سید نواب آفریدی کا ایکسائز ٹیکسیشن اینڈ نارکوٹکس کنٹرول کے ضلعی دفتر کا دورہ

خیبر کے عوام کو گھر کے دہلیز پر رجسٹریشن کی سہولت فراہم کی جارہی ہے

ضلع خیبر (اکبر آفریدی) تحصیل چیئرمین جمرود الحاج سید نواب آفریدی کا ایکسائز ٹیکسیشن اینڈ نارکوٹکس کنٹرول کے ضلعی دفتر کا دورہ الحاج سید نواب آفریدی نے ایکسائز ٹیکسیشن اینڈ نارکوٹکس کنٹرول آفیسر خالد خان سے ملاقات کی۔ ملاقات میں رجسٹریشن اور دیگر امور میں عوام کو سہولیات وآسانی فراہم کرنے کے حوالے سے تفصیلی گفتگو ہوئی جبکہ علاقے میں منشیات کے روک تھام کے حوالے سے بھی گفتگو ہوئی۔ ایکسائز آفیسر خالد خان نے تحصیل چیئرمین الحاج سید نواب آفریدی کو یقین دہانی کرائی کہ انشااللہ ضلع (بقیہ نمبر 42)

کھاریاں، پولیس کی جرائم پیشہ عناصر کیخلاف کارروائیاں

چوری کی وارداتوں میں ملوث 2 مجرمان اشتہاریوں سمیت 3 رکنی گینگ گرفتار

کھاریاں (این این آئی) ڈکیتی و موٹر سائیکل چوری کی وارداتوں میں ملوث 2 مجرمان اشتہاریوں سمیت 3 رکنی گینگ گرفتار 3 عدد موٹر سائیکل، لوڈر رکشہ، 1 لاکھ 25 ہزار روپے نقدی اور واردتوں میں استعمال ہونے والا اسلحہ 3 عدد پسٹل برآمد۔ تفصیلات کے مطابق ڈی پی او گجرات سید غضنفر علی شاہ نے ڈکیتی وموٹر سائیکل چوری کی وارداتوں میں ملوث متحرک گینگز کی گرفتاری کے لئے ڈی ایس پی سرائے عالمگیر سرکل آصف ندیم کی زیرنگرانی ایس ایچ او تھانہ صدر سرائے عالمگیر SI مجاہد عباس و دیگر پولیس ملازمین پر مشتمل خصوصی ٹیم تشکیل دی، جنہوں نے جدید ٹیکنالوجی اور پیشہ ورانہ مہارت کو بروئے کار لا کر ڈکیتی و موٹر سائیکل چوری کی وارداتیں کرنے والا 3 رکنی گینگ گرفتار کر لیا۔ گرفتار ملزمان میں 1۔ محمد احسن ولد عبدالوحید سکنہ گڑھا جٹاں 2۔ ذولقرنین ذوالفقار ولد محمد ذوالفقار سکنہ گڑھا جٹاں (اشتہاری مجرم) 3۔ حسنین ذوالفقار ولد ذوالفقار سکنہ گڑھا جٹاں (اشتہاری مجرم) (بقیہ نمبر 44)

لاہور، خانہ بدوش بچیاں دریائے راوی کے کنارے لگے ہینڈ پمپ سے پانی بھر رہی ہیں

اداروں کو اپنی تنقید کا نشانہ بنانے والا عمران خان ایک مرتبہ پھر اداروں کو سیاست میں آنے کی دعوت دے رہا ہے

شکرگڑھ (این این آئی) پیپلز پارٹی کی سابق امیدوار صوبائی اسمبلی ظل ہما نے کہا ہے کہ اداروں کو اپنی تنقید کا نشانہ بنانے والا عمران خان ایک مرتبہ پھر اداروں کو سیاست میں آنے کی دعوت دے رہا ہے (بقیہ نمبر 47)

سانگلہ ہل 7 سٹار شوگر ملز شہر میں آلودگی پھیلانے کا باعث بن گئی

ننکانہ صاحب (این این آئی) سانگلہ ہل 7 سٹار شوگر ملز شہر میں آلودگی پھیلانے کا باعث بن گئی مل کی چمنی سے اٹھنے والے دھویں اور راکھ سے شہری بیماریوں کا شکار ہونے لگے محکمہ ماحولیات اور دیگر انتظامیہ لمبی تان کر سو گئی شہریوں نے احتجاج (بقیہ نمبر 48)

دریاؤں اور آبی ذخیروں میں پانی کی صورتحال

سندھ میں تربیلا کے مقام پر آمد 21 ہزار 300 کیوسک رہا

لاہور (این این آئی) تربیلا، منگلا اور چشمہ کے آبی ذخائر میں پانی کی آمد واخراج، ان کی سطح اور بیراجوں میں پانی کے بہاؤ کی صورتحال حسب ذیل رہی۔ دریائے سندھ میں تربیلا کے مقام پر آمد 21 ہزار 300 کیوسک اور اخرج 42 ہزار کیوسک، دریائے کابل میں نوشہرہ کے مقام پر آمد 8 ہزار 600 کیوسک اور اخراج 8 ہزار 600 کیوسک، (بقیہ نمبر 49)

ایڈیٹر انچیف۔۔محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل الہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔ 0309-7900035

24 گھنٹوں کے دوران صوبہ بھر سے ڈینگی کے 17 مریض رپورٹ

گوجرانولہ سے 5 جبکہ راولپنڈی اور فیصل آباد سے 3،3 کیسز رپورٹ ہوئے

لاہور (این این آئی) گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران صوبہ بھر سے ڈینگی کے 17 مریض رپورٹ ہوئے۔ ترجمان محکمہ صحت کے مطابق لاہور سے 6، گوجرانولہ سے 5 جبکہ راولپنڈی اور فیصل آباد سے 3، 3 کیسز رپورٹ ہوئے۔ پنجاب بھر میں اب تک ڈینگی کے 18,948 (بقیہ نمبر 64)

گاڑیوں کی فروخت میں سالانہ بنیادوں پر مجموعی طور پر 39 فیصد کمی

مالی سال کے پہلے پانچ ماہ میں گاڑیوں کی فروخت 66 ہزار 458 یونٹس تک محدود رہی رپورٹ

لاہور (این این آئی) رواں مالی سال نومبر میں ماہانہ بنیادوں پر گاڑیوں، جیپ اور پک اپ گاڑیوں کی فروخت میں 36 فیصد بہتری کے باوجود رواں مالی سال کے پہلے پانچ ماہ میں سالانہ بنیادوں پر مجموعی طور پر 39 فیصد کمی ریکارڈ کی گئی ہے۔ رپورٹ کے مطابق اکتوبر میں گاڑیوں کی فروخت 13 ہزار 502 یونٹس رہی جوکہ نومبر میں 18 ہزار (بقیہ نمبر 62)

لاہور، ڈھولچی کام نہ کرنے کی وجہ سے پریشان بیٹھے ہیں

ایجوکیشن بورڈ فیصل آباد نے امتحان میٹرک (سیکنڈ) سالانہ 2022ء کے نتائج کا اعلان کر دیا

مکوآنہ (این این آئی) بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن فیصل آباد نے امتحان میٹرک (سیکنڈ) سالانہ 2022ء کے نتائج کا اعلان کر دیا۔ نتائج کی سادہ و پروقار تقریب سیکرٹری بورڈ ڈاکٹر سلیم تقی شاہ کی زیرصدارت منعقد ہوئی جس میں کنٹرولر امتحانات نوید حسین قریشی ' ڈپٹی (بقیہ نمبر 63)

محکمہ اطلاعات وثقافت پنجاب زندہ دلان لاہور کیلئے 16 دسمبر سے تین روزہ فیملی کلچرل فیسٹیول کا انعقاد کریگا

لاہور (این این آئی) محکمہ اطلاعات وثقافت پنجاب زندہ دلان لاہور کے لئے 16 دسمبر سے تین روزہ فیملی کلچرل فیسٹیول کا انعقاد کریگا۔ باب پاکستان فاؤنڈیشن اور الحمراء آرٹس کونسل اور پنجاب آرٹس کونسل مشترکہ طور پر عظیم الشان فیسٹیول کو سجائیں گے۔ فیملی کلچرل فیسٹیول کی تین روزہ تقریبات باب پاکستان فاؤنڈیشن والٹن روڈ پر ہونگی۔ ایگزیکٹو ڈائریکٹر الحمراء ذوالفقار علی زلفی (بقیہ نمبر 61)

فیصل آباد: بجلی کی قیمتوں اور ٹیکسوں میں غیر معمولی اضافہ

پاکستان میں مجموعی طور پر تین سے چار لاکھ پاور لومز ہیں جن میں سے ڈھائی لاکھ صرف فیصل آباد میں ہیں

رائے ونڈ، خواتین لنڈا بازار سے خریداری میں مصروف ہیں

مکوآنہ (این این آئی) بجلی کی قیمتوں اور ٹیکسوں میں غیر معمولی اضافے کے باعث فیصل آباد میں اب تک 30 سے 35 ہزار پاور لومز مکمل بند ہوچکی ہیں پاور لومز انڈسٹری کیلئے بجلی کی قیمت فی یونٹ 44 روپے کر دی گئی ہے۔ رواں سال 15 روپے فی یونٹ بجلی کی قیمت میں اضافہ ہوا ہے اس سلسلہ میں سابق چیئرمین آل پاکستان کاٹن پاور لومز ایسوسی ایشن، سابق صدر ایف سی سی آئی چوہدری محمد نواز کا کہنا ہے کہ پاکستان میں مجموعی طور پر تین سے (بقیہ نمبر 60)

رائے ونڈ میں گرین لینڈ کا تیزی سے خاتمہ

غیر قانونی ہاؤسنگ سوسائٹیز کی بھرمار سے شہری لٹنے لگے

رائے ونڈ (این این آئی) رائے ونڈ میں گرین لینڈ کا تیزی سے خاتمہ، غیر قانونی ہاؤسنگ سوسائٹیز کی بھرمار سے شہری لٹنے لگے۔ تفصیلات کے مطابق رائے ونڈ تحصیل میں درجنوں غیر قانونی ہاؤسنگ سوسائٹیز کی بھرمار سے سادہ لوح شہری لٹنے لگے، سرمایہ داروں اور لینڈ مافیا کی ملی بھگت سے رائے ونڈ میں غیر قانونی رہائشی منصوبوں کی آڑ میں لوگوں کی جمع پونجی لوٹی جارہی ہے۔ قومی اخبارات میں ایل ڈی اے کی جانب سے جاری اشتہارات کی اشاعت کے باجود رائے ونڈ اور قرب جوار کے علاقوں کی زرعی اراضی پر مقامی لینڈ مافیا اور سرمایہ داروں نے رہائشی کالونیاں تعمیر کر کے انکی غیر قانونی فروخت شروع کر دی ہے۔ (بقیہ نمبر 58)

200 روپے مالیت کے انعامی بانڈز کی قرعہ اندازی کل ہوگی

لاہور (این این آئی) 200 روپے مالیت کے قومی انعامی بانڈز کی قرعہ اندازی 15 دسمبر کو ہو گی۔ 200 روپے مالیت کے بانڈز کا پہلا انعام 7 لاکھ 50 ہزار روپے کا 1، دوسرے انعام میں اڑھائی لاکھ روپے کے 5 جبکہ تیسرے میں 1250 (بقیہ نمبر 59)

پی اے ایف فنشنگ اسکول اسلام آباد میں گریجویشن تقریب کا انعقاد

ملک میں تعلیم کے فروغ کے لئے پفوا کا یہ ادارہ اپنی کوششوں میں سرگرم عمل ہے

اسلام آباد (نامہ نگار) پی اے ایف فنشنگ اسکول کے 52 ویں کورس کی گریجویشن تقریب آفیسرز میس، پی اے ایف کمپلیکس اسلام آباد میں منعقد ہوئی۔ بیگم مریم بابر جو کہ پاکستان ائیر فورس ویمن ایسوسی ایشن (پفوا) کی صدر اور پی اے ایف فنشنگ اسکول کی سرپرستِ اعلیٰ بھی ہیں اس تقریب کی مہمان خصوصی تھیں۔ مہمان خصوصی نے گریجویٹ (بقیہ نمبر 57)

پاکستان نے ہمیشہ افغانستان کو ہر مشکل میں سپورٹ کیا ہے

ضلع خیبر اکبر آفریدی ڈپٹی چیرمین سینٹ حاجی مرزا محمد آفریدی نے کہا کہ پاکستان اور افغانستان کے تعلقات میں بہتری ان دو ملکوں تک ہی محدود نہیں بلکل پورے خطے کی علاقائی سلامتی بنیادی طور پر افغانستان کے امن سے جڑی ہیں حاجی مرزا محمد (بقیہ نمبر 56)

پی اے ایف فنشنگ اسکول کے 52 ویں کورس کی گریجویشن تقریب آفیسرز میس، پی اے ایف کمپلیکس اسلام آباد میں منعقد ہوئی

نبی کریمؐ کی سیرت انسانیت کیلئے سرچشمہ ہے، مولانا علیم الدین شاکر

اسلام کے نام پر بننے والے ملک میں سب نظام نا کام ہو چکے، شریعت کا نظام ہی تمام مسائل کا حل ہے

سلامتی و آزادی اور خود مختاری کا تحفظ سیاسی و معاشی استحکام نظام نفاذ اسلام میں مضمر ہے

لاہور (این این آئی) خلیفہ مجاز سید نفیس الحسن شاہؒ، عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت لاہور کے ناظم اعلی، مہتمم جامعہ فاطمۃ الزاہر للبنات مولانا علیم الدین شاکر نے کہا ہے کہ نبی کریم کی سیرت انسانیت کیلئے سرچشمہ رشد و ہدایت ہے، اسلام کے نام پر بننے والے ملک میں سب نظام نا کام ہو چکے ہیں شریعت کا نظام ہی تمام مسائل کا حل ہے، مسلمانوں کی زبوں حالی صرف اور صرف اسلامی تعلیمات سے روگردانی کے باعث ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جامع مسجد احمد علی لاہوری اچھرہ میں درس قرآن میں خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے مزید کہا کہ اسلام پاکستان اور مسلمانوں کے خلاف بڑھتی ہوئی عالمی سازشوں اور طاغوتی طاقتوں کا مقابلہ کرنے کیلئے ضروری ہے کہ ہم (بقیہ نمبر 55)

گورنمنٹ بوائز پرائمری اسکول ہذا گلشن لطیف میں ثقافتی تقریب منعقد کی گئی

ڈگری (رپورٹ احمد عاصم آرائیں) گورنمنٹ بوائز پرائمری اسکول ہذا گلشن لطیف میں ثقافتی تقریب منعقد کی گئی تقریب کے موقع پر بچوں نے ثقافتی لباس پہن کر ٹیبلوز اور تقاریر پیش (بقیہ نمبر 54)

راجووال، منرل واٹر فروخت کرنے والا نوجوان تیز رفتار کار کی ٹکر سے جاں بحق

راجووال (این این آئی) تیز رفتار کار نے سڑک پر پانی فروخت کرنے والے نوجوان کو ٹکر مار کر موت کے گھاٹ اتار دیا۔ تفصیلات کے مطابق گوگیرہ بوائز کالج کے سامنے پانی والی ٹرالی کھڑی کر کے منرل واٹر فروخت کرنے والے نوجوان کو پیچھے سے (بقیہ نمبر 52)

آئیسکو ریجن میں بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس 14 دسمبر 2022ء عارضی بجلی بندش کا شیڈول

اسلام آباد (نامہ نگار) اسلام آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (آئیسکو) کے ترجمان کی جانب سے جاری کردہ پریس ریلیز کے مطابق بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس / ڈویلپمنٹ ورکس آئیسکو ریجن کے اسلام آباد، راولپنڈی، اٹک، چکوال اور جہلم سرکلز کے مختلف علاقوں کو بجلی سپلائی کرنے والے فیڈرز پر درج ذیل شیڈول کے مطابق بجلی کی سپلائی عارضی طور پر معطل رہے گی۔ مورخہ 14 دسمبر، صبح 09:00 بجے تا دن 02:00 بجے (بقیہ نمبر 50)

A Name of Quality & Trust
HASSAN Consultant
Architects & Engineers
The Best House for your Family
اپنے گھر، پلازہ، بلڈنگ دوکانات کے کمپیوٹرائزڈ نقشہ جات بنوانے کیلئے تشریف لائیں
M. Hassan Shahzad
Chief Executive Officer
0303-2167236
0311-8700236
Office: Patha mandi Chowk 14 Block sargodha.